مدینۃ اولیاء ملتان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روحانی جریدہ

جون 2017

تحفۂ روحانیات

روحانی ماہنامہ

رمضان المبارک میں عبادات ریاضت

سالانہ زکات سورۃ مزمل

رمضان کریم

فضیلت شب قدر

چکن گونیا کا روحانی علاج

زکوۃ مال وزر

صلوۃ تسبیح پڑھنے طریقہ

چیف ایڈیٹر و بانی ادارہ روحانیات

محمد ایاز مزمل حسین شاہ

قیمت 60 روپے

عملیات پر صدیوں پرانی

نایاب ونادر قلمی بیاضیں

برائے مہربانی کتاب وی پی کرنے پر اصرار نہ کریں۔ڈاک خرچ 50 روپے علیحدہ ہوگا

نام کتاب	تعارف
مجموعہ علم جفر، نجوم، عملیات (فارسی) 800 روپے	علم نجوم کے نقطۂ بزرگوں کا نایاب تحفہ، قلمی کا عکس
مراۃ النجوم 700 روپے	حکیم غلام قادر کی مشہور زمانہ نایاب کتاب، لاہور
لگن آفتاب (حصہ اول) 550 روپے	پنڈت دیوی دیا جوتشی کی ہندی نجوم پر قدیمی کتاب، لاہور طبع قدیم
لطیف النجوم 600 روپے	نجوم پر ایک مکمل کتاب حیدرآباد دکن 1939ء
علم نجوم اور علم عجیبہ 700 روپے	قسمت کا حال، بھاگیا چکر، طلسمات، قلمی کا عکس
ستاروں کی تاثیر 600 روپے	لکی نمبرز کے کلیہ جات، علم نجوم کے ہیئت، 1355ء
سراج الرمل (فارسی) 650 روپے	نجوم پر ایک نایاب کتاب، کانپور 1908ء
خلاصۃ النجوم 650 روپے	ہندی نجوم کے قاعدے، گرہ لگن پنچھتر وغیرہ، لکھنو 1915ء
جوتش سار مالا 700 روپے	پنڈت کرشن کمار کتھیلی کی نایاب تخلیق، امرتسر
جوتش کا قاعدہ 600 روپے	پنڈت رگھناتھ داس جوتشی، قواعد جوتش، لاہور
پرشن آفتاب 660 روپے	پنڈت دیوی دیا جوتشی، سوال کا جواب جوتش سے، لاہور مطبوعہ قدیم
انتخاب النجوم 560 روپے	ماہنامہ برائے اودھی، علم نجوم پر قابل تعریف محنت، کانپور
آسان جوتش باتصویر 650 روپے	بخشی ویت پرکاش شبھ اور اشبھ مہورت نکالنا، کمیاب
ابجد النجوم 650 روپے	سید ابوالحسن کی ایک قابل تعریف کاوش، لاہور

نام کتاب	تعارف
الخجوم 800 روپے	نہ بھلانے والی تحقیق، نجوم کی مکمل تعریف، قلمی کا عکس
کوک شاستر 1200 روپے	شاستروں پر تحریر کردہ راز کا خزانہ
عملیات قریشی 650 روپے	مجرب اعمال جن کی تلاش رہتی ہے (ڈاکٹر محمد ابراہیم)
طلسمات منازل قمر 650 روپے	قمری منازل کے طلسمات محمد عبداللہ، لکھنو چوک
بیاض عملیات 800 روپے	ذاتی مجربات علامہ شاد گیلانی
علاج مقناطیس 1300 روپے	ایسی قوتوں سے علاج کرنا جو انسان کے اندر پوشیدہ ہوں
ٹیلی پیتھی (حصہ اول) 600 روپے	پوشیدہ قوتوں کو بروئے کار لاکر کامیاب زندگی گزارنا
ٹیلی پیتھی سیکھیے 1100 روپے	ارتکاز توجہ اور یکسوئی کی آسان مشقیں
گلزار تعویزات 750 روپے	تعویزات کی ایسی کتاب جس میں آسان عملیات
سورۃ مزمل سے مشکلات کا حل 650 روپے	ہر آیت سے متعلق مختصر اعمال
عملیات کلام پاک 650 روپے	قرآن پاک سے مختلف بیماریاں، مشکلات کا حل (ثناءاللہ قادری چشتی)
عملیات فاروقی 650 روپے	مولانا بشیر احمد کی نہ بھولنے والی کاوش
اعمال قرآنی 700 روپے	قرآنی اعمال پر منتخب کتاب
محفل حاضرات 1050 روپے	حاضرات کے مختلف طریقے اور ان کے قواعد

نام کتاب	تعارف
مفتاح الحاجات 1050 روپے	نادر عملیات کا خزانہ
جامع الاسرار 600 روپے	وہ اعمال جن کی اکثر تلاش رہتی ہے
تحفہ مشکل کشاء 650 روپے	روزمرہ زندگی میں پیش آنے والی مشکلات کا آسان حل
علاج بذریعہ جنتر منتر تنتر 570 روپے	پیچیدہ امراض اور مسائل کا حل، تحریر:۔ بی آر ورما
حصول محبوب کے نایاب اور مجرب اعمال	حب سربستہ راز 650 روپے
طلسمات اور عملیات پر قدیمی کتاب	ذخیرہ سکندر ذوالقرنین 670 روپے
طلسمات کا خزانہ جس کے بعد کسی اور کی ضرورت نہیں	چشمہ طلسم 700 روپے
قرانی فالنامہ و قرآنی عملیات	صبح کا ستارہ 600 روپے
عملیات، مسخرات خاص و عام پر مشتمل کتاب	عمل تسخیر نظر 700 روپے
خاص عملیات کا مجموعہ	صحیفۃ الانوار 450 روپے
نجوم پر تحریر ہونے والی قدیمی کتب 1921ء	تاثیرات اجتماع سیارگان 750 روپے
حروف مقطعات پر لکھی جانے والی جامع کتاب	عملیات مقطعات 650 روپے
زندگی میں مجرب مسخرات کا ایک ہی عمل کافی ہوتا ہے یہ عملیات کا خزانہ ہے	عزیز الخلائق 550 روپے
مشہور تعویزات و نقوش انتہائی آسان اور پُر تاثیر	مجربات سلیمانی 700 روپے

غار حراء کے اس در و دیوار کے نام جہاں محمد ﷺ کی خوشبو ابھی تک رچی بسی ہے

جلد نمبر 12 | جون 2017ء | شمارہ نمبر 12

مجلس مشاورت

سید عارف معین بلے، ایکسپریس نیوز چینل (ریذیڈنٹ ایڈیٹر روزنامہ ایکسپریس) ڈائریکٹر عابد کمالوی محکمہ تعلقات عامہ

ملک نسیم رضا ڈائریکٹر ایف آئی اے (ر)۔ بابا صدف انبالوی، منظور علی سموں، ماسٹر شوکت علی بروہی

علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی، زوار حکیم محمد ابصار حیدر، حکیم خضر عباس پیاسی، سبط حسن جعفری

بانی ادارہ روحانیات و چیف ایڈیٹر

ماہر روحانیات

شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ سہارنپوری

سب ایڈیٹر	محمد نبیل مزمل۔ سید عابد حسین شاہ
معاونین	ملک ذوالفقار علی اعوان، سید شبیہہ الحسنین رضوی
پروف ریڈر	سید آل محمد، حنیف یاسر
سرکولیشن منیجر	رضوان علی رضوی 0300-6368746
کمپوزنگ گرافکس	محمد مصباح العالم، محمد علی قریشی۔

لیگل ایڈوائزر

محمد فیاض حسین (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

مس شاہدہ وزیر (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

ترتیب مضامین

مضمون	صفحہ نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
رمضان کیلنڈر	03	خاص نظرات اثرات اور اعمال	22
روزانہ کی دعائیں	04	چکن گونیا کا روحانی علاج	26
سالانہ زکات سورۃ مزمل	06	استخارہ	28
فضیلت شب قدر	07	مجرب حاضرات	30
نوافل شوال المکرم	11	سبزیوں کی افادیت	32
رمضان المبارک	12	یہ ماہ کیسا رہیگا.....؟	34
زکوۃ کا کردار	13	نتائج حکومتی پرائز بانڈ	40
زکوۃ مال وزر	14	روزانہ کے لکی نمبر	41
صلوۃ تسبیح پڑھنے کا طریقہ	15	جون کے لکی نمبر	42
غزوہ بدر	16	پیغامات	45
جنات کی روحانی واردات	17	آپ کی ڈاک	46
ستاروں کی چال، وظیفے کا کمال	19	کوپن	48

قیمت فی شمارہ 60 روپے

بیرون ممالک سالانہ خریداری

انڈیا، ترکی، کویت، ایران، سری لنکا 3000 روپے

یورپ، فار ایسٹ 4000 روپے

امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 5000 روپے

سالانہ ممبر شپ 720 روپے مع ڈاک خرچ

آفس

ادارہ روحانیات

نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ

0300-6351192

0333-6158193

ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے منزل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ، ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیہ نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان سے جاری کیا

ملتان مابہ جنت اعلیٰ برابر است　　آھستہ پابنہ کہ ملک سجدہ می کنند

(ترجمہ) ملتان اور جنت کی زمین دونوں برابر ہیں یہاں پر قدم آہستہ رکھو کہ فرشتوں نے اس زمین پر سجدے کئے ہیں۔

اللہ رب العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے۔ اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی جب تک اعمال کی درستی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔ (ابو محمد مصباح العلم)

☆ کلمہ استغفار" اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّی مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ (ترجمہ) توبہ کرتا ہوں اللہ سے اپنے تمام گناہوں کی اور وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔)

☆ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِہٖ مُحَمد بَعَدَ دَالْمُزَّمِّل وَالْخَصَائِص۔

استغفار اور درود پاک کے علاوہ کوئی بھی وظیفہ بلا اجازت نہ پڑھیں۔

فضائل سورۃ مزمل شریف

حدیث پاک :۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور فرمادے گا۔

حدیث پاک :۔ اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کی غربت و مفلسی کو دور کردے گا۔ جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہوجائے گی۔

حدیث پاک :۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم نماز فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کرامؓ آپ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چار مقرب فرشتوں کو گواہ کر کے فرماتا ہے کہ جو سورۃ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب و عقوبت نہ ہوگا اور اس کے گناہ معاف کئے جائینگے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی۔ روایت حضرت شیخ فریدالدین گنج شکرؒ سے منقول ہے کہ:

اگر جو شخص قبر پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھے گا تو 300 برس تک صاحب قبر عذاب قبر سے دور ہوگا اور اگر 3 بار کوئی شخص صاحب قبر کے لئے سورۃ مزمل پڑھے گا تو قیامت تک عذاب قبر اس صاحب قبر پر نہ ہوگا۔

آنحضرت نے فرمایا جو شخص سورۃ مزمل کا ورد جاری رکھے گا اس کو دنیا و آخرت میں رنج نہ ہوگا۔

حدیث مبارکہ

احکام نقوش و الواح

حضرت ابی خزامہؓ نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ انہوں نے فرمایا" میں نے حضرت محمد ﷺ سے دریافت کیا کہ یہ دعا اور تعویز (نقوش اور الواح) جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کیلئے کرتے ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر (وظائف، نقوش اور الواح) جو ہم مشکلوں اور دکھوں سے بچنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔ کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! یہ سب چیزیں بھی تو اللہ کی تقدیر میں سے ہیں۔

رمضان، زکات سورۃ مزمل

شب قدر میں سورۃ مزمل کی زکات پورا سال کی ادائیگی میں سب سے اہم مانی جاتی ہے۔ شب قدر کی راتوں میں کسی بھی آیت یا سورۃ مبارکہ کی زکات ادا کرنے کی برکت سے تاحیات اس سورۃ یا آیت کا عامل ہوجاتا ہے بشرط ہے کہ آئندہ بھی قواعد عملیات کے مطابق زندگی بسر کرے۔ ایسا نہ ہو کہ ادائیگی زکات کے بعد مداومت چھوڑ دے یا غرور اور تکبر میں جائز و ناجائز کی پہچان نہ رہے۔ شب قدر میں زکات سورۃ مزمل کا طریقہ یوں ہے کہ ہر شخص کے مطابق اتنی ہی تعداد میں درود مزمل کا ورد کیا جائے مثلاً 21 ویں شب کو 21 بار درود مزمل + سورۃ مزمل 21 بار 21 بار درود مزمل پھر پڑھا جائے بالترتیب 23,25,27,29 قاعدہ کے مطابق اضافہ کے ساتھ پڑھتے جائے۔

نوٹ) درود مزمل اسی صفحہ پر دائیں ہاتھ کے کالم کے پہلے حصہ میں استغفار کے ساتھ شائع کیا گیا ہے

نقشہ اوقات سحری و افطاری ماہ رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ

ایام	ماہ رمضان ۱۴۳۸ھ	مئی 2017ء	انتہائے سحری		زوال آفتاب		افطاری	
			منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ
اتوار	1	28	40	3	43	11	10	7
پیر	2	29	40	3	43	11	10	7
منگل	3	30	39	3	43	11	11	7
بدھ	4	31	39	3	43	11	11	7
جمعرات	5	جون	38	3	43	11	12	7
جمعہ	6	02	38	3	43	11	13	7
ہفتہ	7	03	37	3	43	11	13	7
اتوار	8	04	37	3	44	11	14	7
پیر	9	05	37	3	44	11	14	7
منگل	10	06	36	3	44	11	15	7
بدھ	11	07	36	3	44	11	15	7
جمعرات	12	08	36	3	44	11	15	7
جمعہ	13	09	36	3	45	11	16	7
ہفتہ	14	10	36	3	45	11	16	7
اتوار	15	11	36	3	45	11	17	7
پیر	16	12	35	3	45	11	17	7
منگل	17	13	35	3	46	11	17	7
بدھ	18	14	35	3	46	11	18	7
جمعرات	19	15	35	3	46	11	18	7
جمعہ	20	16	35	3	46	11	18	7
ہفتہ	21	17	35	3	46	11	19	7
اتوار	22	18	36	3	47	11	19	7
پیر	23	19	36	3	47	11	19	7
منگل	24	20	36	3	47	11	20	7
بدھ	25	21	36	3	47	11	20	7
جمعرات	26	22	36	3	48	11	20	7
جمعہ	27	23	37	3	48	11	20	7
ہفتہ	28	24	37	3	48	11	20	7
اتوار	29	25	37	3	48	11	20	7
پیر	30	26	37	3	48	11	20	7

مسائل فطرہ

☆عید کا چاند دیکھتے ہی ہر شخص پر واجب ہے کہ وہ اپنا اور اپنے واجب النفقہ افراد کا فطرہ دے ☆فطرہ چاند رات کو غروب آفتاب کے وقت سے ہی واجب ہو جاتا ہے۔ بہتر یہ ہے کہ رات ہی میں علیحدہ کر دے اور فطرہ نکالنے میں نماز عید سے زیادہ تاخیر نہیں کرنی چاہیے ☆فطرہ ماہِ رمضان کے روزوں کی قبولیت کی شرط ہے۔ بلکہ اگر کوئی شخص روزے نہیں رکھ سکتا یا نہیں رکھتا پھر بھی فطرہ اس پر واجب ہے۔

☆جو لوگ فطرہ کے برابر رقم مستحقین کو وقت سے پہلے دے دیتے ہیں وہ مستحقین کے پاس امانت یا قرض ہوتی ہے۔ عید کا چاند نظر آنے پر بارگاہِ الٰہی میں اس کے فطرہ ہونے کی قربۃً الی اللہ نیت کریں ☆مفلس شخص اپنے عیال کے ہر فرد کے عوض فطرہ نہ دے سکے تو وہ ایک ہی فطرہ کو دست بدست کر کے دے سکتا ہے ☆سید غیر سید کا فطرہ نہیں لے سکتا ☆ایک محتاج کو ایک فطرہ سے کم نہیں دینا چاہیے۔ لیکن کئی فطرے ایک کو دے سکتا ہے ☆سال بھر جو غذا کھائی جاتی ہے اس کی جنس سے فطرہ دے سکتے ہیں البتہ گندم سے فطرہ ادا کرنا افضل ہے

دعوت فکر

قرآن مجید کی متعدد آیات اور احادیث سے ثابت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تمام عباداتِ واجبہ و مستحبہ و جملہ اعمالِ صالحہ اور توبہ و استغفار کی قبولیت اور نجاتِ آخرت کو ولایت علی ابن ابی طالب علیہم السلام سے مشروط کر دیا ہے

فطرہ فی کس
بلحاظ مقدار ایک صاع (تین کلوگرام) گندم یا اس کی قیمت ادا کریں

ایام ماہ رمضان المبارک کی روزانہ کی دعائیں

پہلی ماہ رمضان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صِیَامِیْ فِیْہِ صِیَامَ الصَّائِمِیْنَ وَ قِیَامِیْ فِیْہِ قِیَامَ الْقَائِمِیْنَ وَنَبِّھْنِیْ فِیْہِ عَنْ نَوْمَۃِ الْغَافِلِیْنَ وَھَبْ لِیْ جُرْمِیْ فِیْہِ یَا اٰلَۃَ الْعَالَمِیْنَ وَاعْفُ عَنِّیْ یَا عَافِیًا عَنِ الْمُجْرِمِیْنَ۔

2 ماہ رمضان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ قَرِّبْنِیْ فِیْہِ اِلٰی مَرْضَاتِکَ وَجَنِّبْنِیْ فِیْہِ مِنْ سَخَطِکَ وَ نَقِمَاتِکَ وَوَفِّقْنِیْ فِیْہِ لِقِرَاءَۃِ اٰیَاتِکَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

3 ماہ رمضان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ فِیْہِ الذِّھْنَ وَالتَّنْبِیْہَ وَبَاعِدْنِیْ فِیْہِ مِنَ السَّفَاھَۃِ وَالتَّمْوِیْہِ وَاجْعَلْ لِّیْ نَصِیْبًا مِّنْ کُلِّ خَیْرٍ تُنْزِلُ فِیْہِ بِجُوْدِکَ یَا اَجْوَدَ الْاَجْوَدِیْنَ۔

4 ماہ رمضان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ قَوِّنِیْ فِیْہِ عَلٰی اِقَامَۃِ اَمْرِکَ وَاَذِقْنِیْ فِیْہِ حَلَاوَۃَ ذِکْرِکَ وَاَوْزِعْنِیْ فِیْہِ لِاَدَاءِ شُکْرِکَ بِکَرَمِکَ وَاحْفَظْنِیْ فِیْہِ بِحُفُوْظِکَ وَسَتْرِکَ یَا اَبْصَرَ النَّاظِرِیْنَ۔

5 ماہ رمضان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ فِیْہِ مِنَ الْمُسْتَغْفِرِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ فِیْہِ مِنْ عِبَادِکَ الصَّالِحِیْنَ الْقَانِتِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ فِیْہِ مِنْ اَوْلِیَائِکَ الْمُقَرَّبِیْنَ بِرَاْفَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

6 ماہ رمضان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ لَا تَخْذُلْنِیْ فِیْہِ لِتَعَرُّضِ مَعْصِیَتِکَ وَلَا تُضْرِنِیْ بِسِیَاطِ نَقِمَتِکَ وَزَحْزِحْنِیْ فِیْہِ مِنْ مُوْجِبَاتِ سَخَطِکَ بِمَنِّکَ وَاٰیَادِیْکَ یَا مُنْتَھٰی رَغْبَۃِ الرَّاغِبِیْنَ۔

7 ماہ رمضان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ فِیْہِ عَلٰی صِیَامِہٖ وَقِیَامِہٖ وَجَنِّبْنِیْ فِیْہِ مِنْ ھَفَوَاتِہٖ وَاٰثَامِہٖ وَارْزُقْنِیْ فِیْہِ ذِکْرَکَ بِدَوَامِہٖ بِتَوْفِیْقِکَ یَا ھَادِیَ الْمُضِلِّیْنَ

8 ماہ رمضان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ فِیْہِ رَحْمَۃَ الْاَیْتَامِ وَاِطْعَامَ الطَّعَامِ وَ اِفْشَاءَ السَّلَامِ وَصُحْبَۃَ الْکِرَامِ بِطَوْلِکَ یَا مَلْجَاَ الْاٰمِلِیْنَ

9 ماہ رمضان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِّیْ فِیْہِ نَصِیْبًا مِّنْ رَّحْمَتِکَ الْوَاسِعَۃِ وَاھْدِنِیْ فِیْہِ لِبَرَاھِیْنِکَ السَّاطِعَۃِ وَخُذْ بِنَاصِیَتِیْ اِلٰی مَرْضَاتِکَ الْجَامِعَۃِ بِمَحَبَّتِکَ یَا اَمَلَ الْمُشْتَاقِیْنَ۔

10 ماہ رمضان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ فِیْہِ مِنَ الْمُتَوَکِّلِیْنَ عَلَیْکَ وَاجْعَلْنِیْ فِیْہِ مِنَ الْفَائِزِیْنَ لَدَیْکَ وَاجْعَلْنِیْ فِیْہِ مِنَ الْمُقَرَّبِیْنَ اِلَیْکَ بِاِحْسَانِکَ یَا غَایَۃَ الطَّالِبِیْنَ۔

11 ماہ رمضان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ حَبِّبْ اِلَیَّ فِیْہِ الْاِحْسَانَ وَکَرِّہْ اِلَیَّ فِیْہِ الْفُسُوْقَ وَالْعِصْیَانَ وَحَرِّمْ عَلَیَّ فِیْہِ السَّخَطَ وَالنِّیْرَانَ بِعَوْنِکَ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ۔

12 ماہ رمضان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ زَیِّنِّیْ فِیْہِ بِالسِّتْرِ وَالْعَفَافِ وَاشْتُرْنِیْ فِیْہِ بِلِبَاسِ الْقُنُوْعِ وَالْکَفَافِ وَاحْمِلْنِیْ فِیْہِ عَلَی الْعَدْلِ وَالْاِنْصَافِ وَاٰمِنِّیْ فِیْہِ مِنْ کُلِّ مَا اَخَافُ بِعِصْمَتِکَ یَا عِصْمَۃَ الْخَائِفِیْنَ۔

13 ماہ رمضان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ طَھِّرْنِیْ فِیْہِ مِنَ الدَّنَسِ وَالْاَقْذَارِ وَصَبِّرْنِیْ فِیْہِ عَلٰی کَآئِبَاتِ الْاَقْدَارِ وَوَفِّقْنِیْ فِیْہِ لِلتُّقٰی وَصُحْبَۃِ الْاَبْرَارِ بِعَوْنِکَ یَا قُرَّۃَ عَیْنِ الْمَسَاکِیْنِ

14 ماہ رمضان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ لَا تُؤْبِسْنِیْ فِیْہِ بِالْاَعْرَابِ وَاَلْبِسْنِیْ فِیْہِ مِنَ الْحَسَنَاتِ وَالْھَفَوَاتِ وَلَا تُھْلِکْنِیْ فِیْہِ غَرَضًا لِّلْبَلَا یَا وَالْاٰفَاتِ بِعِزَّتِکَ یَا عِزَّ الْمُسْلِمِیْنَ۔

15ماہ رمضان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ فِیْہِ طَاعَۃَ الْخَاشِعِیْنَ وَاَفْرَحْ فِیْہِ صَدْرِیْ بِاِنَابَۃِ الْمُخْبِتِیْنَ بِاَمَانِکَ یَا اَمَانَ الْخَائِفِیْنَ۔

16ماہ رمضان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ وَفِّقْنِیْ فِیْہِ الْمُوَافَقَۃِ الْاَبْرَارِ وَ جَنِّبْنِیْ فِیْہِ مُرَافَقَۃَ الْاَشْرَارِ وَاٰوِنِیْ فِیْہِ بِرَحْمَتِکَ اِلٰی دَارِ الْقَرَارِ بِاِلٰھِیَّتِکَ یَا اِلٰہَ الْعَالَمِیْنَ۔

17ماہ رمضان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ فِیْہِ لِصَالِحِ الْاَعْمَالِ وَاقْضِ لِیْ فِیْہِ الْحَوَائِجَ وَالْاٰمَالَ یَا مَنْ لَّا یَحْتَاجُ اِلَی التَّفْسِیْرِ وَالسُّؤَالِ یَا عَالِمًا بِمَا فِیْ صُدُوْرِ الْعَالَمِیْنَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہِ الطَّاھِرِیْنَ۔

18ماہ رمضان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ نَوِّرْنِیْ فِیْہِ بِمَرْکَابِ اَسْحَارِہٖ وَنَوِّرْ فِیْہِ قَلْبِیْ بِضِیَاءِ اَنْوَارِہٖ وَقَدْ بِکُلِّ اَعْضَائِیْ اِلٰی اِتِّبَاعِ آثَارِہٖ بِنُوْرِکَ یَا مُنَوِّرَ قُلُوْبِ الْعَارِفِیْنَ۔

19ماہ رمضان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ وَفِّرْ فِیْہِ حَظِّیْ مِنْ بَرَکَاتِہٖ وَسَھِّلْ سَبِیْلِیْ اِلٰی خَیْرَاتِہٖ وَلَا تَحْرِمْنِیْ قَبُوْلَ حَسَنَاتِہٖ یَا ھَادِیًا اِلَی الْحَقِّ الْمُبِیْنِ۔

20ماہ رمضان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ فِیْہِ اَبْوَابَ الْجِنَانِ وَاَغْلِقْ عَنِّیْ فِیْہِ اَبْوَابَ النِّیْرَانِ وَوَفِّقْنِیْ فِیْہِ لِتِلَاوَۃِ الْقُرْاٰنِ یَا مُنْزِلَ السَّکِیْنَۃِ فِیْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِیْنَ۔

21ماہ رمضان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِّیْ فِیْہِ اِلٰی مَرْضَاتِکَ دَلِیْلًا وَّلَا تَجْعَلْ لِّلشَّیْطَانِ فِیْہِ عَلَیَّ سَبِیْلًا وَّاجْعَلِ الْجَنَّۃَ لِیْ مَنْزِلًا وَّ مَقِیْلًا یَا قَاضِیَ حَوَائِجِ الطَّالِبِیْنَ۔

22ماہ رمضان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ فِیْہِ اَبْوَابَ فَضْلِکَ وَ اَنْزِلْ عَلَیَّ فِیْہِ بَرَکَاتِکَ وَوَفِّقْنِیْ فِیْہِ لِمُوْجِبَاتِ مَرْضَاتِکَ وَاَسْکِنِّیْ فِیْہِ بُحْبُوْحَاتِ جَنَّاتِکَ یَا مُجِیْبَ دَعْوَۃِ الْمُضْطَرِّیْنَ۔

23ماہ رمضان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اغْسِلْنِیْ فِیْہِ مِنَ الذُّنُوْبِ وَطَھِّرْنِیْ فِیْہِ مِنَ الْعُیُوْبِ وَامْتَحِنْ قَلْبِیْ فِیْہِ بِتَقْوَی الْقُلُوْبِ یَا مُقِیْلَ عَثَرَاتِ الْمُذْنِبِیْنَ۔

24ماہ رمضان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ فِیْہِ مَا یُرْضِیْکَ وَاَعُوْذُبِکَ مِمَّا یُؤْذِیْکَ وَاَسْئَلُکَ التَّوْفِیْقَ فِیْہِ لِاَنْ اُطِیْعَکَ وَلَا اَعْصِیَکَ یَا جَوَادَ السَّائِلِیْنَ۔

25رمضان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ فِیْہِ مُحِبًّا لِاَوْلِیَائِکَ وَمُعَادِیًا لِاَعْدَائِکَ مُسْتَنًّا بِسُنَّۃِ خَاتَمِ اَنْبِیَائِکَ یَا عَاصِمَ قُلُوْبِ النَّبِیِّیْنَ۔

26رمضان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ سَعْیِیْ فِیْہِ مَشْکُوْرًا وَّذَنْبِیْ فِیْہِ مَغْفُوْرًا وَّ عَمَلِیْ فِیْہِ مَقْبُوْلًا وَّ عَیْبِیْ فِیْہِ مَسْتُوْرًا یَا اَسْمَعَ السَّامِعِیْنَ۔

27رمضان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ فِیْہِ فَضْلَ لَیْلَۃِ الْقَدْرِ وَصَیِّرْ اُمُوْرِیْ فِیْہِ مِنَ الْعُسْرِ اِلَی الْیُسْرِ وَاقْبَلْ مَعَاذِیْرِیْ وَحُطَّ عَنِّیَ الذَّنْبَ وَالْوِزْرَ یَا اَقْبَلَ لِلْمَعَاذِیْرِ یَا رَءُوْفًا بِعِبَادِہِ الصَّالِحِیْنَ۔

28رمضان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ وَفِّرْ حَظِّیْ فِیْہِ مِنَ النَّوَافِلِ وَاَکْرِمْنِیْ فِیْہِ بِاِحْضَارِ الْمَسَائِلِ وَقَرِّبْ فِیْہِ وَسِیْلَتِیْ اِلَیْکَ مِنْ بَیْنِ الْوَسَائِلِ یَا مَنْ لَّا یَشْغَلُہٗ اِلْحَاحُ الْمُلِحِّیْنَ۔

29رمضان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ غَشِّنِیْ فِیْہِ بِالرَّحْمَۃِ وَارْزُقْنِیْ فِیْہِ التَّوْفِیْقَ وَالْعِصْمَۃَ وَطَھِّرْ قَلْبِیْ مِنْ غَیَاھِبِ التُّھْمَۃِ یَا رَحِیْمًا بِعِبَادِہِ الْمُؤْمِنِیْنَ۔

30رمضان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صِیَامِیْ فِیْہِ بِالشُّکْرِ وَالْقَبُوْلِ عَلٰی مَا تَرْضَاہُ وَیَرْضَاہُ الرَّسُوْلُ مُحَکَّمَۃً فُرُوْعُہٗ بِالْاُصُوْلِ بِحَقِّ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہِ الطَّاھِرِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔

تحریر:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

اگر صرف سورۃ القدر کے بارے میں غور وخوص کیا جائے تو اس سورۃ میں واضح طور پر بتادیا گیا ہے کہ اس ایک رات کی عبادت ہزار مہینوں کی راتوں سے افضل ہے یا یوں کہہ لیں کہ اگر کسی سورۃ یا اسم الٰہی کی چلہ کشی میں ہمیں چالیس دن بعد جو روحانی قوت حاصل ہوتی ہے اس سے کئی گناہ زیادہ روحانی قوت اس ایک رات کی عبادت سے حاصل ہو جاتی ہے یعنی اگر اس ایک رات میں اہم مخصوص تعداد کے مطابق کسی بھی سورۃ یا کلام الٰہی یا اسم اعظم کا ورد کریں تو ہم اس کی روحانیت سے تاحیات فائدہ لے سکتے ہیں۔ مگر آپ اس عمل کو ہر سال رمضان المبارک کی درج ذیل مقدس راتوں میں دہراتے رہیں۔

قارئین تحفہ روحانیات کی آسانی کیلئے یہاں پر مقدس راتیں تحریر کی جا رہی ہیں جن میں سے ایک نہ ایک شب قدر ہے۔ رمضان المبارک کی 21,23,25,27,29 راتوں کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ ان میں شب قدر کو تلاش کرو۔ ان راتوں سے فائدہ اٹھانے کیلئے ہر رات کے مطابق مطلوبہ آیت یا سورۃ کا ورد اتنی ہی تعداد میں کیا جائے مثلاً اگر سورۃ مزمل کی تاحیات زکات ادا کرنے کا ارادہ ہے تو ان میں سب سے پہلے رات 21 رمضان المبارک کو بعد نماز عشاء 21 بار اول آخر درود مزمل پڑھیں اور سورۃ مزمل 21 بار ورد کریں۔ اب 23 رمضان المبارک کی رات 23 بار درود مزمل اول آخر اور 23 بار سورۃ مزمل کا ورد کریں گے ہر رات کی نیت تاحیات زکات وحصول برکات، روحانیت سورہ مزمل رکھیں گے بالترتیب 25,27 اور 29 کی رات کو اسی تعداد کے مطابق سورۃ مزمل اور درود مزمل پڑھیں گے۔

ان مبارک راتوں میں کشف القبور یا ارواح کی حاضری کے اعمال زبردست قوت رکھتے ہیں۔ ایسے افراد جو کہ عرصہ دراز سے کشف القبور یا ارواح کی حاضری کے اعمال میں ابھی تک ناکام ہوں ان راتوں سے لازمی فائدہ اٹھائیں۔ انشاء اللہ کامیابی ملے گی۔

قارئین کرام! ہر اسلامی ماہ کی خاص تاریخوں کو خاص وظائف کرنے سے ایک سال کی زکات ادا ہو جاتی ہے اس بارے میں ایک مفصل مضمون شائع کیا گیا اس کے بعد ضمنی طور پر ماہ تحفہ روحانیات میں اسلامی ماہ کے مطابق زکات سورہ مزمل شائع کی جاتی ہے اس ضمنی مضمون سے استفادہ کرتے ہوئے اب تک لاکھوں قارئین اور شائقین اعمال روحانی نے مختلف قرانی اعمال کی زکات ادا کی گئی اور ان اعمال کی روحانیات سے اب تک فائدے حاصل کر رہے ہیں۔ اس مضمون میں اس بات پر زور دیا گیا تھا کہ کفار ہندو دیوالی کی رات کو بہت اہم سمجھتے ہیں اس رات مختلف منتروں اور تنتروں کا چاب کرتے ہیں تاکہ دیوالی کی رات چاب کرنے سے ایک سال تک عمل قابو میں رہے۔ لاعلمی کی بنیاد پر کئی مسلمانوں نے بھی اس راستہ کو اپنایا اور دیوالی کی رات وہ بھی منتروں کا چاب کرنے لگے انجانے میں ایسے مسلمان شرک کر جاتے ہیں اور ظاہر ہے کہ منتروں میں دیوی دیوتاؤں اور غیر اللہ کے نام بھی لئے جاتے ہیں اور ان سے مدد بھی لی جاتی ہے۔ جو کہ شرعاً حرام ہے۔

کفار ہندو کے پاس اگر سال میں منتروں کی زکات کی ادائیگی کے لئے ایک رات ہے اور اسلام لازوال مذہب ہے۔ اللہ تبارک تعالیٰ نے ہر اسلامی ماہ ہمیں اس سے کئی گناہ بڑھ کر مبارک اور قیمتی راتیں عنایت فرمائی ہیں۔ جس میں ہر مسلمان اپنی مرضی کی قرآنی آیات اسماء باری تعالیٰ کا ورد وظیفہ کر کے ایک سال تک اس کی روحانیات سے کام لے سکتا ہے اور ان سب سے بڑھ کر ذرا غور کریں تو اللہ تعالیٰ نے ان مبارک راتوں کی گواہی خود دی ہے کیا آپ نے کبھی سورۃ القدر کے ترجمہ پر غور کیا اگر نہیں کیا تو اب غور کر لیں۔

ترجمہ : بے شک ہم نے تم پر لیلۃ القدر نازل فرمائی (اور پھر اس رات کی اہمیت کو مزید جتانے کیلئے کہ گویا ایک کم علم آدمی جیسا اہم سوال کرتے ہیں رب باری تعالیٰ نے پھر انسانوں سے فرمایا) کہ اور تمہیں کیا معلوم ہے کہ شب قدر کیا ہے۔؟ یہ ایک ایسی قیمتی رات ہے جو ہزار مہینوں کی عبادت سے افضل ہے گویا اس ایک رات کی عبادت ہزار مہینوں کی عبادت پر حاوی ہے۔ یہاں اس بات کا ثبوت ملتا ہے کہ اگر اس ایک رات کو ہم کسی بھی سورۃ یا آیت قرآنی یا اسم الٰہی کا ورد خاص تعداد میں کریں تو ان کا تصرف، روحانیات ہمیں ہزار ماہ کی چلہ کشی کے برابر حاصل ہوتا ہے اگر ایک شخص نے اس رات توبہ استغفار کے بعد اس ارادہ یا نیت سے ورد خاص کیا کہ وہ آئندہ گناہ صغیرہ اور کبیرہ سے بچتا رہے گا۔ حکم باری تعالیٰ کے تحت زندگی بسر کرے تو کوئی شک نہیں کہ ایسا شخص اس خاص ورد کا عامل ہو جائے اور وہ عامل جو کہ تاحیات ہو اور وہ عامل جس نے ہزار بار اس کی چلہ کشی کی ہو کیا ایسے شخص کی زبان میں تاثیر نہ ہوگی کیا ایسے شخص کے قول، قلم اور علم میں

قوت نہ ہوگی کیا ایسے شخص کے دل میں خوف خدا نہ ہوگا؟

اس سورۃ مبارکہ کا دوسرا حصہ پہلے سے الگ ہے جس میں بیان فرمایا گیا ہے کہ اس رات ملائکہ اور ارواح اپنے رب کے حکم سے زمین پر اترتے ہیں۔اور اس رات سلامتی ہی سلامتی ہے یہ وقت طلوع فجر تک رہتا ہے۔

شب قدر زکات سورۃ مزمل

پہلا طریقہ: اس خاص رات میں سورۃ مزمل کی زکات کی ادائیگی کے لئے بہتر ہے کہ نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد نوافل توبہ استغفار صلوۃ التسبیح پڑھنے کے بعد دو رکعت نماز نفل برائے تسخیر روحانیت سورۃ مزمل تا حیات ادا کرے اس کے بعد اول آخر درود مزمل اکیس بار پڑھیں اور سورۃ مزمل ایک سو اکیس بار پڑھیں باقی دیگر عبادت اور نوافل حسب معمول کریں۔

دوسرا طریقہ: سورۃ مزمل کی زکات کی ادائیگی کا یہ ہے کہ جس رات کا شمار اسلامی ماہ کے مطابق اتنی بار سورۃ مزمل اور سورۃ القدر پڑھی جائے تو یہ استغفار اور صلوۃ التسبیح اور نوافل درج بالا طریقہ کے مطابق پڑھے جائیں گے۔ رات شمار اسلامی ماہ کے مطابق یہ ہے کہ مثلاً اکیسویں شب قدر کو درود مزمل اور سورۃ مزمل اور سورۃ القدر اکیس بار پڑھی جائے گی۔ بالترتیب تیسویں 23 شب کو تئیس 23 اور اسی طرح پچیسویں 25، ستائیسویں 27 اور انتیسویں 29 شب کو اتنی ہی تعداد کے مطابق سورۃ مزمل اور سورۃ القدر کا ورد کیا جائیگا۔

اس عمل کی قوت روحانی کو برقرار رکھنے کے لئے قبل یا بعد نماز فجر تین بار دونوں سورتیں پڑھ لی جائیں اول آخر درود پاک بھی تین بار پڑھا جائیگا۔ گویا کوئی بھی شخص جو تقویٰ رکھتا ہو اور چاہتا ہو کہ طویل چلہ کشی کی بجائے ہزار ماہ کی چلہ کشی کا صلہ اسے ایک رات میں ملے تو اس رات نیت کرلے کہ وہ ورد خاص کی زکات حیات کے لئے ادا کر رہا ہے۔ اس رات عمل زکات کے لئے نیت کا کرنا لازمی ہے کیونکہ حدیث مبارکہ ہے کہ ''اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے'' اگر کوئی شخص نیت کے بغیر ورد وظیفہ کرے گا اس کو ہزار ماہ کی عبادت ریاضت کا ثواب تو ضرور ملے گا لیکن شاید اس ورد خاص کا تصرف، روحانیت حاصل نہ ہو بعض علماء کے نزدیک ستائیسوں شب قدر ہے لیکن اگر ہزار ماہ کی عبادت اور چلہ کشی ہمیں صرف پانچ راتوں کی عبادت سے ہی میسر آجائے تو یہ کوئی مہنگا سودا تو نہیں یعنی شب قدر جو کہ طاق راتوں میں چھپی ہوئی ہے تلاش کرلیا جائے تو ان راتوں میں عبادت الٰہی کے صلہ میں ملنے والے ثواب سے دنیا کی کوئی طاقت نہیں روک سکتی۔

فضیلت شب قدر

ایک حدیث میں ہے کہ نبی کریمؐ نے ایک دن اسرائیل کے ایک شخص کا ذکر فرمایا کہ وہ ایک ہزار مہینہ تک اللہ کے راستہ میں جہاد کرتا رہا۔ صحابہ کرامؓ کے دل میں یہ خیال پیدا ہوا کہ ہماری عمریں تو اس مقابلے میں نہ ہونے کے برابر ہیں لہٰذا اس پر اللہ تعالیٰ نے شب قدر عطا فرمائی جو ایک ہزار مہینوں سے افضل اور مرتبہ میں بڑھی جائی ہے۔ ہزار مہینوں کے تراسی سال چار ماہ ہوتے ہیں اور شب قدر اس سے بھی افضل ہے۔ کتنی افضل ہے یہ اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے۔

معنی: قدر کے معنی عزت و منزلت کے ہیں۔ فضیلت و عظمت، تقدیر اور تدبر یا اندازہ کرنا بھی اسی لفظ کے ہیں۔

مفہوم: اس رات ملائکہ اور نورانی ارواح صالح کے مقام اور مرتبہ سے باخبر ہوتے ہیں۔ اس رات میں انوار و تجلیات کی برسات ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص و کرم اور بے پایاں رحمت سے بعض دنوں اور کچھ راتوں کو خاص فضیلت عطا فرمائی۔ یہ رات سراسر سلامتی اور طلوع فجر تک خیر ہی خیر ہے۔ اس رات انسانیت کی ہدایت اور راہنمائی کے لئے جامع ضابطہ حیات اور ابدی لائحہ عمل نازل کیا گیا۔ جو اس رات کی خیر سے محروم ہوگیا۔ گویا وہ ہر رات کی خیر و برکت سے محروم ہوگیا۔ جس نے ایمان اور احتساب کے ساتھ لیلۃ القدر میں قیام کیا اس کے گزشتہ گناہ معاف کر دیئے گئے۔ ماہ صیام رحمت برکت اور تزکیہ نفس و تربیت ہے اور اس کا نقطہ عروج لیتا ہے۔ اس ایک رات کو عبادت ہزار ماہ کی عبادت ہزار کی عبادت سے بہتر ہے۔ حضرت آدمؑ تخلیق کا آغاز تو ڈھانچے سے ہوا لیکن آپ باعث سجدہ اس وقت ہوئے جب اس میں روح ڈالی گئی۔ لہٰذا باعث فخر شرف اس کی روح ہے۔ جس طرح جسم کی پرورش کے لئے اللہ نے رزق فراہم کیا اسی طرح روح کے ارتقاء کیلئے شب قدر کو پیدا کیا۔

وقت کا تعین: ماہ صیام کے آخری عشرے کی پانچ طاق راتوں (21,23,25,27,29) میں سے ایک شب ہے۔ اس رات حضرت جبرائیلؑ فرشتوں کے ہمراہ چار جھنڈے لے کر اترتے ہیں اور ان میں سے ایک کعبہ شریف، ایک مسجد نبوی، ایک بیت المقدس، اور ایک طور سینا پر نصب کرتے ہیں پھر فرشتوں کو حکم دیتے ہیں کہ تمام مسلمانوں کے گھروں میں پھیل جاؤ اور خوشخبری سناؤ تو یہ ہر گھر میں سوائے ایسی جگہ جہاں تصویر کتا، سور، شراب یا جنبی ہو وہاں نہیں جاتے۔ اور طلوع فجر تک عبادات گزاروں کیساتھ رہتے ہیں ان سے مصافحہ کرتے ہیں اور تسبیح میں مصروف رہتے ہیں۔

عدم تعین کی وجہ

اگر قدر کا تعین کر دیا جاتا تو انسان باقی راتوں کے قیام اور ذکر و فضیلت سے محروم رہ جاتا ہے اس لئے اس رات کو ماہ صیام کے آخری عشرے کی طا ق راتوں میں چھپا دیا گیا ہے تا کہ مسلمان پوری جستجو اور کوشش سے اس رات کو تلاش کرے اور دوہرا ثواب حاصل کریں۔

فضائل: اس رات میں عبادت ہزار مہینوں کی عبادت سے بہتر ہے۔ اس رات عبادت گزار کے جملہ گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں اور ان کے سینوں کو نور سے بھر دیا جاتا ہے۔ نورانی مخلوق بندگان خدا کی جانب کثرت سے متوجہ رہتی ہیں اور عابد کی ایک نیکی کے بدلے 30 ہزار نیکیاں اس کے نامہ اعمال میں لکھ دی جاتی ہیں۔

علامت: سمندر کا پانی پہلے کی نسبت زیادہ میٹھا ہو جاتا ہے ہر چیز بارگاہ ایزدی میں سجدہ کرتی ہے۔ حتیٰ کہ درخت بھی سجدہ کرتے ہیں۔ عام راتوں سے زیادہ چمکدار اور معتدل ہوتی ہے۔ رات میں چاند اور دن میں سورج زیادہ خوبصورت دکھائی دیتا ہے۔ یہ رات پرسکون اور شور و غل سے پاک ہوتی ہے۔

اعلان عربی: اس رات میں جو فرشتے زمین پر اترتے ہیں وہ رب کی طرف سے یہ اعلان کرتے ہیں کہ "ہے کوئی گناہوں کی بخشش کا طلب گار جسے بخش دیا جائے، کوئی رزق کا طلب گار اس کا رزق فراض کر دیا جائے، ہے کوئی پریشان حال جس کی پریشانی دور کر دی جائیں"

ستائیسویں کی نسبت

علماء اسلام کی یہی رائے ہے کہ شب قدر ستائیسویں رات ہے لیلتہ القدر کے الفاظ 9 حروف پر مشتمل ہیں اور یہ الفاظ اس سورۃ میں تین دفعہ آتے ہیں جن کا مجموعہ 27 بن جاتا ہے۔ سات آسمان، زمین سات، ہفتہ کے دن سات، طواف کے سات، چکر سات، اور طاق عددوں میں سات کو نمایاں مقام حاصل ہے۔

محروم لوگ

شب قدر بہت ہی مبارک رات ہے اور ہر مسلمان اس کا اہتمام پر جوش طریقے سے کرتے ہیں اور اس رات کا انتظار شدت سے کرتے ہیں اور ایسے لوگ خوش نصیب ہوتے ہیں۔ جو اس رات کی تیاری قبل از وقت کرتے ہیں لیکن بعض ایسے بدنصیب لوگ بھی ہوتے ہیں۔ جو اس رات فضل الٰہی سے محروم رہ جاتے ہیں۔ ان میں مشرک، زانی، شرابی، کتے اور سور پالنے والے، والدین کی نافرمانی اور اجنبی افراد شامل ہیں۔

اعمال

☆ غسل کرنا، نئے کپڑے پہننا، خوشبو لگانا، تلاوت کرنا و ازکار کرنا، نوافل پڑھنا اور قبرستان میں جا کر دعا کرنا۔

☆ عصر سے مغرب تک استغفار پڑھیں۔

☆ نماز عشاء کے بعد سورۃ یٰسین اور سورۃ دخان ایک ایک بار پڑھیں، درود شریف کی تسبیح 700 مرتبہ سورۃ القدر پڑھیں۔

☆ تین مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھنے سے مغفرت اور دوزخ سے نجات اور جنت میں داخلہ ہوگا۔

☆ سورۃ دخان 7 مرتبہ پڑھنے سے 70 دنیا اور 70 آخرت کی حاجات پوری ہونگی۔

☆ 50 بار سورۃ القدر اور پھر سات بار سورۃ اخلاص پڑھنے سے دنیا آخرت کی نعمتیں ملتی ہیں۔

☆ صلوۃ التسبیح، چار رکعت، اور ہر رکعت میں تیسرا کلمہ طیبہ، سبحان اللہ والحمد اللہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر۔

☆ حضرت کعب الاخبارؓ فرماتے ہیں کہ جو شخص شب قدر میں صدق دل سے تین مرتبہ الا الہ الا اللہ کہے تو اللہ تعالیٰ پہلی مرتبہ کہنے پر اس کے گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔ دوسرے مرتبہ کہنے پر اس کو جہنم سے آزاد کر دیتا ہے۔ تیسری مرتبہ کہنے پر جنت کا مستحق ہو جاتا ہے (نزہت المجالس)۔

☆ ۲۷ شب قدر کو ساتوں حٰمٓ پڑھے۔ یہ عذاب قبر سے نجات اور مغفرت گناہ کے لئے بہت افضل ہے۔

☆ ستائیسوں شب کو سورۃ ملک ۷ مرتبہ پڑھنی واسطے مغفرت بہت فضیلت والی ہے۔

پہلی شب قدر

حضور انور سرکار دو عالمؐ ارشاد فرماتے ہیں کہ میری اُمت میں سے جو مرد یا عورت یہ خواہش کرے کہ اس کی قبر نور کی روشنی سے منور ہو تو اسے چاہئے کہ ماہ رمضان کی شب قدروں میں کثرت کے سات عبادت الٰہی بجالائے تا کہ ان مبارک اور متبرک راتوں کی عبادت سے اللہ پاک اس

کے نامہ اعمال سے برائیاں مٹا کر نیکیوں کا ثواب عطا فرمائے۔ شب قدر کی عبادت ستر ہزار شب کی عبادتوں سے افضل ہے۔

اکیسویں شب رمضان کو چار رکعت نماز دو اسلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ سورۃ قدر ایک ایک بار سورۃ اخلاص ایک ایک مرتبہ پڑھے بعد سلام کے ستر مرتبہ درود پاک پڑھے۔ انشاء اللہ اس کے پڑھنے والے کے حق میں فرشتے دعائے مغفرت کریں گے۔ اکیسویں شب رمضان کو دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ ایک ایک سورۃ اخلاص تین تین مرتبہ پڑھنی ہے۔ بعد سلام کے نماز ختم کر کے ستر مرتبہ استغفار پڑھے۔ ماہ رمضان المبارک کی اکیسویں شب رمضان کو اکیس مرتبہ سورۃ پڑھنا بھی بہت افضل ہے۔ انشاء اللہ اس نماز اور شب قدر کی برکت سے اللہ پاک اس کی بخشش فرمائے گا۔

دوسری شب قدر

ماہ مبارک کی تیسویں شب رمضان کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے، اور ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ ایک ایک بار۔ سورۃ اخلاص تین تین بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ واسطے مغفرت گناہ کے یہ نماز بہت افضل ہے۔ تیسویں شب رمضان آٹھ کو رکعت نماز چار سلام سے پڑھنی ہے۔ ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ قدر ایک ایک دفعہ سورۃ اخلاص ایک ایک بار پڑھے۔ بعد سلام کے ستر مرتبہ کلمہ تمجید پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی بخشش طلب کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف فرما کر انشاء اللہ تعالیٰ مغفرت فرمائے گا۔ تیسویں شب رمضان کو سورۃ یٰسین ایک مرتبہ سورۃ رحمان ایک مرتبہ پڑھنا بہت افضل ہے۔

تیسری شب قدر

ماہ رمضان کی پچیس تاریخ کی شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ قدر ایک ایک بار۔ سورۃ اخلاص پانچ پانچ مرتبہ رکعت میں پڑھنی ہے۔ بعد سلام کے کلمہ طیب ایک سو دفعہ پڑھنا ہے درگاہ رب العزت سے انشاء اللہ تعالیٰ بے شمار عبادت کا ثواب عطا ہوگا۔ پچیسویں شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ سورۃ قدر تین تین مرتبہ۔ سورۃ اخلاص تین مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام کے ستر دفعہ استغفار پڑھے۔ نماز بخشش گناہ کے لئے بہت افضل ہے۔ پچیسویں شب کو دو رکعت نماز پڑھنی ہے۔ ہر دو رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ قدر ایک ایک مرتبہ۔ سورۃ اخلاص پندرہ پندرہ مرتبہ پڑھے بعد سلام کے ستر دفعہ کلمہ شہادت پڑھنا ہے۔ یہ نماز واسطے نجات عذاب قبر بہت افضل ہے۔ پچیسویں شب کو سات مرتبہ سورۃ دخان پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس سورۃ کے پڑھنے کے باعث عذاب قبر سے محفوظ رکھے گا۔ پچیسویں شب کو سات مرتبہ سورۃ فتح پڑھنا ہر مراد کے بہت افضل ہے۔

چوتھی شب قدر

ستائیس شب رمضان کو بارہ رکعت نماز تین سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ قدر ایک ایک مرتبہ سورۃ اخلاص پندرہ پندرہ مرتبہ پڑھیں۔ بعد سلام کے ستر مرتبہ استغفار پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس نماز پڑھنے والے کو نبیوں کی عبادت کا ثواب عطا فرمائے گا۔ انشاء اللہ العظیم ستائیسویں شب کو دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ قدر تین تین دفعہ سورۃ اخلاص ستائیس مرتبہ پڑھ کر گناہوں کی مغفرت طلب کرے انشاء اللہ اس کے نام پچھلے گناہ اللہ پاک معاف فرمائے گا۔ ستائیسویں شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھنی ہے۔ ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ تکاثر ایک ایک بار۔ سورۃ اخلاص تین تین بار پڑھے۔ اس نماز پڑھنے والے پر ہے اللہ پاک موت کی سختی آسان کرے گا انشاء اللہ تعالیٰ اس پر سے عذاب قبر بھی معاف ہو جائے گا۔ ستائیسویں شب کو دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ اخلاص سات سات مرتبہ پڑھے بعد سلام کے ستر دفعہ یہ تسبیح معظم پڑھنی ہے۔

استغفر اللہ العظیم الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز کو پڑھنے والے اپنے مصلے سے نہ اٹھیں گے کہ اللہ پاک اس کے اور اس کے والدین کے گناہ معاف فرما دے گا اور اللہ فرشتوں کو حکم دے گا کہ اس کے لئے جنت آراستہ کرو اور فرمایا کہ وہ جب تک تمام بہشتی نعمتیں اپنی آنکھ سے نہ دیکھا گا اس وقت تم موت نہ آئے گی۔ طلب مغفرت کے لئے یہ نماز بہت افضل ہے۔ ستائیس شب قدر کو دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۃ اخلاص کے سورۃ الم نشرح ایک ایک بار سورۃ اخلاص تین تین مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام ستائیس مرتبہ سورۃ قدر پڑھے۔ انشاء اللہ العظیم ثواب بے شمار عبادت کے یہ نماز بہت افضل ہے۔ ستائیسویں شب کو چار رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ قدر تین تین دفعہ سورۃ اخلاص پچاس پچاس مرتبہ پڑھے بعد سلام سجدہ میں سر رکھ کر ایک مرتبہ کلمات پڑھے۔

سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر.

اس کے جو حاجت دنیاوی یا دنیوی طلب کرے وہ انشاء اللہ تعالیٰ درگارہ باری تعالیٰ قبول ہوگی۔ ستائیسویں شب کو سورۃ ملک سات مرتبہ پڑھیں طلب حاجات اور گناہوں سے مغفرت کیلئے بہت فضیلت والی ہے۔

پانچویں شب قدر

انتیسویں شب کو چار رکعت نماز دوسلام سے پڑھے ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ قد ایک بار سورۃ اخلاص تین تین مرتبہ پڑھے بعد سلام کے سورۃ الم نشرح ستر مرتبہ پڑھے۔ یہ نماز حصول کامل ایمان کے بہت افضل ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کو دنیا سے مکمل ایمان کے ساتھ اٹھائے گا۔ ماہ رمضان کی انتیسویں شب کو چار رکعت نماز دوسلام سے پڑھے، ہر رکعت بعد سورۃ قدر ایک ایک بار، سورۃ اخلاص پانچ پانچ مرتبہ۔ سلام کے بعد درود شریف ایک مرتبہ پڑھے۔ انشا اللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کو دربار خداوندی سے بخشش اور مغفریت عطا کی جائے گی۔

ماہ رمضان المبارک کی انتیسویں شب کو سات مرتبہ سورۃ واقعہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ترقی رزق کے لئے بہت افضل ہے۔ ماہ رمضان کی کسی شب میں بعد نماز عشاء سات مرتبہ سورۃ قدر پڑھنی بہت افضل ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے پڑھنے سے ہر مصیبت دور ہو جائے گی۔

نوافل شب قدر

1: بارہ رکعت نفل ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ الاخلاص 13,13 مرتبہ پڑھیں۔ پڑھنے والا دنیا میں ایمان کی سلامتی سے رخصت ہوگا۔

2: دو رکعت، ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ آیت الکرسی 15 مرتبہ، سورۃ اخلاص اور سلام پھیر کر 3 مرتبہ سورۃ یٰسین کی تلاوت کریں انشاء اللہ روزی میں برکت ہوگی۔

3: دس رکعت، دو رکعت کے ساتھ، ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص 10 مرتبہ پھر ایک درود شریف۔ اجر اللہ پاک اولاد میں برکت فرمائے گا۔ اور انہیں نیک بنائے گا۔

4: آٹھ رکعت، ایک ہی سلام کے ساتھ ادا کرنا۔ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص گیارہ مرتبہ پڑھنا۔ اس شب کشف القبور حاصل ہوتا ہے۔ رشتہ داروں اور نیک بزرگوں کی زیارت کے خواہشمند حضرات ان ارواح سے ملاقات کر سکتے ہیں۔

5: چھ رکعت، دو دو رکعت کی نیت سے پڑھیں۔ پہلی دو رکعت کے بعد سورۃ یٰسین و سورۃ واقعہ ایک ایک بار پڑھیں، پھر درازی عمر کے لئے دعا مانگیں۔ رشتہ داروں اور نیک بزرگوں کی زیارت کے خواہشمند حضرات ان ارواح سے ملاقات کر سکتے ہیں۔

6: چار رکعت رسول اکرمؐ نے فرمایا کہ جو کوئی ستائیسویں رمضان کو چار رکعت پڑھے، ہر رکعت میں بعد الحمد کے سورۃ القدر تین بار سورۃ اخلاص پچاس ہزار پڑھے اور بعد سجدہ میں جا کر کہے۔

سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر

بعد اس کے جو دعا مانگے قبول ہوگی۔ اور عطا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو بے انتہا نعمت اور کل گناہ اس کے بخش دیئے جائیں گے اور شب قدر کی یہ دعا ہے۔

اللھم انک عفو تحب العفو فاعف عنی یا غفور یا غفور یا غفور

7: حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہؐ فرماتے تھے کہ جو شخص شب قدر میں دو رکعتیں اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ اس کے بعد سات مرتبہ قل ھو اللہ احد۔ (پوری سورۃ) پڑھے، پھر سلام پھرنے کے بعد ستر مرتبہ استغفر اللہ ربی من کل ذنب واتوب الیہ پڑھے تو اس کا پڑھنے والا مصلے سے اٹھنے نہ پائے گا کہ اللہ تعالیٰ اس کے اور اس کے والدین کے گناہوں کو معاف فرما دیں گے۔ (درۃ الناصحین)

8: جو شخص اس رات میں چار رکعت میں اس طرح پڑھے گا کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ ایک مرتبہ سورۃ التکاثر پڑھے اس کے بعد تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے پھر دوسری اور تیسری اور چوتھی رکعت میں ایسے ہی پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس پر موت کی سختی کو آسان کر دیتا ہے اور اس سے عذاب قبر اٹھا لیا جائے گا۔ (درالناصحین)۔

9: ایک روایت یہ ہے کہ جو دو رکعت نفل شب قدر کو پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۃ الفاتحہ، سورۃ القدر ایک بار اور سورۃ اخلاص تین بار پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو اجر عظیم دیگا۔ اس کو شب قدر کا ثواب ملے گا اور اس کے روزے قبول ہوں گے۔ اس کے علاوہ ثواب حضرت ادریسؑ حضرت ایوبؑ حضرت داؤدؑ حضرت نوح علیٰ نبینا کا عطا کیا جائے گا اس کو جنت میں مشرق سے مغرب تک ایک شہر عطا کیا جائیگا۔

10: چار رکعت نماز دوسلام سے پڑھنی ہے ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ التکاثر ایک بار سورۃ اخلاص تین مرتبہ پڑھے۔ اس نماز پڑھنے والے پر اللہ پاک موت کی سختی آسان کرے گا۔ انشاء اللہ اس پر عذاب قبر بھی معاف ہوگا۔

11: دو رکعت نماز تین سلام پڑھنے اور رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ القدر ایک بار سورۃ اخلاص پندرہ پندرہ مرتبہ پڑھنی ہے۔ بعد سلام کے ۷۰ مرتبہ استغفار پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس نماز پڑھنے والے کو نبیوں کی عبادت کا ثواب عطا ہوگا۔ انشاء اللہ العظیم۔

12: چار رکعت نفل پڑھے ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ القدر ایک بار سورۃ اخلاص ستائیس مرتبہ پڑھنے کے بعد یہ شخص ایسا ہے جیسے آج ہی وہ شخص پیدا ہوا ہو۔ اسکو اللہ تعالیٰ ہزار محل جنت میں عطا کرے گا۔

13: دو رکعت نماز پڑھے، ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ القدر تین تین دفعہ سورۃ اخلاص پانچ پانچ بار پڑھے۔ بعد سلام کے سورۃ اخلاص ستائیس مرتبہ پڑھ کر گناہوں کی مغفرت کرے۔

14: دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص سات سات مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام کے ستر دفعہ یہ تسبیح معظم پڑھنی ہے۔

استغفر اللہ العظیم الذی الا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز کو پڑھے اپنے مصلے سے نہ اٹھے گا کہ اللہ تعالیٰ اس کے اور اس کے والدین کے گناہ معاف فرما کر مغفرت فرمائے گا اور اللہ تعالیٰ فرشتوں کو حکم دے گا کہ اس کیلئے جیت آراستہ کرو اور فرمایا کہ جب تمام بہشت کی نعمتیں اپنی آنکھ سے نہ دیکھ لے اس وقت تک موت نہ آسکے گی۔ طلب حاجات اور مغفرت کیلئے یہ نماز بہت ہی افضل ہے۔

15: دو رکعت نفل پڑھے ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ الم نشرح ایک ایک بار سورۃ اخلاص تین تین مرتبہ پڑھے بعد سلام ستائیس مرتبہ سورۃ القدر پڑھے انشاء اللہ العظیم واسطے ثواب بے شمار عبادت کے یہ نماز بہت افضل ہے۔

16: چار رکعت نفل پڑھے ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے سورۃ القدر تین تین مرتبہ سورۃ اخلاص پچاس مرتبہ پڑھے۔

سورکعت: دو رکعت کے ساتھ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص 11 مرتبہ اللہ تعالیٰ ہر نیت میں 70 مرتبہ رحمت فرمائے گا اور ہر رحمت میں 70 حاجتیں پوری ہونگی ان میں سے ایک بخشش ہے بعد سلام سجدہ میں رکھ کر ایک مرتب یہ کلمات پڑھے۔

سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر

اس کے بعد جو حاجت دنیاوی و دینوی طلب کرے وہ انشاء اللہ تعالیٰ درگار باری تعالیٰ میں قبول ہوگی۔ شب قدر کی خاص دعا

اللھم انک عفو تحب العفو فاعف عنی

یا غفور یاغفور یاغفور.

نوافل شوال المکرم

رمضان المبارک کا بابرکت مہینہ جب اختتام پذیر ہوتا ہے اُسکی بڑی نشانی شوال المکرم کا چاند نظر آتا ہے اس بابرکت مہینہ کے اختتام پر روزے داروں کو انعام واکرام سے نوازا جاتا ہے اور خوشی کے طور پر ایام عید الفطر منائی جاتی ہے۔ شوال المکرم بھی برکتوں بھرا مہینہ ہے جس کے آغاز پر اگر عید الفطر کی نماز کے بعد چار رکعتیں پڑھے اوّل میں فاتحہ کے ساتھ **سورۃ الاعلی** دوسری میں **والشمس** تیسری میں **والضحیٰ** چوتھی میں **سورہ النشرح** ایک ایک بار پڑھے اور سلام کے بعد اکیس بارہ **سورہ اخلاص** پڑھے ، ایضاً چھٹی تاریخ میں چھ رکعتیں پڑھے ہر رکعت میں **سورہ الفاتحہ** کے بعد **سورہ الطّارق** ایک ایک بار پڑھے اور سلام کے بعد سو بار درود شریف پڑھے۔

ایضاً اس مہینے کے آخری عشرہ میں ہر روز **سورہ فاتحہ** پچاس بار پڑھے ختم قرآن اور شہداء کا ثواب ہوگا اور اس سال کے نامہ اعمال میں کوئی گناہ نہیں لکھا جائیگا۔

شوال المکرّم، زکات سورۃ مزمل

نوچندا اتوار سے روزہ رکھا جائے اور نوچندا جمعرات سے سورۃ مزمل روزانہ 49 بار 7 یوم تک پڑھی جائے۔ آٹھویں دن سے اس تعداد میں 7 کی کمی کرلیں۔ یعنی 42 بار پڑھیں گے۔ آئندہ مزید 7 روز بار تعداد کم کرکے 35 بار پڑھیں گے۔ مسلسل ہر 7 روز بعد 7 کی کمی کرلیں۔ یعنی 42 بار پڑھیں گے۔ آئندہ مزید 7 روز بار تعداد کم کرکے 35 بار پڑھیں گے۔ مسلسل ہر 7 روز بعد 7 کی تعداد سورۃ مزمل کم کرتے جائیں گے۔ آخری ساتویں ہفتہ صرف 7 بار پڑھنے کی تعداد رہ جائیگی اس کے بعد صاحب ورد سورۃ مزمل کا عامل ہوجائیگا۔ سورۃ مزمل سے متعلقہ تمام اعمال میں مدد لے سکتا ہے۔ بشرط کہ روزانہ سورۃ مزمل قبل نماز فجر 7 بار پڑھی جائے۔ تمام ورد میں درود مزمل اول و آخر 7 بار پڑھا جائیگا۔ دوران وظیفہ بدھ اور جمعرات کا روزہ رکھنا شرط اول ہے۔ تمام آداب وظیفہ کو نظر میں رکھیں رجعت سے بچنے کیلئے ہر وقت کلمہ استغفار کا ورد رکھیں۔ مشاہدات کے بارے میں کسیں سے ذکر نہ کریں۔

رمضان المبارک

تحریر:۔ قاری خدا بخش، مہتمم مدرسہ غوثیہ عثمانیہ مشکوۃ القران (ملتان)

ماہ رمضان کو رحمتوں اور برکتوں والا مہینہ کہا گیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ''مہینہ رمضان کا جس میں نازل ہوا قرآن، جو لوگوں کے لئے ہدایت ہے، جس میں روشن دلیلیں ہیں، راہ پانے کی اور حق کو باطل سے جدا کرنے کی، جو کوئی پائے تم میں سے اس مہینے کو تو ضرور روزے رکھے اور جو شخص بیمار ہو یا سفر میں ہو تو دوسرے دنوں میں شمار کر کے رکھنا ہیں۔'' (سورۃ البقرہ۔ آیت 185)

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''رمضان شریف کو نہ صرف قرآن مجید کے نازل ہونے کا شرف حاصل ہے بلکہ انسانی ہدایت کے لئے جو کچھ بھی آسمان سے نازل ہوا وہ اسی ماہ میں ہوا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے صحیفے رمضان کی پہلی تاریخ کو نازل ہوئے۔ موسیٰ علیہ السلام پر توریت ماہِ رمضان کی 6 تاریخ کو نازل ہوئی۔ عیسیٰ علیہ السلام پر انجیل 13 رمضان کو اور داؤد علیہ السلام پر زبور 18 رمضان المبارک کو نازل ہوئی۔

یہ رحمتوں اور برکتوں والا مہینہ ہے جسے اللہ کا مہینہ اور مجمع العبادات کہتا ہے۔ اس کو جشن نزول قرآن کا مہینہ بھی قرار دیا گیا ہے۔ جب رمضان آتا تھا تو نبی کریم ﷺ کا رنگ بدل جاتا تھا۔ نماز میں اضافہ ہو جاتا اور دُعا میں عاجزی فرماتے تھے۔ خوف غالب ہو جاتا، ایک دوسری روایت میں ہے کہ ماہ رمضان کے ختم ہونے تک آپ ﷺ بستر پر تشریف نہیں لاتے تھے۔

نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تمہارے اوپر ایک مہینہ نکلنے والا ہے جو بڑا عظیم اور مبارک ہے۔ بہت ہی بابرکت ہے، اس میں ایک رات ایسی ہے جو ہزار مہینوں سے بڑھ کر ہے، اللہ تعالیٰ نے اس ماہ کے روزوں کو فرض فرمایا ہے۔ جو شخص اس مہینے میں کسی نیکی کے ساتھ اللہ کا قرب حاصل کرے وہ ایسا ہے جیسے غیر رمضان میں فرض ادا کر رہا ہو اور جو شخص اس ماہ میں ایک فرض ادا کرے، وہ ایسا ہے جیسے غیر رمضان میں 70 فرض ادا کرے۔ یہ مہینہ صبر کا ہے اور صبر کا بدلہ جنت ہے۔ یہ مہینہ لوگوں کے ساتھ غم خواری کرنے کا ہے۔ اس ماہ میں مؤمن کا رزق بڑھا دیا جاتا ہے۔ جو شخص روزے دار کو روزہ افطار کرائے۔ اس کے لئے گناہوں کے معاف ہونے اور آگ سے خلاصی کا سبب ہوگا اور روزے دار کی مانند اس کو ثواب ہوگا مگر روزے دار کا ثواب کم نہ ہوگا۔ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عرض کیا یا رسول ﷺ! ہم میں سے ہر شخص تو اتنی وسعت نہیں رکھتا کہ روزے دار کو افطار کرائے۔ تو آپؐ نے فرمایا (یہ پیٹ بھر کر کھلانے پر موقوف نہیں) یہ ثواب تو ایک کھجور سے یا ایک گھونٹ پانی پلا دینے یا ایک گلاس لسی پلا دینے سے بھی عطا ہوتا ہے۔ یہ ایسا مہینہ ہے کہ اس کے اوّل کا حصہ رحمت ہے۔ درمیانی حصہ مغفرت ہے اور آخری حصہ آگ سے آزادی ہے اور جو اس ماہ اپنے نوکر کا بوجھ ہلکا کر دے اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت فرماتا ہے۔

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''میری اُمت کو رمضان شریف میں پانچ چیزیں خصوصی طور پر دی گئی ہیں جو پہلی اُمتوں کو نہیں دی گئیں۔ جس میں پہلی چیز یہ کہ روزے دار کے منہ کی بُو اللہ تعالیٰ کو مشک سے زیادہ پسند ہے۔ دوسری یہ کہ روزے دار کے لئے دریا کی مچھلیاں تک دعا کرتی ہیں اور ان کی دُعا افطار کے وقت تک جاری رہتی ہے۔ تیسری یہ کہ ہر روز ان کے لئے جنت آراستہ کی جاتی ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ یہ قریب ہے کہ میرے نیک بندے اپنی دنیا کی مشقتیں اور مشکلات پھینک کر میری طرف آئیں۔ چوتھی یہ کہ اس میں سرکش شیاطین جکڑ دیئے جاتے ہیں۔ پانچویں یہ کہ رمضان کی آخری رات روزے داروں کی مغفرت کی جاتی ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا ''کیا یہ شب مغفرت، شب قدر ہے؟ آپ نے فرمایا نہیں، بلکہ دستور یہ ہے کہ مزدور کو کام ختم ہونے کے وقت مزدوری دی جائے۔

علامہ عبدالرحمٰن صفوری لکھتے ہیں کہ سال کے بارہ مہینوں کی مثال یعقوب علیہ السلام کے بیٹوں کی مانند ہے جن کی تعداد بھی بارہ تھی۔ جن میں ان کو حضرت یوسف علیہ السلام زیادہ محبوب اور پیارے تھے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ کو سال کے بارہ مہینوں میں ماہِ رمضان زیادہ محبوب اور پیارا ہے جس طرح سیدنا یوسف علیہ السلام کی دُعا کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے سب بھائیوں کو بخش دیا تھا۔ اسی طرح رمضان المبارک کے بابرکت مہینے کے طفیل اللہ تعالیٰ مسلمانوں کے گیارہ ماہ کے گناہ بخش دے گا۔

رمضان کے روزے فرض ہیں، اس عبادت سے کسی کو راہ فرار نہیں ملتی حتیٰ کہ بیماری کی حالت میں بھی اس کا بدلہ دینا ضروری ہے۔ لیکن معافی بالکل نہیں ہے۔ یہ مہینہ اس مرتبہ ہمیں پھر حاصل ہو رہا ہے، اس کی رحمتیں اور برکتیں حاصل کرنا اب ہم سب پہ فرض ہے۔

زکوٰۃ کا کردار

تحریر:۔ملک ذوالفقار علی اعوان (چکوال)

اسلام نے مسلمانوں کو دنیا کی سب سے زیادہ متمدن قوم بنانے کے لئے ان پر زکوٰۃ فرض کی۔غور وفکر کے بعد پتا چلتا ہے کہ جائیداد اور اَملاک پر حق ملکیت کا اٹھا دیا جانا اس قدر محال ہے کہ آج تک اس کا رواج نہ ہوسکا۔اسی لئے قرآن حکیم نے اس بارے میں پہلے سے یہ فیصلہ کر دیا کہ ''رزق میں اللہ تعالیٰ نے کسی کو ایک دوسرے پر برتری دی ہے''۔

اللہ تعالیٰ نے زکوٰۃ کو فرض قرار دراسلام کا بنیادی رکن بنا دیا۔اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ زکوٰۃ درحقیقت انسانی ہمدردی، کفالت عامہ، معاشی خوش حالی کا نام ہے،اس کی بدولت انسان کے دل میں دیگر انسانوں کے لئے ہمدردی کا جذبہ فطری طور پر موجود رہتا ہے۔جہاں تک زکوٰۃ کی ادائیگی اور اس کے فوائد کا تعلق ہے تو سب سے پہلا اس کا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ مال کی محبت کی وجہ سے انسان جس قدر خود غرضی کا شکار ہو سکتا تھا،اس سے وہ محفوظ ہو جاتا ہے اور بخل کی بیماری سے بھی بچا رہتا ہے۔نیز وہ اپنی قوم کے غریبوں اور مسکینوں کو اپنی قوم کا ہی ایک حصہ سمجھتا ہے اور جس طرح انسان اپنے جسم کے تمام اعضاء کو طاقت ور بنا کر ہی ہر کام آسانی سے کر سکتا ہے،اس طرح تمام افراد قوم میں طاقت پیدا کر کے محفوظ رہ سکتے ہیں۔

اسلام میں ''زکوٰۃ'' کی غیر معمولی اہمیت کا اندازہ اس سے کیا جا سکتا ہے کہ قرآن کریم میں متعدد مقدمات پر نماز اور زکوٰۃ کا ساتھ ساتھ ذکر کیا گیا ہے اور ایمان کے بعد اوّلین مطالبہ نماز اور زکوٰۃ کا ہے۔درحقیقت ان دو عبادتوں پر کاربند ہونا، پورے دین پر کاربند ہونا ہے، جو بندہ اللہ تعالیٰ کے حضور نماز میں بندگی کے انتہائی گہرے جذبات کے ساتھ اپنے جسم وروح کو اللہ کے حضور پیش کر دے وہ مسجد کے باہر اللہ کے حقوق سے کیونکر غفلت کر سکتا ہے۔اسی طرح جو شخص اپنا محبوب مال ومتاع اللہ کی رضا اور خوشنودی کے لئے اللہ کی راہ میں خوشی خوشی لُٹا کر سکون وطمانیت محسوس کرے وہ بندوں کے دوسرے حقوق کیونکر پامال کر سکتا ہے۔

اسلام دراصل اللہ اور بندوں کے حقوق کی ادائیگی ہی سے عبارت ہے اسی لئے قرآن نے نماز اور زکوٰۃ کو اسلام کی پہچان اور دائرہ اسلام میں داخل ہونے کی شہادت قرار دیا ہے۔''سورۃ توبہ'' میں اللہ تعالیٰ نے مشرکین سے برأت اور بے زاری کا اظہار فرمانے کے بعد مسلمانوں کو یہ ہدایت بھی دی ہے کہ اگر مشرکین کفر و شرک سے توبہ کر کے نماز اور زکوٰۃ پر کاربند ہو جائیں تو یہ تمہارے دینی بھائی ہیں اور اسلامی سوسائٹی میں ان کا وہی مقام ہے جو دوسرے مسلمانوں کا ہے۔

ارشادِ ربانی ہے ''پھر اگر یہ (کفر وشرک سے) توبہ کر لیں اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ دیں تو یہ تمہارے دینی بھائی ہیں۔''

یہ آیت واضح طور پر بتاتی ہے کہ نماز اور زکوٰۃ اسلام کی واضح علامت اور قطعی شہادت ہیں اور اسی لئے قرآن نے زکوٰۃ نہ دینا مشرکوں کا وصف اور عمل قرار دیا ہے اور ایسے لوگوں کو آخرت کا منکر اور ایمان سے محروم قرار دیا ہے۔ایک موقع پر ارشاد ربانی ہے ''اور تباہی ہے ان مشرکوں کے لئے جو زکوٰۃ نہیں دیتے اور یہی لوگ ہیں، جو آخرت کے منکر ہیں''۔نماز اور زکوٰۃ دین کے دو بنیادی ارکان ہیں ان کا انکار یا ان میں تفریق کرنا دراصل اللہ کے دین سے انحراف ہے۔اور مؤمن کا کام یہی ہے کہ وہ مرتد کے خلاف جہاد کرے۔''ہمیں نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے کا حکم دیا گیا ہے اور جو شخص زکوٰۃ نہ دے اس کی نماز بھی نہیں ہوگی''۔ایک دوسری جگہ ارشادِ نبوی ﷺ ہے ''جو نماز پڑھے اور زکوٰۃ ادا نہ کرے تو وہ پورا مسلمان نہیں ہے۔اس کا کوئی اور عمل اس کو نفع نہ پہنچائے گا۔قرآن حکیم کی نظر میں درحقیقت سچے مؤمن وہی ہیں جو زکوٰۃ ادا کرتے ہیں۔ارشاد ربانی ہے:''وہ جو نماز قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے راہ خدا میں خرچ کرتے ہیں حقیقت میں یہی سچے مؤمن ہیں''۔

درحقیقت زکوٰۃ، مقاصد حسنہ کے حصول کا ایک ذریعہ بھی ہے،فرضیت زکوٰۃ سے معلوم ہوتا ہے کہ اسلام میں فرد کو حلال اور جائز ذرائع سے حاصل شدہ مال پر حق ملکیت حاصل ہے اس کے ساتھ ساتھ اسلام نے یہ تصور بھی دیا ہے کہ انسان کی اپنی ذات،اس کی صلاحیتیں، مال ومتاع اور اولاد اس کے پاس اللہ کی عطا کردہ نعمتیں اور امانت ہیں،اس لئے ان میں اللہ کی مرضی اور منشاء کے مطابق تصرف کرنا چاہئے۔لوگوں کی ایک بڑی تعداد شعبان کے مہینہ میں زکوٰۃ کا حساب نکالتے ہیں اور رمضان کے مہینہ میں زکوٰۃ کی ادائیگی کرتے ہیں۔اس طرح ان لوگوں کے نزدیک دو فائدے نکلتے ہیں۔پہلا فائدہ یہ ہے کہ رمضان کے مہینہ میں ادائیگی کا ثواب زیادہ ہوتا اور دوسرا یہ کہ غریب غرباء عید کی خوشیاں حاصل کر لیتے ہیں۔



زکوۃ مال وزر

تحریر:۔صوفی خوشنود احمد نقشبندی مجددی، کشمیر پوائنٹ (کوہ مری)

حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا! جو شخص اپنے مال کی زکوٰۃ نہیں دیگا قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اسکے مال کو سانپ بنا کر اسکے گلے میں ڈالے گا۔(ترمذی نس،ابی،ابن ماجہ)

ہم زکوۃ کیسے ادا کریں؟

اکثر مسلمان رمضان المبارک میں زکوۃ ادا کرتے ہیں اس لیے اللہ کی توفیق یہ تحریر پڑھنے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ آپ جان سکیں

سونا چاندی،زمین کی پیداوار،مال و تجارت،جانوراورپلاٹ۔کرایہ پر دئیے گئے کی زکوۃ کیسے ادا کی جاتی ہے ؟

زکوۃ کا انکار کرنے والا کافر ہے۔(حم السجدۃ آیت نمبر 7-6)

زکوۃ ادا نہ کرنے والے کو قیامت کے دن سخت عذاب دیا جائیگا۔

(التوبہ 35-34)

زکوۃ ادا نہ کرنے والی قوم قحط سالی کا شکار ہو جاتی ہے(طبرانی)

زکوۃ کا منکر جو زکوۃ ادا نہیں کرتا اسکی نماز روزہ حج سب بیکار اور حبث ہیں۔

زکوۃ ادا کرنے والے قیامت کے دن ہر قسم کے غم اور کوف سے محفوظ ہونگے۔(البقرہ 277)

زکوۃ کی ادائیگی گناہوں کا کفارہ اور درجات کی بلندی کا بہت بڑا ذریعہ ہے۔(التوبہ 103)

زکوۃ کا حکم

ہر مال دار مسلمان مرد ہو یا عورت پر زکوۃ واجب ہے خواہ وہ بالغ ہو یا نابالغ عاقل ہو یا غیر عاقل بشرط ہے کہ وہ صاحب نصاب ہو۔

نوٹ)سود، رشوت، چوری، ڈکیتی، اور دیگر حرام ذرائع سے کمایا ہوا مال ان سے زکوۃ دینے کا بالکل فائدہ نہیں ہوگا۔صرف حلال کمائی سے دی گئی زکوۃ قابل قبول ہے۔

زکوۃ کتنی چیزوں پر ہے

زکوۃ چار چیزوں پر فرض ہے۔

(1)سونا چاندی (2)زمین کی پیداوار (3)مال تجارت (4)جانور

(1)سونے پر زکوۃ

87 گرام یعنی ساڑھے سات تولے سونا پر زکوۃ واجب ہے(ابن ماجہ 1/1448)(**نوٹ**)سونا محفوظ جگہ ہو یا استعمال میں ہر ایک پر زکوۃ واجب ہے(سنن ابوداؤد کتاب الزکاۃ اور دیکھئے حاکم جز اول صفحہ 390۔ فتح الباری جز چار صفحہ 13)612 گرام یعنی ساڑھے باون تولے چاندی پر زکوۃ واجب ہے اس سے کم وزن پر نہیں (ابن ماجہ)

زکوۃ کی شرح زکوۃ کی شرح بلحاظ وزن اڑھائی فیصد ہے

(صحیح بخاری کتاب الزکاۃ)

زمین کی پیداوار پر زکوۃ مصنوعی ذرائع سے سیراب ہونے والی زمین کی پیداوار اگر پانچ وسق سے زیادہ ہے یعنی 725 کلوگرام تقریباً 18 من ہے تو زکوۃ یعنی عشر بیسواں حصہ دینا ہوگا ورنہ نہیں۔قدرتی ذرائع سے سیراب ہونے والی پیداوار پر شرح زکوۃ دسواں حصہ ہے دیکھئے۔

(صحیح بخاری کتاب الزکاۃ)

نوٹ) زرعی زمین والے افراد

گندم، مکئی، چاول، باجرہ، آلوسورج مکھی، کپاس گنا اور دیگر قسم کی پیداوار سے زکوۃ یعنی (عشر) بیسواں حصہ ہر پیداوار سے نکالیں۔

(صحیح بخاری کتاب الزکاۃ)

اونٹوں کی زکوۃ پانچ اونٹوں کی زکوۃ ایک بکری اور اور دس اونٹوں کی زکوۃ دو بکریاں ہیں پانچ سے کم اونٹوں پر زکوۃ واجب نہیں۔

(صحیح بخاری کتاب الزکاۃ)

بھینسوں اور گائیں کی زکوۃ

30 گائیں پر ایک بکری زکوۃ ہے۔40 گائیوں پر دو سال سے بڑا بچھڑا زکوۃ ہے۔(ترمذی 1/509) بھینسوں کی زکوۃ کی شرح بھی گائیوں کی طرح ہے۔

بھیڑ بکریوں کی زکوۃ

40 سے ایک بیس بھیڑ بکریوں پر ایک بکری زکوۃ ہے۔120 سے لے کر 200 تک دو بکریاں زکوۃ (صحیح بخاری کتاب الزکاۃ)۔40 بکریوں سے کم پر زکوۃ نہیں

کرایے پر دئیے گئے مکان پر زکوۃ

کرایے پر دیئے گئے مکان پر زکوۃ نہیں لیکن اگر اسکا کرایہ سال بھر جمع

ہوتا رہے جو نصاب تک پہنچ جائے اور اس پر سال بھی گزر جائے تو پھر اس کرائے پر زکوۃ واجب ہے۔ اگر کرایہ سال پورا ہونے سے پہلے خرچ ہو جائے تو پھر زکوۃ نہیں شرح زکوۃ اڑھائی فیصد ہوگی۔

گاڑیوں پر زکوۃ

کرایہ پر چلنے والی گاڑیوں پر زکوۃ نہیں بلکہ اسکے کرایہ پر ہیوہ بھی اس شرط کے ساتھ کہ کرایہ سال بھر جمع ہوتا رہے اور نصاب تک پہنچ جائے۔

نوٹ)گھریلو استعمال والی گاڑیوں جانوروں حفاظتی ہتھیار مکان وغیرہ پر زکوۃ نہیں (صحیح بخاری)

سامان تجارت پر زکوۃ دوکان کسی بھی قسم کی ہو۔ اسکے سامان تجارت پر زکوۃ دینا واجب ہے اس شرط کے ساتھ کہ وہ مال نصاب کو پہنچ جائے اور اس پر ایک سال گزر جائے۔

نوٹ)دوکان کے تمام مال کا حساب کر کے اسکا چالیسواں حصہ زکوۃ دیں یعنی دوکان کی اس آمدنی پر زکوۃ نہیں جو ساتھ ساتھ خرچ ہوتی رہے صرف اس آمدنی پر زکوۃ دینا ہوگی جو بنک وغیرہ میں پورا سال پڑی رہے اور وہ پیسے اتنے ہو کہ انسے ساڑھے باون تولے چاندی جا سکے۔

پلاٹ یا زمین پر زکوۃ جو پلاٹ منافع حاصل کرنے کیلئے خریدا ہو اس پر زکوۃ ہوگی ذاتی استعمال کیلئے خریدا گیا پلاٹ پر زکاۃ نہیں۔

(سنن ابی داؤد کتاب الزکاۃ حدیث نمبر 1562)

کس کس کو زکوۃ دی جا سکتی ہے ماں باپ اور اولاد کے سوا سب زکوۃ کے مستحق مسلمانوں کو زکوۃ دی جا سکتی ہے۔ والدین اور اولاد پر اصل مال خرچ کریں زکوۃ نہیں۔

نوٹ)ماں باپ میں دادا دادی، نانا نانی، اور اولاد میں پوتے پوتیاں نواسیاں نواسے بھی شامل ہیں (ابن باز)

زکوۃ کے مستحق لوگ

مساکین (حاجت مند)، غریب، زکوۃ وصول کرنے والے، مقروض، غیر مسلم جو اسلام کیلئے نرم گوشہ رکھتا ہو، قیدی، مجاہدین، مسافر۔ (سورۃ التوبہ 60)

نوٹ)ان میں سے کسی ایک مستحق کو ساری زکاۃ دی جا سکتی ہے۔ (مسلم)

بیوی اپنے ذاتی مال سے اپنے شوہر کو زکوۃ دے سکتی ہے۔

(صحیح بخاری کتاب الزکاۃ)

کس کو زکوۃ نہیں دی جا سکتی

بے نمازی کو (شیخ ابن باز)، مساجد کو، قرض دے کر زکوۃ میں نہیں کاٹ سکتے (سعودی فتوی کمیٹی)

چار رکعت نماز نفل صلوۃ التسبیح کی نیت کی جائے ہر رکعت میں 75 مرتبہ تسبیح پڑھی جائے۔ تسبیح یہ ہے

سبحان اللہ والحمد اللہ ولا اللہ الا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

پہلی رکعت میں ثناء کے بعد 15 بار یہ تسبیح پڑھیں۔

رکوع سے پہلے 10 بار، بعد تسبیح رکوع 10 بار، رکوع سے کھڑے ہو کر 10 بار، پہلے سجدہ میں 10 بار، دوسرے سجدہ میں جانے سے پہلے بیٹھ کر 10 بار، دوسرے سجدہ میں 10 بار اس طرح 04 رکعتیں مکمل کر لیں۔

یاد رہے کہ یہ چار حالت اکھٹی پڑھنی ہے یعنی پہلی دو رکعت کے بعد **التحیات** مکمل پڑھ کر سلام پھیرنے کی بجائے پھر کھڑے ہو جائیں اور پھر تیسری رکعت پہلی رکعت کی طرح ہی پڑھنی ہے۔ یعنی اس میں ثناء پڑھی جائیگی۔ اور اس کے علاوہ **سورۃ فاتحہ** کے بعد دوسرہ سورۃ بھی پڑھی جائیگی۔ چوتھی رکعت میں **سورۃ فاتحہ** کے بعد کوئی بھی سورۃ پڑھی جائیگی۔ اس طرح آپ کی صلوۃ التسبیح پوری ہو جائیگی۔

(نوٹ) اکثر علماء کے نزدیک تسبیح کے وقت صرف اتنا کلمہ پڑھا جائے۔

سبحان اللہ والحمد اللہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر اور آخری باران آخری الفاظوں کو پورا کیا جائے تو بھی درست ہے۔

ولاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

مثلاً اگر پندرہ بار ہم نے تسبیح پڑھنی ہے تو 14 بار اس کلمہ کو **واللہ اکبر** تک پڑھیں گے اور جب 15 ویں بار پڑھنے لگے تو اس کلمہ کو **العلی العظیم** پڑھ کر مکمل کر لیں گے۔

ایزی پیسہ یا دیگر ذرائع سے رقم ارسال کرنے سے قبل ہدایت

1۔ جب بھی ایزی پیسہ یا دیگر ذرائع سے رقم ارسال کرنا ہو اپنا مقصد لکھ کر بذریعہ ایس ایم ایس مطلع کریں۔

2۔ ایس ایم ایس کے آخر میں اپنا نام اور شہر ضرور تحریر کریں۔

3۔ لوح کا نام یا جس مقصد کے لئے آپ رقم ارسال کر رہے ہیں وضاحت کریں۔

4۔ رقم وصول کرنے کا Pin Code بذریعہ ایس ایم ایس ضرور مطلع کریں۔

5۔ ادارہ کے فون نمبر 0300-6351192 پر رقم ارسال کرنے کی اطلاع کا پیغام ارسال کریں۔

غزوہ بدر

حق و باطل کا پہلا معرکہ، غزوہ بدر
17 رمضان 2 ہجری کو
اسلام نے کفر کو شکست دی

تحریر:۔ قاری اشرف سعیدی مہتمم مسجد و مدرسہ حافظ عبدالشکور ملتان کینٹ

قریش مکہ کے پنجہ ظلم واستبداد کے ستائے ہوئے مظلوم ومقہور مسلمان جب مدینہ منورہ ہجرت کر کے آئے اور قدرے اُن کو سکون ملا تو یہ سکون کفار مکہ کے لئے سوہانِ روح بنا ہوا تھا۔ کہ یہ آج کے مٹھی بھر مسلمان کہیں آگے چل کر ہمیں اور ہمارے صنم کدے ویران نہ کر دیں۔ چنانچہ اُنہوں نے مسلمانوں کو صفحہ ہستی سے مٹانے کے لئے زور وشور کی تیاریاں شروع کر دیں اور منافقین و یہود کو بھی اپنا ہم نوا بنا لیا۔

قریش قبیلہ کے کافر جنگ کی تیاریوں میں ہمہ تن مصروف تھے اس سال بھی ایک بڑا بھاری تجارتی قافلہ بڑے ساز وسامان کے ساتھ شام روانہ کر دیا گیا۔ اس تجارتی قافلہ کی روانگی کے ایک ماہ بعد رحمت عالم ﷺ نے عبداللہ بن جحشؓ کی سرکردگی میں دس بارہ آدمیوں کی جماعت کو حالات کی تفتیش کے لئے روانہ کیا۔ سارے مکہ میں یہ بات مشہور ہوگئی کہ مسلمان قافلے کو لوٹنے کے لئے آرہے ہیں اور آئندہ کے لئے شام کی تجارت بند کرنا چاہتے ہیں۔ یہ سُن کر باشندگان مکہ آگ بگولہ ہوگئے اور جنگ کے لئے میدان میں نکل پڑے۔

علامہ ابن عساکر نے لکھا ہے کہ مکہ معظمہ سے قریش مکہ بڑے ساز وسامان کے ساتھ نکلے۔ ہزار آدمیوں کی جمعیت تھی۔ 100 سواروں کا رسالہ تھا تمام رؤسائے قریش اس فوج میں مشرکین مکہ کے وہ منتخب اور شجاع لوگ موجود تھے جن کی شہرت وعظمت کا سکہ تمام عرب میں بیٹھا ہوا تھا اور یہ لوگ فنون جنگ سے پوری طرح واقف اور آگاہ تھے۔

جناب نبی کریم ﷺ کو جب معلوم ہوا کہ قریش بدر میں پڑاؤ ڈال کر ہم پر حملہ آور ہونا چاہتے ہیں۔ حضور ﷺ انصار کی رائے لینا چاہتے تھے، اس وقت انصار کی جانب سے سعد بن عبادہ انصاریؓ نے عرض کیا کہ یارسول ﷺ! اللہ کی قسم! آپ فرمائیں تو ہم سمندر میں کود جائیں۔ حضرت مقدادؓ نے کہا! ''اگر آپ فرمائیں تو آپ کے ہمراہ شعارہ آبدوپر جانیں قربان کر دیں ہم حضرت موسیٰؑ کی اُمت کی طرح اپنے نبیؐ سے یہ نہ کہیں گے کہ جا تو اور تیرا خدا لڑے ہم تو یہیں جمے بیٹھے ہیں''۔

رمضان المبارک کی 12 تاریخ جب تاجدار دو جہاں ﷺ اپنے مٹھی بھر لشکر کو لے کر چلے ایک میل چل کر فوج کا جائزہ لیا جو کم عمر تھے ان کو واپس فرما رہے تھے مگر کم سن بھی ایڑیوں کے بل اونچے کھڑے ہو کر میدانِ جنگ میں جانے کی آروز کر رہے تھے۔ ان میں سے عمیر بن ابی وقاص، معوذ ومعاذ کو بھی اجازت مل گئی۔ مسلمانوں کے پاس چند گھوڑے اور چند اونٹ تھے باقی لشکر پاپیادہ تھے۔ یہ توحید کے پرستار، شمع رسالت کے پروانے غیر معمولی جوش وخروش کے ساتھ جذبۂ شہادت کی لگن سے میدان کارزار کی طرف بڑھے چلے جا رہے تھے۔ لشکر کفار پہلے ہی میدان کے مناسب مقامات پر قابض ہو چکا تھا۔ اسلامی لشکر جس جگہ فروکش ہوا وہاں کوئی کنواں یا چشمہ نہ تھا۔ رات ہوگئی تو تاجدار مدینہ ﷺ ساری رات اللہ کے حضور گڑگڑا کر دُعائیں مانگتے رہے کہ ''یا اللہ یہ تیرے چند نام لیوا بندے! آج اگر شکست کھا گئے تو قیامت تک شاید تیرا کوئی نام لینے والا نہ رہے''۔ اے اللہ ہماری مدد فرما۔

صبح کی نماز سے فراغت کے بعد سپہ سالار اعظم نے صف آرائی شروع فرمائی۔ آپؐ کے دست مبارک میں ایک تیر تھا، جس سے اشارہ کر کے صفیں بنا رہے تھے۔ مہاجرین کا جھنڈا مصعب بن عمیرؓ کو عطا فرمایا۔ خزرج کے علمبردار حباب بن منذرؓ اور اَوس کے سعد بن معاذؓ مقرر ہوئے۔ صفوں کی ترتیب کے بعد تاج دار کونین ﷺ نے درگاہ قاضی الحاجات میں دُعا کے لئے ہاتھ اُٹھائے اس وقت انتہائی خضوع وگریہ طاری تھا۔ اس وقت محویت اور بے خودی کے عالم میں چادر کندھے سے گر پڑتی تھی، کبھی سجدے میں جاتے اور کبھی اُٹھ کھڑے ہوتے۔ حضور اقدس ﷺ اسی حالت میں تھے کہ وحی نازل ہوئی اور فتح کی بشارت دی گئی۔ آپؐ نے سر مبارک سجدہ سے اُٹھا کر صحابہ کرامؓ کو کامیابی کا مژدہ سنایا۔

مشرکین کی صفوں میں سے عقبہ، شیبہ اور ولید جیسے نام ور جنگجو میدان میں آئے اور مسلمانوں کی صفوں میں سے سے حضرت حمزہ علیہ السلام۔ عبیدہؓ بن الحارث۔ حضرت علی علیہ السلام میدان میں نکلے۔ چنانچہ حضرت حمزہ علیہ السلام نے میدان میں آتے ہی فوراً شیبہ کو گرا دیا۔ حضرت علی علیہ السلام نے ولید کو خاک و خون میں تڑپا دیا۔ عبیدہؓ اور عقبہ ایک دوسرے کے ساتھ لڑتے رہے حتیٰ کہ دونوں زخمی ہوگئے۔ اسی اثناء میں حضرت علی علیہ السلام وحمزہ علیہ السلام نے عقبہ کو ڈھیر کر دیا۔ اب عام حملہ شروع کیا گیا۔ دونوں صرف سے صفیں ٹوٹ پڑیں۔ تلواروں کی چمک میں موت کے رقص شروع ہوئے۔ (بقیہ صفحہ نمبر 27)

المدینہ اسٹنیشری، تحصیل بازار بھاولنگر۔ 0303-0533893 ادارہ روحانیات

قسط 35 جنات کی روحانی واردات

تحریر:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

کالے وسفلی علم کے جادوگروں کے بھیانک انجام' جنات بھوت' پریاں چڑیل' اولیاء اللہ اور بزرگان دین' شہداء' کشف القبور' موت اور زندگی کے سچے واقعات

شرارتی جنات ہر جگہ پر موجود ہوتے ہیں جنات کی کئی اقسام ہیں جن کے بارے میں پہلے بھی تحریر کر چکا ہوں ۔ جنات کی شرارتیں انسانوں کے لئے انتہائی خوف ناک اور ہیبت ناک ثابت ہوتی ہیں انسان کو خوف اور دہشت میں مبتلا دیکھ کر شریر جنات بہت خوش ہوتے ہیں اگر یہ جنات انسانی روپ میں دکھائی دیں تو ان کے قد چھوٹے حلیہ سرکس کے مسخروں جیسا ہوتا ہے۔اس کے علاوہ بھی ان کے کئی روپ ہیں ۔شرارتی جنات کا ایک واقعہ قارئین کی خدمت میں پیش کرتے ہیں۔

ایک دوست پریشانی کی حالت میں آئے انتہائی خوف زدہ تھے کہ کل رات سے گھر میں طرح طرح کے واقعات رونما ہو رہے ہیں میں دو بچوں سمیت رہتا ہوں گذشتہ دنوں کسی ضروری کام کی غرض سے لاہور جانے کا ارادہ کیا، اپنی بیگم سے کہا کہ جلدی جلدی کپڑے استری کر دو رات گیارہ بجے مجھے لاہور کیلئے نکلنا ہے۔ساڑھے نو بجے میں گھر پہنچ گیا کپڑے استری تھے۔کھانا کھانے کے بعد غسل کیلئے جانے لگا تو کپڑے نہیں مل رہے تھے ادھر اُدھر تلاش کیا مگر ناکامی ہوئی بیگم سے کہا کہ بعد میں تلاش کر لینا۔ابھی دوسرے کپڑے استری کر دو اس نے کپڑے والی الماری کھولنا چاہی وہ بھی بند تھی تالا لگا ہوا تھا پورا گھر چھان مارا کوئی دوسرے دُھلے ہوئے کپڑے نہ ملے، میں بھلا دن بھر کے میلے کپڑوں میں کیسے سفر پر جا سکتا تھا اور پھر یہ بھی ضروری تھا کہ کم از کم دو استری شدہ سوٹ بیگ میں ہوں پریشانی کی حالت میں ساڑھے دس گھر پر ہو گئے ہمارے گھر سے بس ٹرمینل پینتالیس منٹ کی مسافت پر تھا۔سوچا کہ بارہ بجے والے ٹائم سے چلا جاؤں گا، فون پر ٹکٹ بک کروائی اور دوبارہ کپڑوں کی تلاش شروع کر دی اس طرح سوا گیارہ گھر پر ہو گئے مگر ایک بھی کپڑا نہ ملا اور نہ الماری کی چابیاں ملیں تھک ہار کر بیٹھ گیا کہ صبح یا تو تالا کھولنے والے کو بلوا کر الماری کھلواؤں یا نئے کپڑے خرید کر سفر پر روانہ ہو جاؤں گا حسب معمول صبح بیدار ہوئے تقریباً دس بجے کے قریب تین گھر چھوڑ کر رہنے والے ہمسایے نے ہمارے گھر کی بیل بجائی باہر نکل کر دیکھا تو اس کے ہاتھ میں ہمارے کپڑوں کی الماری کی چابیاں تھیں میں اسے دیکھتے ہی آگ بگولہ ہو گیا کہا کہ تمہارے بچے اکثر و بیشتر ہمارے گھر میں آتے ہیں کل رات مجھے لاہور جانا تھا اور وہ الماری میں میرے کپڑے بند کر کے چابیاں ساتھ لے گئے رات سے ہم سخت پریشان ہیں۔

ان صاحب نے نہایت تحمل مزاجی سے جواب دیا میرے بھائی صبح جب میں فجر کیلئے اٹھا تو ہمارے صحن میں یہ چابیاں گری ہوئی ملیں مجھے پتہ نہ تھا کہ یہ آپ کی ہیں اُٹھا کر گھر میں دیوار پر لگا دیں۔ بچے صبح اسکول جانے لگے تو میری بیگم نے ان سے پوچھا کہ چابیاں کہاں سے آئیں انہوں نے بتایا کہ یہ ہماری نہیں ہیں بلکہ شعیب انکل کے گھر کی الماری کی ہیں بچوں کو ڈانٹا کہ یہ کون لے کر آیا تو انہوں نے بتایا کہ ہم دو روز سے ان کے گھر نہیں گئے ۔اب یہ امانت میں آپ کو دینے آیا ہوں میں نے ان کا شکریہ ادا کیا اور بڑبڑاتا ہوا گھر داخل ہوا غصے کی حالت میں اپنی بیگم سے کہا کہ ہمسائے کے بچے چابیاں لے گئے تھے ان کے گھر سے ملیں ہیں میری بیگم نے بتایا کہ دو روز سے وہ بچے ہمارے گھر نہیں آئے وہ کیسے لے جا سکتے ہیں؟

بہر حال بات آئی گئی ہوئی اب گھر میں ہم دونوں میاں بیوی کے علاوہ کوئی نہیں تھا دودھ والا پانچ کلو دودھ دے کر گیا بیگم نے وہ دودھ دھیمی آنچ پر چولہے پر رکھا اور ہم ناشتے کی ٹیبل پر بیٹھ گئے ناشتے سے فراغت کے بعد وہ کچن میں گئیں تو چیخ کر بولیں کہ یہ آپ نے کیا کیا؟ پتی کا پورا ڈبہ دودھ میں ڈال دیا، میں نے انہیں یقین دلایا کہ میں ایسا کیوں کروں گا ۔ پھر انہوں نے اپنے دماغ کو ٹھنڈا کیا نرم لہجہ میں بولیں ہو سکتا ہے کہ ناشتہ تیار کرتے ہوئے بے دھیانی میں میں نے ڈال دیا ہو۔

اس روز میں نے دفتر سے چھٹی کی تھی لاہور تو نہ جا سکا سوچا کہ سبزی منڈی سے فروٹ لیے آؤں ۔دو سے تین گھنٹہ بعد واپسی ہوئی بیگم کچن میں دوپہر کا کھانا تیار کر رہیں تھیں گرمی کی وجہ سے میرا بُرا حال ہو چکا تھا تقریباً ڈیڑھ بجے کا وقت تھا بچوں کو دو بجے اسکول سے لینا تھا، خیال آیا پہلے نہا لوں پھر تازہ دم ہو کر بچوں کو لے آؤں گا نہا کر واپس ڈرائینگ روم میں آیا دیکھتا ہوں کہ منڈی سے لائے گئے دس کلو مالٹے اور چھ درجن کیلے چھلے ہوئے ٹیبل پر رکھے تھے چھلکے بڑے طریقے سے کچرے دان میں ڈالے گئے تھے اس کے علاوہ سیب بھی کاٹ کر ٹیبل پر رکھ دیے تھے میں دیکھتے ہی

دور سے چلایا۔ بیگم کیا یہ آج سارا فروٹ تم کھاؤ گی جو تمام کا تمام کاٹ اور چھیل کر رکھ دیا انہوں نے وہیں سے جواب دیا میں تو کچن سے باہر ہی نہیں نکلی آ کر ڈرائینگ روم میں دیکھا تو وہ بھی حیران رہ گئیں بچوں کی چھٹی کا وقت ہو چلا تھا میں نے بحث کرنا مناسب نہیں سمجھا، گھر کے داخلی دروازے سے گیراج کی جانب بڑھا دروازے کو تالا لگا دیا گیا تھا ایک نئی مصیبت کھڑی ہوگئی تھی بیگم سے پوچھا کہ چابی کہاں ہے اور تم نے یہ تالا کیوں لگا دیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا کہ مجھے کیا ضرورت پڑی تھی کہ تالا لگاؤں یا آپ کو تنگ کروں اس حرکت کے بعد جیسے وہ سُن ہوگئی ہوں کہنے لگی کہ مجھے ڈر لگ رہا ہے۔ کل سے عجیب وغریب واقعات ہو رہے ہیں مجھے اپنے ساتھ لے چلو میں اب گھر میں اکیلی نہیں رہوں گی میرا پارا بڑھ رہا تھا جھنجلا کر کہا پہلے دروازہ تو کھولو اب پھر چابیاں غائب ہوگئیں ڈرائینگ روم کے دوسرے دروازے سے باہر نکلے بیگم ہمراہ تھیں ڈر اور خوف کے مارے کسی صورت گھر میں اکیلی رہنا نہیں چاہتی تھیں۔ جب گاڑی اسٹارٹ کی دیکھا، تو کار کے ڈیش بورڈ پر چابیاں رکھی ہوئیں تھیں میں نے سختی سے اپنے بیگم کو منع کیا کہ کل رات اور آج کے ہونے والے کسی واقعہ کا ذکر بچوں سے نہ کرنا یقیناً یہ کسی غیبی مخلوق کے کام ہیں، خوف کے مارے بُرا حال تھا۔ بچوں کو اسکول سے لیا اب چابیاں سنبھال کر رکھیں انہوں نے جیب سے نکال کر گھر اور گاڑی کی چابیاں دیکھائیں کہ یہ ہیں۔

یہ واقعات بتاتے ہوئے ان صاحب کے چہرے پر عجیب سا خوف اور دہشت نمایاں تھی۔ ان صاحب کو یقین دلایا کہ خوف زدہ ہونے کی کوئی بات نہیں یہ معمولی واقعات ہیں آپ کو کوئی نقصان نہیں پہنچے گا انہوں نے بغیر سوچے سمجھے جواب دیا کہ شاہ صاحب آپ کے لئے یہ واقعات معمولی ہوں گے لیکن ہمارے پاؤں کے نیچے سے زمین نکل گئی ہے برائے مہربانی کچھ کریں گھر میں ایک خوف طاری ہے ہمیں کچھ سمجھ نہیں آتا کہ کیا کریں؟

بندہ احقر العباد نے اُن صاحب کو کچھ دیر کے لئے مہمان خانے میں بٹھایا اور خود حجرہ خاص میں چلا گیا اول و آخر درود مزمل بارہ بار اور سورہ مزمل کے بارہ بار ورد کے بعد دعا کی گئی پھر حالات مراقبہ میں انکشاف ہوا کہ جناتی قبیلے کا ایک شرارتی بچہ ان کے گھر میں شرارتیں کر رہا ہے کہ آئندہ اس قسم کی کوئی حرکت نہ ہو۔ مکمل اندھیرا تھا اور بارگاہ الٰہی میں بندہ احقر حاضر تھا کہ ''الٰہی اگر تو چاہے تو کلام الٰہی کی برکت سے اس مخلوق کو ظاہر کر سکتا ہے اس دعا کو چند بار دہرایا گیا تو جائے نماز کے دائیں جانب سگریٹ کے دھوئیں جیسا کچھ غبار ظاہر ہوا۔ اس سے شعیب صاحب کے گھر ہونے والے واقعات بارے پوچھا کہ تم نے کئے ہیں۔ بہت خفیف سا اشارہ ملا کہ ہاں، اس وقت سورہ مزمل کی برکت کے طفیل اسے حکم دیا گیا کہ آج کے بعد کسی کے گھر میں داخل نہ ہوں گے اور نہ کسی قسم کی شرارت کرو گے۔ اگر اب کوئی حرکت یا شرارت کی تو مجھے فوری پتہ چل جائے گا اور تمہیں اس کی سزا ضرور ملے گی۔ اس حکم کے بعد نو بار سورہ الہب با آواز ورد کی۔ اس کو جانے کی اجازت دے دی گئی سورہ الہب پڑھنے کی برکت سے اس جن بچہ کے دل میں خوف اور دہشت پیدا ہوگئی اسے قرانی قوت کا اندازہ ہوگیا۔ حالت سجدہ میں باری تعالیٰ کا شکر ادا کیا کہ ''الٰہی عزت اور ذلت تیرے ہاتھ میں ہے میرے اعمال ایسے نہیں کہ تجھ سے اپنی بات منوا سکوں تیری ذات غفور و رحیم ہے یہ باہر بیٹھا شخص مجھے اپنی نظر میں نجانے کیا روحانی حیثیت دیتا ہے اپنے کلام کی لاج رکھ لے اور سورہ مزمل کے واسطہ سے اس شخص کی نظر میں میری عزت رکھ لے کہ دوبارہ یہ مخلوق اس کے اہل خانہ کو پریشان نہ کرے۔'' حجرہ خاص سے نکلنے کے بعد بندہ احقر نے ان صاحب کو تسلی اور حوصلہ دیا سورہ مزمل کے دو نقش تیار کر کے پاس رکھنے کیلئے دیے مزید ہدایت کی کہ گھر کے ہر کمرہ اور ڈرائینگ روم میں سورہ مزمل کا فریم آویزہ کریں۔ کم از کم پانچ بار سورہ مزمل بعد نماز فجر باآواز تلاوت کیا کریں تو اس مخلوق کی شرارتوں سے محفوظ رہیں گے۔ ان صاحب کی آنکھوں میں پانی بآسانی دیکھا جا سکتا تھا بار بار شکریہ کے لفظ بول رہے تھے اور دی گئی ہدایت پر عمل کرنے کا وعدہ کیا انتہائی باادب طریقہ سے رخصت چاہی۔

محترم دوستو! جب تک آپکی زبان میں تاثیر نہ ہوگی اس کلام کے اثرات بھی ظاہر نہ ہوں گے۔ کسی بھی کلام الٰہی کی تاثیر حاصل کرنے کے لئے جسم و روح کی پاکیزگی کے ساتھ اس کلام کا ورد ضروری ہے کچھ کھو کر ہی کچھ پایا جاتا ہے۔ کمزور روحانی قوت دیکھ کر یہ طاقتیں آپ پر حاوی ہو سکتی ہیں۔ اس جن بچہ کی تسخیر کے لئے صبح 11 تا 01 فون پر رابطہ کریں۔

قارئین تحفہ روحانیات سے التماس ہے کہ نقوش اور عبارت عمل کی خود بھی پڑتال کر لیں۔ ادارہ کی جانب سے ان باتوں کا خاص خیال رکھا جاتا ہے مگر پھر بھی غلطی کا احتمال ہے۔ خاص طور سے قرآنی آیات کی قرآن پاک سے پڑتال کریں۔ بہت باریکی سے خیال رکھنے کے باوجود دینی عبارات یا قرآن پاک آیات کی کمپوزنگ غلطی لاعلمی میں ہو سکتی ہے۔ قارئین خود بھی احتیاط کریں۔ **(ادارہ)**

ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

شمس تثلیث مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
ہفتہ	03	08:44 تا 09:53	16:49 تا 17:58	مغرب	21:29 تا 22:30	جنوب

مفت کی دولت

(مقصد عمل) یہ ایسا وقت ہے کہ جس میں لکی نمبرز پر ائز بانڈ، کمیٹی یا اسی طرح کے دوسرے انعامی چانس کی سکیموں میں مفت کی دولت مل سکتی ہے ستاروں کی اس نظر کے تحت غربت اور افلاس چند ہی دنوں میں ختم ہو جاتا ہے شرط ہے کہ آپ کی طرف سے عمل میں کوئی غلطی یا کوتاہی نہ ہو۔ ضروری ہی نہیں ہے اس عمل کی برکت سے آپ کا انعامی چانس نکلے بلکہ اللہ کی طرف سے کئی اور رستے بھی رزق کو فراغ کرنے کیلئے مل جاتے ہیں۔

(عمل) 1 تسبیح استغفار + 21 بار درود شریف + 21 سورہ مزمل + 21 بار درود شریف پڑھیں بعد میں ایک سفید کاغذ پر اسمائے الٰہی ''یا مغنی یا زکی'' ''یا مغنی یا لطیف'' 7 بار لکھیں اس کاغذ کو نقش کی صورت میں لپیٹ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں ہر روز 21 بار سورہ مزمل اول آخر درود شریف 21 بار بعد نماز فجر پڑھ کر اس باندھے ہوئے نقش پر پھونک دیں جو لوگ سورہ مزمل نہ پڑھ سکیں وہ مذکورہ اسم الٰہی کا ورد 117 بار کریں۔

زہرہ تسدیس مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
جمعہ	09	05:51 تا 06:25	13:22 تا 14:32	جنوب مشرق	19:10 تا 20:00	جنوب مغرب

صلح مرد زن

(مقصد عمل) مرد و عورت میں صلح کرانے کے لیے یا ایسے پریشان افراد جو کہ اپنی بیوی کے ہاتھوں تنگ ہوں کہ وہ چرب زبان اور نافرمان ہو یا ایسی خواتین کہ جن کے شوہر عیاش طبعیت اور زیادہ غصہ والے ہوں اس عمل کی قوت سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) **یا رحمن یا رحیم یا کریم یا ولی** کا ورد شروع کریں مکھن کی ڈلی پر 721 بار کریں اول آخر درود شریف 21 بار پڑھیں۔ بعد ورد اس مکھن کو کسی بھی طرح اُس شخص کو کھلا دیں جس سے اپنا مقصد حاصل کرنا چاہتے ہوں، اس عمل کی برکت سے وہ شخص مکمل طور پر صاحب عمل کے لیے مسخر ہو جائے گا۔

عطارد تثلیث مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
منگل	13	08:45 تا 09:54	16:52 تا 18:02	شمال مشرق	20:02 تا 20:52	شمال

ترقی ملازمت

(مقصد عمل) ایسے ملازم پیشہ افراد جو کہ ترقی کے خواہاں ہوں اور کسی بھی صورت کوئی امید نظر نہ آتی ہو اس عمل سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

(عمل) دیئے گئے وقت میں **یا رافع** کا ورد 4000 بار پڑھیں آنکھیں بند اور دل کی طرف مکمل توجہ ہو ذہن میں اپنے مقصد کی طرف دھیان ہو بعد ورد اپنے لب سے اپنی پیشانی پر شہادت کی انگلی سے اس اسم کو لکھیں اور آسمان کی طرف پھونک دیں اول آخر درود شریف 19 بار پڑھیں پھر سجدہ میں جا کر اپنے مقصد کی دعا کریں انشاء اللہ بہت جلد مقصد میں کامیابی ہوگی نقش بنانے کے لیے **یا رافع** کے عدد 351 سے نقش مربع بادی پر کریں اور اسے ہمیشہ اپنے پاس رکھیں آخر میں اس نقش کے اپنا مقصد اور مطلب لازمی لکھیں۔

شمس مقابلہ زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
جمعرات	15	07:20 تا 08:32	15:44 تا 16:56	مشرق	20:08 تا 20:56	جنوب مشرق

مسلط عذاب

(مقصد عمل) سیاروں کی یہ نظر نحس مانی جاتی ہے اس خاص نظر کے تحت دشمن کو تکلیف میں مبتلا کرنا یا تباہ و برباد کرنا یا اُس پر پریشانی مسلط کرنا جیسے اعمال کئے جاتے ہیں۔ قارئین معمولی رنجش کی بناء پر عمل کرنے سے گریز کریں۔ ناجائز لڑنے پر خود عذاب میں مبتلا ہوگا۔

(عمل) متذکرہ بالا نظر کے تحت سورۃ الکوثر کچی مٹی کی اینٹ پر چاروں طرف تحریر کریں۔ آخری آیت کے آخر میں لفظ ابتر 3 بار لکھیں اور 3 بار ہی

نوٹ:۔ قارئین تحفہ روحانیات اعمال شر اختیار کرنے سے قبل خصوصی اجازت طلب کریں۔ **ادارہ روحانیات**

دشمن کا نام لکھیں اگر دشمن کے جسم میں تیز حرارت اور بے چینی پیدا کرنے کا خیال ہو تو اس اینٹ کو دہکتی آگ میں رکھ کر 108 بار سورۃ مبارکہ کا ورد کریں اگر تباہ و بربادی کا خیال ہو تو بہتے ہوئے پانی میں ڈال کر سورۃ مبارکہ 80 بار پڑھیں۔ عمل کی رجعت سے محفوظ رہنے کیلئے تل اور شکر قبل از عمل قبرستان میں پھینک دیں۔

عطارد مقابلہ زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
سوموار	19	06:09 تا 07:21	12:09 تا 13:21	جنوب	20:09 تا 20:57	شمال مغرب

عمل شر

(مقصد عمل) یہ عمل شر ہے گزشتہ کئی بار ذکر کیا جا چکا ہے کہ عمل شر نہایت تیز اثر مگر خطرناک ہوتے ہیں ناجائز جگہ پر استعمال کئے جائیں تو اس کے نتیجہ میں خود عمل کرنے والے کو سزا بھگتنا ہی پڑتی ہے۔ موکلات اور جنات جب تک عمل کرنے والے کو سزا نہ دیں سکون سے نہیں بیٹھتے۔ عمل صرف اس جگہ کیا جائے جہاں جائز اور اشد ضرورت ہو۔ عمل سخت ترین دشمن کو بیماری میں مبتلا کرنے کے لئے ہے۔

(عمل) قبرستان سے ایسی قبر کی مٹی جمع کی جائے کہ بعد قبرستان کے نلکا سے پانی لے کر اس مٹی کو گوندھ کر دشمن کا ایک تصوراتی پتلا بنا لیا جائے۔ اب اس پتلے کو عمل کے وقت سامنے رکھ کر 80 بار سورۃ ''تبت یدا'' بغیر بسم اللہ اور بغیر درود کے پڑھیں اور اس پتلہ پر پھونک دیں۔ جس پر دشمن کا تصور کیا جائے اس پتلے پر سوئی کی نوک سے (7) بار حرف ''ف'' لکھا جائے اس پتلے کے سینہ پر دشمن کا نام مع والدہ لکھا جائے اب اس پتلہ کو سیاہ کپڑے میں لپیٹ کر قبرستان میں دبا دیں۔ گھر واپسی پر 300 روپے کی کوئی نمکین شے بچوں میں تقسیم کریں۔ عمل سے قبل حصار لازمی لگا لیں۔

عطارد قران شمس

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
بدھ	21	04:58 تا 06:10	10:57 تا 12:09	شمال مشرق	20:57 تا 21:45	شمال

خاتمہ جادو

(مقصد عمل) سیاروں کی اس نظر میں جادو کے خاتمہ کیلئے عمل کیا جا سکتا ہے یعنی کوئی بھی شخص جس پر کوئی کالا یا سفلی علم ہوا ہو اور وہ شخص مسلسل ناکامی مایوسی کا شکار ہو کہ لاکھ کوشش کے باوجود بھی اس جادو کا توڑ نہ ہو رہا ہو۔

عمل) اس نظر میں سفید چینی کی پلیٹ پر مع تعوذ و تکبیر' آخری دو قل لکھیں زعفران کی سیاہی استعمال کریں اور آب زمزم سے اس پلیٹ کے نقش کو دھو کر بوتل میں محفوظ کر لیں اس پانی کو 14 روز بلا ناغہ اذان عصر استعمال کریں پانی پینے کا طریقہ اس طرح ہو کہ

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم بسم اللہ اللہ اکبر

اور اس کے بعد آخری دو سورۃ مبارکہ (سورۃ الفلق' سورۃ الناس) پڑھ کر پھونک دیں پہلا گھونٹ پینے کے بعد 3 بار تعوذ اور تکبیر پڑھیں اور تیسرے گھونٹ پینے کے بعد پھر 3 بار تعوذ اور تکبیر پڑھیں اور تیسرے گھونٹ پر بھی 3 بار تعوذ اور تکبیر کا ورد کریں اس پانی کو مسلسل 14 روز تک استعمال کریں پانی پینے کے بعد دونوں ہاتھوں کو گیلا کر لیں اور پورے جسم پر پھیر لیں انشاء اللہ جلد ہی جادو کے اثرات ختم ہونگے عمل کے آخری دن 720 روپے کی شیرنی بچوں میں تقسیم کر دیں۔ نقش بنانے کیلئے 5296 کا مربع آتشی درج بالا طریقہ کے مطابق بنا کر استعمال کریں انشاء اللہ جلد جادو کا توڑ ہوگا۔

عطارد تربیع مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
منگل	27	12:11 تا 13:22	16:58 تا 18:10	شمال مشرق	20:10 تا 20:58	شمال

تباہی عمارت

(مقصد عمل) آپ اس دوران ایسے دشمن کی جائیداد یا عمارت کو تباہ و برباد کر سکتے ہیں کہ جس عمارت میں غیر شرعی اور ناجائز کام ہوتے ہوں یا ایسے افراد جو کہ ناجائز طریقہ سے کمائی گئی دولت سے شرفاء کو تنگ کرتے ہوں یا ایسے افراد جو کہ کسی ظالم شخص کے ہاتھوں تنگ آ چکے ہوں اور طاقتور شخص کے سامنے کمزور ہوں اس عمل سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) 9 عدد ایسی قبروں کی مٹی حاصل کی جائے کہ جو لوگ قتل ہوئے ہوں یا خودکشی کی گئی ہو یا کسی طویل بیماری کے سبب موت واقع ہوئی ہو۔ ان قبروں کی مٹی اکٹھی کر لیں بغیر بسم اللہ اور درود شریف کے اس مٹی پر 90 بار سورہ الہب پڑھ کر اس مٹی پر پھونک دیں اور پھر کسی بھی وقت وہ مٹی اس عمارت میں ایسی جگہ پر ڈال دیں کہ جس جگہ پر مٹی ڈالنے سے اُس کی بے حرمتی نہ ہو۔ روزانہ 80 بار سورہ الہب بعد نماز عشاء 8 روز تک بلا ناغہ پڑھیں۔

نوٹ) اس ماہ ملنے والی تمام نظرات مابین سیارگان نحس ترین ہیں جن میں

اعمال شر بوجہ مجبوری شائع کئے جارہے ہیں لیکن احتیاط ضروری ہے ناحق یا معمولی رنجش کی بناء پر ان اعمال کو استعمال نہ کیا جائے۔ ورنہ سخت رجعت کا خطرہ ہے جس وجہ سے صاحب عمل کسی مصیبت پریشانی یا عذاب میں مبتلا ہو سکتا ہے بہتر ہے کہ کوئی بھی عمل کرنے سے قبل ضرور استخارہ کیا جائے۔ جب استخارہ میں اجازت مل جائے تو سوا کلو سوجی اور شکر قبرستان میں بہ نیت صدقہ ڈال دی جائے۔

عطارد قران مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعرات	29	09:47 تا 11:00	14:35 تا 15:46	مشرق	21:47 تا 22:35	جنوب مشرق

بربادی خانہ دشمن

(**مقصد عمل**) سیاروں کی یہ نظر دشمنوں کی تباہ و بربادی کیلئے موثر مانی جاتی ہے۔

(**عمل**) اس نظر میں اگر مسان دستیاب ہو جائے تو بہتر ہے ورنہ 8 قبروں کی مٹی حاصل کریں اور اس مٹی پر یا منتقم یا مذل کا ورد 90 بار کریں۔ بعد از ورد سورۃ لھب 80 بار پڑھیں۔ آخر میں دوبارہ مذکورہ بالا اسمائے حسنیٰ کا ورد 90 بار کریں۔ دشمن کی خانہ بربادی کیلئے بدعا کریں اور اس مٹی کو خانہ دشمن میں ڈال دیں۔

وہ لوگ جو نقش بنانے کے فن سے واقف ہیں درج بالا سورۃ مبارکہ اور اسمائے مبارکہ کے عدد ابجد قمری میں مقصد کے اعداد شامل کر کے دشمن کے نام مع والدہ کے عدد بھی شامل کر دیں نقش مربع معکوس خاکی پُر ہوگا۔ 4 نقش بنانے کے بعد 3 قبرستان میں دفنا دیں جبکہ چوتھا خانہ دشمن میں مسلسل 8 روز تک درج بالا طریقہ سے ورد مذکورہ بوقت غروب آفتاب سے 15 منٹ قبل شروع کریں۔ انشاء اللہ جلد ہی عمل کا اثر ظاہر ہوگا۔ یاد رہے کہ معمولی دشمنی یا رنجش کی بناء پر عمل نہ کیا جائے کیونکہ اس کے رجعی اثرات اتنے سخت ہوتے ہیں کہ دیوانگی اور پاگل پن کی حالت میں مبتلا کر سکتے ہیں۔ لہذا عمل شروع کرنے سے قبل صدقہ لازمی دیں۔ اعداد سورۃ مبارکہ اسم الٰہی ادارہ سے معلوم کر سکتے ہیں۔

نوٹ: ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے فون پر بات کرنے کے خواہشمند حضرات صبح 10 تا دوپہر 01 بجے فون پر اپنے مسائل کا حل دریافت کر سکتے ہیں (ناغہ بروز اتوار)

0300-6351192

سبع طلسمات سیارگان

طلسم شمس

طلسم قمر



طلسم عطارد



طلسم زہرہ



طلسم مریخ

طلسم مشتری



طلسم زحل

قارئین کرام سے التماس ہے کہ سبع سیارگان کے ان طلسمات کو اپنی بیاض خاص میں نوٹ فرمالیں تاکہ عمل خیر بالوح کندہ کرنے کے بعد پشت پر یہ طلسمات بنائے جا سکیں۔ سیارگان کی اہم نظرات کے علاوہ شرف واوج میں بھی یہ طلسمات بہت زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔ (ادارہ)

حالت قمر

قمر در عقرب: 05 جون 15:45 تا 08 جون 03:59

ھبوط قمر: 05 جون 19:44 تا 20:24

قمر در ثور: 20 جون 02:52 تا 22 جون 03:44

شرف قمر: 20 جون 06:13 تا 07:53

شادی بیاہ کی تاریخیں

9.13.14.15.16.20.21.22.23.26.27.28

پشاور اور اسے کے گردونواح کے شہروں میں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں۔
اسٹار نیوز ایجنسی بازار کلاں پشاور

کوئٹہ اور اسے کے گردونواح کے شہروں میں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں۔
بکسٹال نمبر 2 میزان چوک کوئٹہ

خاص نظرات اثرات اور اعمال

تحریر:۔ علامہ سبط حسن جعفری (کوئٹہ)

محترم قارئین کرام! زہرہ، زحل نظر تثلیث کا آغاز 31 مئی 2017ء تا 02 جون 2017ء ہے۔ مکمل نظر یکم جون 2017ء 20 بجکر 24 منٹ قائم ہو رہی ہے۔ مکمل نظر کے تحت زحل درقوس طالع شرقی پر 25.30 طلوع ہے جبکہ زہرہ درحمل مذکورہ بالا درجات کے ساتھ زائچہ میں ظاہر ہو رہا ہے زحل بحالت رجعت ہے لہذا اس دوران اس نظر سے متعلقہ اثرات کچھ کم محسوس ہونگے۔ یہ بات لازم ہے کہ اثرات ضرور ظاہر ہونگے۔ ان سیارگان کے درمیان بننے والی مثلث یعنی نظر تثلیث خاص اثرات زمین پر مرتب کر رہے ہیں جن کے تحت بوقت نظر جسمانی امراض سے نجات کے علاوہ سحر جادو میں جکڑے ہوئے افراد فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔

اس وقت کی تاثیر سے پندرہ مختلف اقسام کے عمل کئے جا سکتے ہیں۔ عورتوں کی بیماریوں، لیکوریا، ماہانہ ایام کی بے قاعدگی۔ اسقاط حمل، سینے کا پھوڑا، سینے کا سرطان، سردرد کی شکایت، بڑھتی عمر میں شادی، طلاق جیسی حالت کو پہنچے ہوئے حالات پہ کنٹرول۔ تشدد کی وارداتیں۔ دودھ کی کمی اور خون کی متعدد بیماریوں سے نجات دلانے کیلئے یہ بہترین وقت ہوتا ہے۔

مرد حضرات کی بیماریاں، مردانہ قوت کی کمی، اولاد پیدا کرنے کی صلاحیت کا نہ ہونا، ناقص اولاد کا سبب، آوارہ عورتوں سے تعلقات ختم کرنا، بزرگوں کے بے ادب کو راہ راست پہ لانا، باغی اور سرکش بیوی کو مطیع و فرماں بردار بنانا۔ جیسے عمل کے علاوہ چند ایسی بیماریاں جو عورتوں اور مرد حضرات کو یکساں ہو سکتی ہوں۔

مثلاً شوگر، بلڈ پریشر، مرگی، ہسٹریا، سردرد، سینے کا درد، رگوں میں درد، بالوں کا گرنا، دانتوں کی تکالیف اور ناخنوں کا ٹوٹنا۔ مثلث کی اہمیت میری نظر میں اس لئے بھی اہم ہے کہ میں مسلمان ہوں اور مسلمان واحد طبقہ ہے کہ جس کا ایمان تب مکمل ہوتا ہے۔ جب وہ دیگر باتوں کے ساتھ ساتھ تمام پیغمبروں پر بھی ایمان لائے اور الحمدللہ تمام پیغمبروں پر ایمان لانے کے بعد جب میں نے چند پیغمبروں کی تعلیمات کو پڑھ کر ان کو پہچاننے کی کوشش کی تو مجھے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی توجہ مثلث کی جانب زیادہ ملی۔ ان کا کہنا ہے کہ یہ دنیا مثلث پہ قائم ہے۔ وہ اس طرح کہ ایک خدا، دوسرا رسول اور تیسرا اُمتی۔ لہٰذا اگر ان تینوں میں ربط ہے تو کائنات کا ہر ایک نظام اپنی اپنی جگہ درست کام کرے گا اور اُمتی کو دنیا و آخرت کی تمام سہولتیں دستیاب ہوں گی۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اس انتباہ کے بعد مثلث کی نظر میں ہم اپنی دنیا کی زندگی سے اگر کوئی تکلیف یا پریشانی خود سے دور کر لیتے ہیں تو اللہ تعالیٰ کے ایک پیغمبر پر ایمان لانے کا ثبوت دے دیتے ہیں، کیونکہ زبانی جمع خرچ سے انسان مسلمان نہیں ہوتا بلکہ انبیاء علیہ السلام کی تعلیمات پر عمل کرنے سے انسان اسلام کے دائرہ میں آتا ہے۔

آیئے زحل اور زہرہ مثلث میں آج کا مضمون ان تین عوامل کو سامنے رکھ کر مکمل کرتے ہیں جن کی ضرورت اس وقت ہر ایک گھرانے میں تقریباً سب کو ہوتی ہے۔ عورتوں کی اکثریت لیکوریا اور تشدد کا شکار زیادہ ملتی ہے۔ لیکوریا کیلئے وقت مقررہ سے پہلے ثابت ہلدی کوٹ کر چھان کر رکھ لیں اور مقررہ وقت پہ جو مضمون کے آخر میں لکھا جائے گا اس وقت سورہ اخلاص مکمل 281 مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں۔ یہ ہلدی لیکوریا کی مریضہ کو خالی کیپسول میں بھر کر دیں بڑے سائز کے دو کیپسول مہینہ بھر کھائے ان شاء اللہ مرض ہمیشہ کیلئے ختم ہو جائے گا۔

ایک طریقہ یہ بھی بنا رکھیں کہ انار کے چھلکے ایک پاؤ لے کر پانی میں اُبالیں اور جس وقت پانی گاڑھا ہو جائے تب اتار کر رکھ لیں اور مقررہ وقت پہ سفید لٹھا ٹکڑے ٹکڑے کر کے اس پانی میں بھگوتے جائیں اور کسی کھلے منہ کے برتن پہ لٹکاتے جائیں۔ تاکہ سوکھ جائے اور فالتو پانی برتن میں آ جائے اس طرح تین مرتبہ ہر ایک کپڑے کو بھگونا ہوگا۔ کپڑا جتنی دیر بھیگے گا اتنی دیر میں 281 مرتبہ آیت الکرسی کی پہلی آیت

''اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم''

پڑھیں اور بھیگتے کپڑوں پہ دم کر کے سوکھا لیں۔ لیکوریا کی ایسی مریضہ جس کی رطوبت پیلے رنگ کی ہو اسے دو عدد کیپسول رات کو دودھ کے ساتھ کھلائیں اور سوکھے ہوئے کپڑے کی بتی بنا کر استعمال کو دیں۔ رات بھر پڑی رہے صبح کو نکال دی جائے۔ پرانے سے پرانا لیکوریا ختم ہو جائے گا۔

مردانہ کمزوری کے مریضوں کو زحل اور زہرہ کی تثلیث میں ایک سیب چھیل کر اس میں لونگ پھنساتے جانا ہیں۔ جب ہر طرف سے سیب بھر

جائے تو اسے سائے میں سوکھنے کیلئے رکھ دیں یا لٹکا دیں۔ لونگ پھنساتے وقت چاروں قل 506 مرتبہ ہر ایک قل پڑھتے جائیں۔ یہ ایک ایسا کمال کا لونگ تیار ہوگا کہ مردانہ کمزوری والا ایک پاؤ خالص دودھ کے ساتھ پانچ عدد لونگ روزانہ رات کو سوتے وقت استعمال کرے۔ پندرہ یوم کے استعمال کے بعد اپنی قوت کا امتحان لے۔ ایک ساعت میں تعداد مکمل نہ ہو تو اگلی ساعت میں مکمل کریں۔

علاوہ ازیں یہی لونگ معدہ کی تکلیف دانت کے داد، بے خوابی اور پٹھوں کے درد میں منہ میں رکھ کر چوسنے کے لئے دیں۔ ان شاء اللہ دو عدد لونگ کے استعمال سے ہی ہر قسم کے درد کو افاقہ ہوگا۔ جن عورتوں پہ تشدد ہوتا ہو ان کیلئے یہ تعویز بنا کر استعمال کو دیں۔



شمس و مشتری تثلیث

اس خاص اور سعد نظر کا آغاز 02 جون 2017ء رات 08 بجکر 38 منٹ تا 04 جون 2017ء رات 09 بجکر 52 منٹ پر اختتام ہوگا۔ بوقت نظر شمس در جوزا ہوگا۔ یہ الگ بات ہے کہ شمس کیلئے یہ خانہ نحس اوسط کی حیثیت رکھتا ہے اور دوسری جانب مشتری در میزان بحالت رجعت موجود ہوگا۔ جب مشتری حالت رجعت میں ہو تو یہ قرض کی وصولیاں اور دیگر اسی قسم کے معاملات میں مددگار ثابت ہوتا ہے جن کا ذکر مضمون کے دیگر حصہ میں کیا جائیگا سیارگان کی ایسی کیفیت کو مدنظر رکھتے ہوئے۔ خاص مضمون ترتیب دے رہا ہوں۔ اس خاص نظر کے دوران شمس و مشتری کی جتنی بھی ساعتیں ملیں گی۔ کارآمد ہونگی۔ خیال رکھا جائے کہ اگر دن میں کام کرنا ہو تو شمس کی ساعت زیادہ موثر رہیگی۔ لوح تیار کرنے کے بعد دھوپ میں رکھیں اور لوح سے متعلقہ ورد پڑھ کر دم کرتے رہیں۔

آج کل روپیہ نے واپسی کا راستہ اختیار کیا ہوا ہے۔ جس کی وجہ سے جبری ریٹائرمنٹ بھی کر دی جاتی ہے اور مخالفت کر کے الزام تراشی کی لپیٹ میں لا کر فارغ بھی کر دیا جاتا ہے۔ جس کے نتیجہ میں بے روزگار خاندانوں کا اضافہ ہو رہا ہے۔ بعض طاقت ور کسی کمزور کی جائیداد، باغات، دکانیں اور مکان دبا کر بیٹھ جاتے ہیں۔ کوئی شخص دھوکہ فریب سے کسی کی رقم دبا کے بیٹھ جاتا ہے۔ اور کمزور آدمی کی شنوائی کہیں بھی نہیں ہوتی ایسے ہی کمزور اور بے بس لوگوں کے لئے قدرت کی جانب سے ایک خاص وقت کی آمد آمد ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ اپنا حق بڑھ کر چھین لو۔ لہٰذا اپنے حقوق کی جنگ جیتنے کے لئے تمام اُمور بروئے کار لانے چاہئیں اور ایسے ذرائع کہ جن میں اللہ تعالیٰ کے کلام سے مدد ملی جائے۔ یقینی کامیابی متوقع ہوتی ہے۔ اس سلسلے میں مصائب کی تفصیل کے مطابق وہی آیت منتخب کرنا ہوتی ہے جس میں ویسی ہی مصیبت کا تدارک اور اس سے نجات کا واقعہ درج ہوا۔ لہٰذا سینکڑوں مصائب کا دفتر اگر کھول کر بیٹھ جائیں تب بھی سمجھ نہ کسی کی مشکل بیان ہونے سے رہ جائے گی۔ اس لئے اپنی مشکلات حل کے خود آیت تلاش کریں۔ یہاں آپ کی سہولت کے لئے ایک عمل سمجھا رہا ہوں۔ یہ عمل اُن لوگوں کو کام دے جائے گا جن کے سروں پر جبری ریٹائرمنٹ کی تلوار لٹک رہی ہے۔ عمل یہ ہے۔

سورۃ یوسف کی آیت نمبر 63۔ فاللہ خیر حفظا وھو الرحمٰن الرحمٰن۔ تعداد 2550 سے قانون کے 30 نفی کئے باقی رہے 2520 تقسیم چار حاصل 630 خانہ اوّل میں رکھ کر ایک ایک کے اضافہ کے ساتھ تمام گھر مکمل کر لیں۔ قانون وقاعدہ کے مطابق مؤکل اور اعوان بنا کر لکھیں۔



چاروں ملائکہ کے نام کا واسطے دے کر لکھیں **فتح شو، فتح شو، فتح شو، فتح شو**۔ آگے اپنا نام معہ والدہ لکھیں۔ 92 نقوش لکھنے ہوں گے پہلا اور آخری نقش سنبھال کر رکھیں اور درمیانی 90 نقوش کے اٹھارہ اٹھارہ کی تعداد میں پانچ حصے بنا لیں ایک حصہ آٹے کی گولیاں بنا کر مچھلیوں والی جگہ پر ڈال دیں۔ دوسرے حصہ کو سفید بکرے کا قیمہ وزن سوا کلو بنوا کر پرندوں کو کھلا دیں۔ تیسرے حصہ کو سرمئی رنگ کے بکرے کا سوا کلو قیمہ نکلوا کر کتوں، بلیوں کو کھلا دیں۔ چوتھے حصہ کو اپنے گھر سے مغرب کی طرف اتوار کے دن فجر کی نماز کے بعد دفن کر دیں اور پانچویں حصہ کو

جمعرات والی شب بعد نماز عشاء مشرق کی سمت دفن کردیں۔ دفن والی اشیاء قبرستان میں دفن کرنا ہوں گی اور دال مسور کے ساتھ ٹوٹا چاول صدقہ دینا ہوگا۔ اگر یہ نقوش کسی صاحب علم یا صاحب روحانیت سے بنوائے ہیں تو آپ نے صرف اس سے نقوش دوعدد وصول کرنے ہیں اور باقی عمل خود کریں۔

عطارد و مشتری تثلیث

عطارد اور مشتری کا آپس میں ایک دوسرے سے گہرا تعلق ہے عطارد کو مخنث کہا جاتا ہے یعنی اس کی جنس تیسری کہلاتی ہے مشتری طبیب فلک ہے اس کے علاوہ مال و دولت پر بھی حکمرانی ہے۔ مال و دولت ایسی جو مفت کی ہو دلچسپ بات یہ ہے کہ سیارگان کے درمیان قائم ہونے والی یہ نظر عطارد در جوز یعنی طبعی گھر میں موجود ہوگا اور مشتری درمیزان رجعت ختم کر کے مستقیم ہو رہا ہوگا۔ اس لئے یہ نظر اہم مانی جاتی ہے۔ اس مضبوط نظر کے تحت ایک خاص عمل دے رہا ہوں اُمید ہے کہ صاحب علم افراد میرے اس مضمون سے ضرور استفادہ کریں گے۔ ہمیشہ کی طرح مجھے اور ادارہ کے بانی کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں گے۔ جن کی محنت سے ہمارا آپ سے رابطہ ہے اور اتنے نایاب مضامین ماہر روحانیات کے ذریعے آپ لوگوں تک پہنچتے ہیں۔

عطارد جسے علم عقل دانش اور اہل علم کا سیارہ مانا جاتا ہے تحریر و تقریر، مقدمہ بازی سے اس سیارہ کا گہرا تعلق ہے جیسا کہ پہلے بھی بتایا جا چکا ہے کہ جنسی لحاظ سے یہ مخنث حیثیت رکھتا ہے۔ ادب و آداب طریقہ سلیقہ میں اس کا کوئی ثانی نہیں۔ اس کی حکمرانی الفاظ پر ہے آپ چاہے لکھ رہے ہوں یا بول رہے ہوں۔ پڑھ رہے ہوں یا سُن رہے ہوں آپ کا واسطہ الفاظ سے پڑے گا اور عطارد جس وقت قوت سے گزر رہا ہوتا ہے اس وقت کے لکھے ہوئے الفاظ ہمیشہ زندہ رہتے ہیں خواہ شاعری کی صورت میں ہوں یا تعویذ کی شکل میں ہوں۔

مشتری مال و دولت کے ساتھ ساتھ روحانی قوتوں کا مالک بھی ہے اس کی طاقت سے دنیاوی آسائشیں کھینچ لی جاتی ہیں اور جن کی قسمت میں ہمیشہ تنگدستی رہتی ہو وہ افراد نفع حاصل کر لیتے ہیں اسی طرح دنیا و آخرت کے لئے روحانی قوتوں کو اُبھار کر دونوں جہانوں کی ملکیت حاصل کر کے اقبال کے اس مصرعہ کے نزدیک پہنچ جاتے ہیں۔

یہ جہاں چیز ہے کیا، لوح و قلم تیرے ہیں

تثلیث کی نظر بہت اہمیت کی حامل ہے، میری نظر میں اور میرا معمول ہے کہ رسالہ تحفہ روحانیات میں خوب تفصیل کے ساتھ اپنے مطالعہ کا ایک ایک نکتہ بیان کرتا ہوں تاکہ مجھ میں اور مجھ سے وابستہ افراد میں کوئی بات پوشیدہ نہ رہے۔ یہ دن اور یہ وقت انتہائی سعادتوں کا حامل ہے اور انتہائی طاقت ور قوتوں کو لئے کھڑا ہے۔ ایسی قوتیں کہ جن کی تشریح قلم اور الفاظ نہیں کر سکتے۔ بالکل اسی طرح جیسے آپ کسی جگہ کھانا کھانے کے بعد اس کا طریقہ کار لکھ کر کسی دوسرے سے اس ذائقہ کا کھانا نہیں پکوا سکتے بس اتنا ہی بتا سکتے ہیں کہ اس طرح پکایا جانے والا کھانا کچھ بہتر ہوگا۔ اس لئے اس وقت کی قوت کا اظہار کرنے کے لئے میرے پاس بھی تحریر کرنے کو الفاظ نہیں ہیں۔ لیکن اتنا ہی بتا سکتا ہوں کہ تثلیث کی قوت میں کیا گیا کام انتہائی طاقت ور اور مکمل اعتماد کا ذریعہ ثابت ہوتا ہے۔

حصول علم اور امتحانات کی تمام کامیابیوں کیلئے، بیاہ شادی کی تمام رکاوٹوں کو دُور کرنے کے لئے، حصول ملازمت یا ملازمت کی سعی کے لئے کاروباری ترقی اور وسعت مال و زر کے لئے آپ کی تمام تر کوششوں میں یہ وقت مدد دے گا۔ اگر انٹرویو کی تاریخ یا ملازمت تلاش کرنے کے دنوں میں اور کاروبار کھولنے کے وقت میں تاخیر ہے اور انتہائی مؤثر وقت سر پہ آ گیا ہے اب اسے کیسے حاصل کیا جائے تو جس طرح کماد کی فصل سال میں ایک بار اُترتی ہے لیکن اسے کئی مراحل سے گزار کر آپ کماد کی فصل کو چینی کی شکل میں محفوظ کر لیتے ہیں اسی طرح بزرگوں نے صدیوں پہلے یہ انکشافات کئے کہ اگر مناسب وقت میں مقصد کی آیت نقش میں بھر کر پاس رکھ لی جائے تو وہ بھی ضرورت کے وقت اپنی طاقت سے پھیکے ماحول میں مٹھاس ظاہر کر دی۔

طریقہ یہ ہے کہ ہر شخص کو اپنے نام کے پہلے حرف کے عنصر کے مطابق آتشی، خاکی، بادی یا آبی چال کے مطابق نقش پُر کرنا ہے اور مقررہ وقت پر تین نقش ایک سی حالت میں لکھیں ایک نقش اپنے پاس معطر کر کے رکھ لیں۔ دوسرا عنصر کے مطابق اگر آتی ہے تو گرم جگہ اور اگر خاکی ہے تو خاک میں آبی ہے تو پانی میں بادی ہے تو ہوا میں معلق کریں۔

مربع پُر کرنے کیلئے کل اعداد سے 30 تفریق کر کے بقیہ کو 4 پر تقسیم کریں حاصل قسمت کو خانہ اوّل میں رکھ کر ایک ایک کے اضافہ سے نقش بھر لیں۔ اگر تقسیم کے بعد ایک بچے تو خانہ 13 میں اگر 2 بچیں تو خانہ 9 میں اگر 3 بچیں تو خانہ 5 میں مزید ایک کا اضافہ کرنے سے نقش مکمل ہوگا۔

ایک مثالی نقش بنا کر سمجھا رہا ہوں اگر پھر بھی کسی کو فرصت نہ مل سکے تو ادارہ سے رجوع کریں۔ مثال کے طور پر نام (فلاں بن فلاں) کل اعداد 501 مطلوب ترقی اعداد 710 ہوئے آیت کے اعداد 2187 شامل کئے تو کل اعداد 2257 ہوئے۔ قاعدہ قانون کے تقاضوں سے گزارنے کے بعد حاصل ہوئے 556 باقی بچا۔ لہٰذا خانہ پانچ میں کسر ہے۔



عطارد و مریخ قران

عطارد کو آسمانی کونسل کا منشی یا کلرک کہا جاسکتا ہے انسانوں پر اس کی حکمرانی ذہن پر ہوتی ہے اور عملاً تحریر و تقریر کی قوت رکھتا ہے جبکہ مریخ خون اور دشمنی پر حکمران ہے اسے جلاد کے نام سے بھی پکارتے ہیں، قتل و غارت گری ہلاکت جیسے کام یہ بخوشی انجام دیتا ہے۔

قران نظر قائم ہوتے ہی ایک دشمنی کی فضاء تو ویسے یہ قائم ہو جاتی دوسری اہم بات یہ کہ یہ نظر قران برج سرطان میں قائم ہو رہی ہے۔ مریخ کیلئے سرطان خانہ ہبوط ہے اور عطارد کیلئے خانہ مساوی جو کہ اس کی نحوستوں میں مزید اضافہ کر دیتا ہے یہ قران نحسین کہلاتا ہے سیارگان کے مابین قران کی نظر 15.55 پر قائم ہو رہی ہے اس نحس نظر کی ابتداء 28 جون صبح 08 بجے مکمل نظر 29 جون 00:51 اختتام 29 جون 11:57 ہے اس دوران عطارد کی تمام ساعتیں یعنی دن رات کی ہر ساعت مقصد کیلئے کار آمد ہوگی۔ اگر مریخی ساعت میں کام کرنا ہو تو رات کی ساعتیں کام دینگی۔

اس نحس ترین نظر کا اثر زیادہ تر برج سرطان کے حامل افراد پر ہو سکتا ہے علاوہ ازیں حمل عقرب جوزا اور سنبلہ والے بھی متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں گے۔ درج بالا بروج سے متعلقہ افراد بوقت نظر صدقہ خیرات کریں تو اس نحوست سے بچا جاسکتا ہے۔ بصورت دیگر حالات کی خرابی ناگہانی آفت مصیبت اور اذدواجی زندگی میں اذیت ناک لمحوں سے گزر سکتے ہیں۔

اگر کسی لڑکے یا لڑکی کے والدین نے بچوں کی منگنی کم عمری میں کر دی ہے اور بڑی عمروں کو پہنچ کر یہ بھید کھلا کہ یہ دونوں ہم مزاج یا ہم پلہ نہیں ثابت ہو رہے اور ان دونوں کی شادی کا انجام تباہی نکلے گا تو ان دونوں کی منگنی کو ختم کیا جاسکتا ہے۔ اگر کسی طاقت نے زبردستی کسی کی جائیداد یا مال و دولت ہتھیانے کیلئے جھوٹی دستاویز تیار کروا رکھی ہیں اور اس کی بدولت ناحق مال دبا رکھا ہے تو اس سے اپنا مال، زمین و جائیداد واپس لینے کا قیمتی وقت آپ کے سامنے ہے۔

یہ وہ وقت ہے کہ جس کی وجہ سے آپ ہر اس راستے سے نجات حاصل کر سکتے ہیں جو آپ کے لئے اور آپ کے خاندان کے لئے پریشانی کا باعث بنا ہوا ہے۔ عمل آپ لوگوں کے لئے نیا ہے اس لئے غور سے سوچ سمجھ کر بتائے گئے طریقوں پر عمل کریں اور اپنی من مانی یا کسی بات کو کم زیادہ کرنے کی کوشش نہ کریں کیونکہ ایسا عمل روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات کے علاوہ آپ کو کسی اور جگہ سے نہ مل سکے گا اور اتنا حوصلہ بھی صرف ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کا ملے گا جو اپنے سینے کے راز آپ کو مکمل تفصیل کے ساتھ مشاہدات روحانی (جنات کی روحانی واردات) میں ایسے ذہن نشین کروا رہے ہیں جیسے آپ اور ہم ایک جگہ بیٹھے باتیں کر رہے ہیں۔

طریقہ: ۔سب سے پہلے دونوں فریقین کے نام مع والدہ کی الگ الگ ابجد قمری بنائیں اور اسے الگ کاغذ پر مکمل ناموں کے آگے لکھ لیں۔

لا تذر علی الارض من الکافرین دیارا

سورہ نوح آیت 26

اعداد 3171 میں ایک فریق کا نام جمع کریں اور آیت کے اعداد میں پھر دوسرے فریق کا نام جمع کریں اب ان کے درمیان کیسی علیحدگی درکار ہے اس کے نمبر حاصل کریں اور اسے بھی فریق دوئم کی تعداد میں جمع کریں۔ فریق دوئم کے دو نقش تیار کریں ایک آبی چال سے اور دوسرا آتشی چال کے ساتھ۔ آتشی والے کو بلب کے اوپر رکھ کر حدت پہنچائیں اور آبی نقش کو اینٹ پختہ پر کھرچ کر لکھیں اور آبِ رواں میں پھینک دیں۔ ایک طرف آگ اور دوسری طرف پانی جذبات کو بھڑکانے اور غصہ کو ٹھنڈا کرنے میں معاونت کریں گے۔ فریق اوّل کے لئے خاکی چال کے مطابق نقش لکھیں اور اسے کمر پر باندھنے کیلئے دے دیں۔ چار دن، 13 دن، یا پھر چار ماہ یا ایک سال کے عرصہ میں سب کچھ ایسے ختم ہو جائے گا جیسے کبھی کوئی تعلق ہوا ہی نہیں تھا۔

لوح تحفظ معجزاتی

لوح تحفظ معجزاتی کی برکت سے جادو سحر، جنات، بلیات، تعویزات کے اثرات دوبارہ نہیں ہوتے اس لوح کی برکت سے دشمن منہ کی کھاتا ہے اگر کوئی دشمن آپ پر مسلسل جادوئی حملے کر رہا ہے اور ان حملوں کی وجہ سے آپ تباہ و برباد ہوتے جا رہے ہیں یا ہو چکے ہیں لوح تحفظ معجزاتی ایسی کرامتی لوح ہے کہ اس کے پاس رکھنے سے دشمن کا کیا گیا وار ضائع ہو جاتا ہے یا وہ وار واپس دشمن کی طرف پلٹ جاتا ہے اور پھر دشمن اس عذاب میں خود مبتلا ہو جاتا ہے کہ جو عذاب، تباہ و بربادی وہ آپ پر مسلط کرنا چاہتا تھا۔

وہ مایوس افراد جو کہ عاملین کے پاس جا کر مایوس ہو چکے ہیں لوح تحفظ معجزاتی کی برکت سے بے شمار لوگ اب زندگی بھر جادو، تعویزات، جنات کے اثرات کے بغیر خوشحال زندگی بسر کر رہے ہیں۔ اس لوح کے پاس رکھنے کے بعد دوبارہ تاحیات جادو کے اثرات نہیں ہوتے۔

ہدیہ لوح 4200 روپے

وظائف رمضان

چکن گونیا کا روحانی علاج

تحریر:۔ حکیم علامہ حافظ عتیق الرحمٰن ضیاء (کراچی)

اُمید ہے کہ جب یہ رسالہ آپ کے ہاتھوں میں ہوگا تب رمضان المبارک کا آغاز ہو چکا ہوگا رمضان المبارک کا چاند 27 مئی بروز ہفتہ کو نظر آئے گا (انشااللہ) کیونکہ شمس وقمر کا قران 26 مئی بوقت شب 12 بج کر 44 منٹ 45 سیکنڈ پر برج جوزا کے 4 درجہ 46 دقیقہ پر ہوگا اس لحاظ سے پہلا روزہ انشاء اللہ اتوار 28 مئی کو ہے اسی طرح ماہ رواں میں شمس وقمر کا قران 24 جون صبح 7 بج کر 31 منٹ 28 سیکنڈ پر برج سرطان کے 2 درجہ 47 دقیقہ پر ہوگا اس لحاظ سے 25 جون بروز اتوار شوال کا چاند نظر آنے کے امکان کو رد نہیں کیا جا سکتا لہذا عید الفطر بروز پیر 26 جون کو ہوگی۔ اللہ رب العزت سے دُعا ہے کہ اس سال پورے ملک پاکستان میں ایک ساتھ رمضان اور عید منائی جائے۔

عزیزان من رمضان المبارک کے مہینے میں ہر مسلمان کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ عبادت کے ذریعہ اپنے رب کی عطا کردہ رحمتوں اور برکتوں کو سمیٹ لے مگر افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ہمارے معاشرے میں ایسے افراد بھی موجود ہیں جو اس ماہ مبارک کو اپنے کاروبار کا سیزن سمجھتے ہیں ایک طرف اللہ کے مخلص ونیک بندے جہاں اس ماہ میں سخاوت وفراخ دلی کا مظاہرہ کرتے ہیں وہی معاشرے کے یہ ناسور تنگ دلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں میں اضافہ کرتے ہیں اور ربّ تعالیٰ کے غصہ کا سبب بنتے ہیں اگر تصویر کے دوسرے رخ کو دیکھا جائے تو گنہگار صرف یہ ہی لوگ نہیں بلکہ معاشرے کا ہر فرد اس گناہ کی بہتی گنگا میں اپنے ہاتھ دھو رہا ہے اگر ہم ان کی مہنگی داموں بکنے والی اشیاء کا بائیکاٹ کر دیں تو یہ لوگ خود ہی گھٹنے ٹیکنے پر مجبور ہوں گے مگر کیا کریں یہاں تو ہر شخص کی آنکھوں میں پٹی بندھی ہوئی ہے اور ذہن مفلوج نظر آتے ہیں جب پوری قوم مل کر ایسی صورت حال مہیا کرتی ہے تو اللہ کی ناراضگی کے سبب کئی امراض وجود میں آتے ہیں موجودہ وقت میں ایک وبائی مرض چکن گونیا کے نام سے پھیل رہا ہے جس میں بخار، جسم کے جوڑوں میں درد اور بعض مریضوں کو دست یا قبض اور الٹیاں بھی ہو رہی ہیں ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے جسم میں طاقت ختم ہو رہی ہو کیونکہ اس مرض میں بلڈ کے ریڈ سیل کمزور ہونے لگتے ہیں علاج کی صورت میں سب سے پہلے استغفار اور تیسرا کلمہ کا ورد کیا جائے اس کے علاوہ طبّی علاج کے لئے مستند ڈاکٹر یا حکیم سے رجوع کریں ابتدائی صورت مرض میں Panadol دن میں تین بار کھانے کے بعد ایک ایک گولی لی جائے غذا سادہ استعمال کریں جیسے ڈبل روٹی، جو کا دلیہ، کھچڑی وغیرہ پھلوں میں پپیتا، تربوز اور سیب کا استعمال کریں جسم میں درد کیلئے ٹیسو کے پھول ایک مٹھی رات بھر پانی میں بھگو دیں صبح اچھی طرح ملا کر اس پانی کو نیم گرم کریں اور دو چمچ لاہوری نمک ڈال کر حل کریں اور اس نیم گرم پانی سے نہالیں زیادہ سے زیادہ تین چار دن یہ عمل کریں انشاء اللہ درد میں افاقہ ہوگا روحانی علاج کی صورت میں، بخار کے لیے یہ دم مجرب ومعمول ہے۔

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمُ یااللّٰہُ یا رحِیمُ یا حَیُّ یا قَیومُ یا ذُوالجَلالِ وَ الاکرام لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنتَ اَلشَّافِی وَ اَنتَ الکَافِی وَ اَنتَ الحَجاتِی قُلنَا یَا نَارُ کُونِی بَرْدًا وَّ سَلَامٌ قَولًا مِن رَّبٍ الرَّحِیم۔

پڑھنے کی ترتیب یہ ہے کہ گڑ کی تین چھوٹی ڈلیاں لے لیں اور ہر ڈلی پر یہ دم تین تین بار پڑھیں اور بخار زدہ مریض کو کھلائیں انشاء اللہ بخار جاتا رہے گا اس کے علاوہ ہر قسم کے وبائی امراض سے حفاظت کے لیے دیا گیا نقش لکھ کر گھر کی چوکھٹ پر لگا دیں اور نقش کے اوپر درج عبارت صبح وشام تین بار پڑھ کر گھر کے چاروں کونوں پر پھونک دیا کریں انشاء اللہ ہر طرح سے حفاظت رہے گی نقش معہ عبارت درج ذیل ہے۔

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم سلامٌ علی نوح فی العٰلمین سلامٌ علی ابراھیم سلامٌ علی الیاسین سلامٌ علی موسیٰ و ھارون سلامٌ علی سَیِّدِ المُرسَلِین لِیْ خَمسَۃٌ اُطفِی ھَا حَرَّ الوَبَا الحَا طِمَۃ المُصطَفٰی وَ المُرتَضیٰ و اُبنَا وَ الفَاطِمَۃ عبد اللہ کے پوت آمنہ کے جائے بھاگ رے وبا حضرت مُحَمَّد مُصطَفٰے ﷺ میرے گھر آئے الٰہی بحرمت حضرت خواجہ محمد صدیق نقش بندی فاروقی احمد سرھندی وبارفع شود



عزیزان من ماہ رمضان المبارک کے لیے چند مجرب وظائف حاضر خدمت ہیں تمام وظائف مجرب ہیں اعتقاد و یقین کے ساتھ کیا گیا ہر عمل اللہ کی بارگاہ میں قبول ہوتا ہے رمضان کا چاند نظر آنے کے بعد اس رات تراویح پڑھ کر ایک بار سورۃ مزمل پڑھیں اسی طرح دوسری رات دو مرتبہ، ہر رات ایک ایک بڑھاتے جائیں 29 رمضان المبارک کو 29 بار پڑھنی ہوگی جب اس طرح سورۃ پڑھ لیں تو اپنی جمیع حاجات کے لیے یا پھر کسی مخصوص کام کے لیے دُعا مانگیں دُعا سے پہلے جتنی بار سورۃ پڑھیں تمام کا ثواب آقائے دو جہان جمیع انبیاء واصحاب مصطفٰے ﷺ کو پہنچائیں انشاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔

گھریلوں نااتفاقی: جس گھر میں نااتفاقی آپس میں لڑائی جھگڑا رہتا ہو تو **لیلۃ القدر** کی رات ایک کاغذ پر سورۃ یاسین کی یہ آیت **وَجَآءَ مِنْ اَقْصَى الْمَدِيْنَةِ** سے **مُهْتَدُوْنَ** تک زعفران کی سیاہی سے لکھ کر ایسے واٹر کولر میں ڈال دیں جس کا پانی تمام گھر والے پیتے ہوں انشاء اللہ باہمی محبت رہے گی۔

سخت دل شوہر یا بیوی: جس کا شوہر ناراض ہو یا گھر کی طرف سے بے پرواہ ہو یا بیوی ناراض ہو تو رمضان کی پہلی رات سے لے کر ہر روز گیارہ مرتبہ یا لطیف یا ودود پڑھے اول و آخر گیارہ بار درود پاک بھی پڑھے اور تصور میں ناراض شوہر یا بیوی کے دل پر پھونک دیا کرے اور جب **لیلۃ القدر** کی رات آئے تو اس رات گیارہ دانے سیاہ مرچ کے لیں اور ہر مرچ پر یہ عمل 40 بار پڑھ کر پھونک دو اور مرچ آگ میں ڈال دو تاکہ جل جائے ایک مرچ پر چالیس بار پڑھنے سے گیارہ مرچ پر 440 بار مکمل ہوگا مرچ چاہے ایک ساتھ ڈال دو یا پھر ایک ایک کرے انشاء اللہ ناراض فرد آپ پر مہربان ہوگا۔

کشادگی رزق کے لیے: **وَمَن يتق الله يجعلْ لَهُ مَخْرَجا وَيرزقهُ مِنْ حَيْثُ لَا يحتسب وَمَنْ يتوكلْ على اللهِ فهو حَسبُهُ ان الله بالغ اَمرِ قَدْ جَعَلَ الله لِكُلِ شيءٍ قَدْراً** (پارہ 28 سورۃ طلاق پہلا رکوع) ہر طاق رات اس آیت پاک کو 70 مرتبہ پڑھیں اور دُعا مانگیں اس بعد روز کسی بھی وقت 7 بار پڑھنا معمول بنالیں اللہ پاک رزق کے خزانے عطا فرمائے گا انشاء اللہ

وظیفہ برائے رشتہ: یہ عمل گیارھویں روزے، بارھویں شب کو تراویح کے بعد یا تہجد کے بعد کیا جاتا ہے۔ سب سے پہلے ایک سو ایک مرتبہ درود ابراہیمی (جو نماز میں پڑھا جاتا ہے) پھر ۱۲ رکعت نفل (دو رکعت کر کے) پڑھی جائیں، ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد بارہ مرتبہ سورۃ الفیل پڑھی جائے۔ پھر ایک سو ایک مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں اس پورے عمل کا ثواب آنحضرت ﷺ کو پہنچا دیا جائے پھر پانچ منٹ بعد پورے یقین سے شادی کے لیے دُعا کریں اور کسی سے بات کیے بغیر سو جائیں انشاء اللہ جلد از جلد شادی کے اسباب بن جائیں گے۔

عمل سورۃ القدر: سورہ قدر کا اس ماہ مبارک سے خصوصی تعلق ہے اور خصوصاً اس ماہ کے آخری عشری کی طاق راتوں سے اگر رمضان المبارک میں روزانہ 113 مرتبہ اس کی تلاوت کی جائے تو قلب و روح میں پاکیزگی پیدا ہوتی ہے اور خیالات فاسدہ سے نجات ملتی ہے، منفی سوچوں سے نجات اور نفسیاتی امراض سے چھٹکارا ملتا ہے وہم، بدگمانی، بالخولیا (Mood Discoder)، نفقان، مراق، ہسٹریا، شیزوفرینیا اور اس کے علاوہ سحر جادو، جنات و آسیب وغیرہ کے مریضوں کو بھی اس سے فائدہ ہو جاتا ہے اس سورۃ مبارکہ سے ایسے مریضوں کے علاج کا طریقہ یہ ہے۔

کوئی بھی خوشبو دار پھول سفید رنگ کا لیں مثلاً چنبیلی، موتیا وغیرہ پھول کو خوشبو دار ہونا شرط ہے۔ سورۃ قدر کو 13 مرتبہ پڑھ کر پھول پر دم کریں اور مریض کو سنگھا دیں اور جب تک پھول میں خوشبو رہے وقتاً فوقتاً سنگھاتے رہیں۔ دوسرے دن پھر دوسرا تازہ پھول لے لیں اور اس پر حسب سابق دم کر کے سنگھاتے رہیں 40 دن تک یہ عمل کریں انشاء اللہ مرض جاتا رہے گا۔

﴿بقیہ غزوہ بدر﴾

قریش کے لشکر جرار کے ڈھیر لگ گئے۔ کفار کے ستر بڑے سورما مارے گئے۔ ستر گرفتار کیے گئے جبکہ مسلمانوں کے صرف 14 جان باز شہید ہوئے۔ جبکہ دوسری طرف قریش کی ساری طاقت درہم برہم ہوگئی۔

تاریخ میں اس کارنامے کو فتح مکہ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے اور اس جنگ میں گرفتار ہونے والے کافروں کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جس رحم دلی کے ساتھ معاف کیا اس کی مثال پھر کبھی تاریخ میں رقم نہ ہوئی۔



تحریر:۔ مصدق قریشی (ایبٹ آباد)

رات کو سونے سے قبل تمام دینی کاموں سے فراغت پا کر اور وضو کر کے پہلے دو رکعت نماز نفل استخارہ پڑھیں یعنی اِس طرح نیت کریں۔ دو رکعت نفل استخارہ خاص اللہ کے واسطے، منہ میرا کعبہ شریف کو اللہ اکبر بعد الحمد شریف کے تین مرتبہ الم نشرح اور دوسری رکعت میں بعد الحمد شریف کے تین مرتبہ قل ھو اللہ احد شریف پڑھ کر بعد سلام (21) مرتبہ درود شریف پڑھیں جو بھی یاد ہو اب بستر پر سونے کو لیٹیں تو یہ آیت شریف پڑھنا شروع کر دیں۔

اِنَّ رَبِّیْ قَرِیْبٌ مُّجِیْبٌ

یہ آیت شریف **سورہ ھود** میں ہے۔ رکوع نمبر پانچ میں قرآن شریف میں دیکھ کر یاد کر لیں۔ اس کی کوئی تعداد مقرر نہیں، پڑھتے پڑھتے سو جائیں۔ بحکم خدا وند کریم پہلی رات میں آپ کو غیب سے مشورہ ملے گا۔ جس کام میں تردد فکر ہے وہ دُور ہو گی۔ نماز پڑھنے کے وقت سے سونے تک کسی سے بات نہ کریں نہ کھانا پینا کریں۔ بستر پاک ہو، عطر وغیرہ خوب لگا ہو۔ خوشبو دار پھول پاس رکھیں۔ خوشبو سے فرشتے پاس رہتے ہیں۔ سونے تک مقصد ایک ہی وہ ذہن میں رکھیں۔

عمل عجیب

یہ جناب حفیظ الرحمٰن غوری صاحب کا تحفہ پیش کرتا ہوں۔ یہ عمل جناب استاد ابراہیم خان نے ان کو عطیہ کیا تھا۔ یہ بہت مجرب ہے۔ اِس عمل کی وجہ سے کوئی کام آپ کا بند نہ ہو۔ تھوڑی سی محنت چاہئے۔ اور اِس محنت کے صلہ میں اللہ برتر و پاک آپ کا کفیل ہو گا۔ آپ اِس عمل کو کسی بھی نیک ساعت میں کر سکتے ہیں اور نیک دن میں۔

ٹین کی ایک ڈبیہ لے لیں، جس کی دیواریں بہت اُونچی نہ ہوں۔ پالش کی ڈبیہ لے لیں۔ اِسے اچھی طرح پاک وصاف کر لیں۔ اِس ڈبیہ میں موم پگھلا کر ڈال لیں۔ اِس قدر بھر دیں کہ موم کناروں تک آ جائے۔ اب جو آپ کا مقصد ہو وہ مقصد مختصر حروف میں لکھیں۔ مثلاً ملازمت مل جائے۔ قرض ادا ہو جائے۔ مقدمہ میں فتح ہو۔ شادی ہو جائے۔ روزگار بڑھے۔ اگر کسی کے دل میں محبت پیدا کرنی ہو تو مطلوب کا نام معہ والدہ کا نام لکھ کر عبارت لکھیں۔ مثلاً ''ثناء'' کے دل میں محبت ہو۔ غرض کہ اپنا مطلب کے موافق عبارت بنا کر اس کے حروف جدا جدا لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ اب ایک سطر 2 میں یہ حروف بچھا دیں۔ اور دوسری سطر میں یہ حروف لکھیں۔

م ف و ن ص ض س ق ظ ع غ۔ اب دونوں سطروں کو مخروج کر لیں۔ دونوں سطور کے حروف کو اس طرح ملائیں۔ کہ نیچے کی سطح میں پہلا آخری حرف اور اوپر کی سطر میں سے پہلا حرف لے کر بنائیں۔ اس طرح سب حروف ختم کر دیں۔ اگر کسی سطر میں حرف زیادہ ہوں تو کم حرف والی سطر کو پھر سے پلٹ دیں۔

جب تیسری سطر تیار ہو جائے۔ تو اس کے نیچے یہ آیت لکھ دیں۔

''کھیعص کفاتنا۔ حمعسق حمیتنا''

اب تیسری سطر کے تمام حروف اِس موم پر کسی نوکدار شئے سے صاف طور پر کندہ کر دیں۔ ایک لائن میں تمام حروف آ جائیں۔ دو لائنوں میں تین لائنوں میں تعداد کوئی مقرر نہ ہے۔ سب حروف کندہ کر لیں۔ اب حروف کے تحت جو عبارت آپ نے لکھی ہے۔ اس کے نیچے وہی عبارت پھر لکھ دیں جو اپنے مقصد کے لئے بنائی ہے۔ یہ عمل آپ سے پہلے تیار کر رکھ لیں۔ اور بروز اتوار پاک صاف ہو کر گیارہویں (11) ساعت جو ساعت قمر ہے۔ وقت آپ مزمل روحانی جنتری 2017ء سے دیکھ سکتے ہیں۔ بیٹھ کر ڈبیہ میں کندہ کر لیں۔ کندہ کرتے وقت اگر بتی وغیرہ جلا لیں۔ باوضو ہو کر کام کریں۔ رجال الغیب کو پشت پر رکھ لیں۔ جب کام کر لیں تو اِسے با حفاظت رکھ لیں۔ اب بعد از نماز عشاء ڈبیہ کو سامنے رکھ کر 387 بار الحمد شریف پڑھیں۔ مقصد کو ذہن میں رکھ لیں۔ جب عمل پورا ہو جائے تو ڈبیہ کو محفوظ کر لیں۔ دوسرے دن ڈبیہ کو دھوپ میں ایسی جگہ رکھ دیں۔ جہاں کوئی ایسے چھو نہ سکے۔ جب موم پگھل کر تمام حرف مٹ جائیں صرف اور صرف سورج کی گرمی سے پگھلنے چاہئیں۔ چاہے جب بھی مٹیں جتنے دن بھی لگیں۔ جب حروف مٹ جائیں تو دوبارہ اِن کو کندہ کر لیں۔ اس طرح گیارہ (11) بار کریں۔ روزانہ رات کو عشاء کے بعد ڈبی سامنے رکھ کر الحمد شریف 387 بار اِس طرح پڑھنی ہے:

جب حروف لکھنے ہوں تو پہلے حروف لکھیں پھر آیت پڑھیں۔ اِس طرح گیارہ بار حروف کندہ کرنے ہیں۔ درج بالا عبارت مذکورہ بھی پڑھنی ہے۔ جب تک عمل ختم نہ ہو بحکم اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کا مقصد ضرور پورا ہوگا۔ صرف اور صرف جائز اُمور میں کریں۔ اب دس بار کر چکے ہیں کوئی اثر نہیں ہوا تو گیارہویں بار کر کے ڈبیہ کو دھوپ کی بجائے سایہ میں حفاظت سے رکھ لیں۔ خدا نے چاہا تو بہت جلد اثر ہوگا۔ ان شاء اللہ کام ہو جائے گا۔ اگر اللہ فضل کرے تو دو چار بار لکھنے سے کامیابی ہو جائے تو آئندہ ترک کر دیں 11 بار سے زیادہ نہ کریں۔

طلسم زنگرج

یہ ایسا خاص طلسم ہے جو کہ 12 سال میں صرف ایک بار استعمال ہوتا ہے اس طلسم کی برکتیں اس قدر ہیں کہ حیران کن طور پر سامنے آتی ہیں۔ گزشتہ شرف مشتری میں طلسم زنگرج مکتبہ روحانیات نے تیار کیا اور پھر ایسے بیکار اور ناکارہ لوگوں کو بھی یہ طلسم دیا گیا جن کے بارے میں یہ خیال کیا جاتا تھا کہ وہ کبھی مال و دولت حاصل نہ کر سکیں گے اور کبھی کوئی کاروبار بہتر طور پر بھی نہ چلا سکیں گے اللہ تعالیٰ کی قدرت پہ قربان جائیں۔ کہ آج وہی لوگ مالی طور پر نہایت مستحکم ہیں جو کہ کبھی کنگلے اور بیکار کہلاتے تھے۔ طلسم زنگرج کی برکت ہے کہ اس طلسم کو پاس رکھنے کے بعد کوئی ورد وظیفہ نہیں پڑھنا پڑتا اور اس طلسم کا اثر تمام انسانوں پر یکساں ہوتا ہے یعنی کے مسلم و غیر مسلم حضرات دونوں ہی اللہ کی اس نایاب نعمت سے مکمل فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ اب اُن تمام دوستوں کے لئے ایک بار پھر یہ طلسم تیار کیا جا رہا ہے جنہوں نے گزشتہ شرف مشتری گزرنے کے بعد طلسم زنگرج کی خوبیاں اپنے اُن دوستوں سے سُنی جنہوں نے یہ طلسم حاصل کر لیا تھا۔ مگر طلسم زنگرج کی زیادہ طلب ہونے کے باعث مکتبہ روحانیات میں یہ طلسم ختم ہو چکے تھے اب 12 سال بعد یہ موقع آیا ہے کہ عزت' مال' دولت' خوشحالی' انعامی اسکیم میں جیت کا حصول کا طلسم تیار کیا جا سکے یاد رکھیں طلسم زنگرج صرف مکتبہ روحانیات میں تیار کیا جاتا ہے کیونکہ یہ ایک ایسا خاص طلسم ہے جس میں قوت اور تاثیر پیدا کرنے کیلئے انتہائی محنت درکار ہوتی ہے۔ یہ خاص طلسم مکتبہ روحانیات کے خاص رازوں میں سے ہے جو کہ بزرگوں سے نسل در نسل چلتا آ رہا ہے۔

ھدیہ طلسم زنگرج 4200 روپے

بلڈ پریشر کا خاتمہ

بلڈ پریشر کے خاتمہ کیلئے ادارہ روحانیات میں ایک خاص رنگ فٹکر (چھلا) تیار کی گئی ہے۔ جس کے استعمال سے بلڈ پریشر فوری ختم ہو جاتا ہے اور تاحیات یہ مرض دوبارہ نہیں پیدا ہوتا۔

ھدیہ 500 روپے

لوح ہمزاد

بدقسمتی اور سیارگان کی گردش کی وجہ سے آپ کے ہر کام میں رکاوٹ ہو بنا بنایا کام عین وقت پر بگڑ جاتا ہو یا آپ اپنے آپ کو دُنیا کا بدقسمت ترین شخص تصور کرتے ہوں۔ مقدمہ بازی کی وجہ سے پریشان ہیں یا دشمنوں کے غلبہ کی وجہ سے زبان نہیں کھول سکتے۔ گھر میں بیماریاں ہیں یا آسیب یا تعویزات کے اثرات کاروباری بندش ہے یا بے برکتی یا پھر بے روزگاری کا شکار ہیں۔ قرض ادا نہ ہوتا ہو یا گھر میں لڑائی جھگڑا اس قدر ہو کہ گھر جنت کی بجائے جہنم لگتا ہو۔ نکاح کی بندش ہو یا کسی بھی قسم کے جادو کے اثرات ہوں" **لوح ہمزاد**" ہو اگر پاس رکھنے سے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے آپ کا ہمزاد حاضر ہو کر آپکے کاموں میں غیبی طور پر مدد کر رہا ہوتا ہے یہ غیبی طاقت اس لوح کے پاس رکھنے کی وجہ سے حیرت انگیز طور پر آپ کی راہنمائی کرتی ہے اور وہ مسائل یا پریشانیاں جو آپ کو دیمک کی طرح چاٹ رہی تھیں ختم ہو جاتی ہیں۔ اس لوح کے اثرات کبھی ضائع نہیں ہوتے۔ پرائز بانڈ کے نمبروں کے شائقین حضرات کے لئے یہ ایک لاجواب تحفہ ہے۔ جس کے ذریعے اُن کا ہمزاد غیبی طور پر نمبروں کے بتانے کے سلسلہ میں اُن کی مدد کرتا ہے یہ ایک معجزاتی لوح ہے۔ لوح ہمزاد ہمارا خاندانی صدیوں پرانا عمل ہے اس کرشماتی معجزہ کو آزمانے کے لئے اپنی مشکلات مفصل طور پر لکھیں اور لوح کا ہدیہ **4200** روپے منی آرڈر کریں۔

نگینہ حاضرات

عملیات کی دُنیا میں بہت سے لوگوں کی خواہش ہوتی ہے کہ اُن کے پاس کوئی مضبوط حاضرات ہو جو کہ اُن کے سوال کا 100 فیصد جواب دے سکے اس کے علاوہ مشکل امور میں مدد کر سکے نگینہ حاضرات کی مدد سے 100 فیصد حاضرات ظہور میں آتی ہیں جو کہ عامل کی ہر بات کا جواب دیتی ہیں۔ عزت' مال' دولت' شہرت' تسخیر محبوب' دفع بیماری' بے اولادی کا خاتمہ' اور اس کے علاوہ آپ کی ہر جائز خواہش کے مطابق اللہ کے حکم سے اسباب پیدا کر دیتی ہیں۔ یہ نگینہ آپکی کامیاب زندگی کی علامت ہے اور بہت مشکلات میں آپ کے لئے آسانیاں پیدا کرتا ہے۔ جس کا آپ کے پاس ہونا لازمی ہے۔

ھدیہ نگینہ حاضرات 4200 روپے

مجرب حاضرات

تحریر
خضر عباس پیاسی
(راجن پور)

قارئین تحفہ روحانیات کیلئے اس بار بھی ہمیشہ کی طرح نایاب حاضرات کے ساتھ حاضر خدمت ہوں اُمید کرتا ہوں کہ آپ سب پہلے کی طرح میری حوصلہ افزائی فرمائیں گے۔ جن قارئین کے خطوط مجھے موصول ہوئے تقریباً اُن تمام کے سوالات کا جواب دے چکا ہوں پھر بھی اگر کسی قاری کو کچھ پوچھنا ہو تو وہ ادارہ کے ایڈریس پر جوابی لفافہ ارسال کر کے پوچھ سکتا ہے۔

حاضرات اسم الٰہی "الولیُ"

آپ اس حاضرات کو اپنے نام معہ والدہ کے اعداد کے مطابق روزانہ ایک جگہ اور ایک وقت پڑھیں بعد عمل نقش پر دم کر لیا کریں یہ حاضرات ۴۰ یوم کی ہے۔ یعنی آپ ۴۰ یوم تک اس حاضرات کے عمل کو روزانہ ایک جگہ پر وقتِ مقررہ پر پڑھیں بعد عمل کسی بھی بچے یا بچی کو بٹھا کے نقش اس کے ہاتھ میں دیں آپ عمل پڑھیں چند لمحوں میں حاضرات کو نزول شروع ہو جائے گا۔



حاضرات کا عمل ذیل میں ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اجب یا ازمائیل حاضر کرو حاضرات ۔ حاضر کرو حاضرات بحرمت بحق یا الولیُ بحرمت لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ

حاضرات اسم الٰہی "التوابُ"

آپ اس حاضرات کا اپنے نام معہ والدہ کے اعداد کے مطابق روزانہ ایک ہی جگہ اور ایک وقت پر پڑھیں بعد عمل نقش پر دم کر لیا کریں۔ یہ حاضرات

حاضرات اسم الٰہی "المتعالی"

یہ حاضرات اسم الٰہی المتعالی ان خواتین وحضرات کے لئے مفید ثابت ہوگی جو محنت، طلب اور صبر سے کام لیتے ہیں عروج ماہ میں پیر کے دن سے حاضرات کا عمل پڑھنا شروع کریں اس حاضرات کے عمل کو آپ اپنے نام مع والدہ کے اعداد کے مطابق یا پھر کم از کم ۵۵۱ مرتبہ پڑھیں۔ بعد عمل ذیل کے حاضرات نقش پر دم کریں۔ یہ عمل ۴۰ روز کا ہے ۴۰ روز بعد نابالغ بچے یا بچی پر بذریعہ نقش حاضرات کریں انشاء اللہ حاضرات کا نزول ہوگا۔ حاضری حاضرات پر اپنے مقصد پر اپنے مقصد کے مطابق سوالات کریں ہذا اسم الٰہی کا مؤکل ۱۰۰ فیصد درست جواب دے گا۔

بحق سلیمان بن داود علیہ السلام

۷۸۶

بحق یا بدوح یا بدوح یابدوح	۲۳	۱۸	۲۵	بحق یا بدوح یا بدوح یابدوح
	۲۴		۲۰	
	۱۹	۲۶	۲۱	

و ۲۰ بدوح ۲۰

اَجب یا انثائیل بِحَق یا المتعالی

حاضرات کا عمل ذیل میں ہے۔ **اَجب یا انثائیل بحق سلیمان بن دائود علیہ السلام بحق یا بدوح یا بدوح حاضر کر حاضرات دھائی پنجتن پاک المدد یا المتعالی**

۴۰ یوم کی ہے۔ یعنی آپ ۴۰ یوم تک اس حاضرات کے عمل کو روزانہ ایک جگہ پر وقتِ مقررہ پر پڑھیں بعد عمل کسی بھی بچے یا بچی کو بٹھا کے نقش اس کے ہاتھ میں دیں آپ عمل پڑھیں چند لمحوں میں حاضرات کو نزول شروع ہو جائیگا۔



حاضرات کا عمل ذیل میں ہے۔ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم احب یا طنائیل حاضر کرو حاضرات ۔ حاضر کرو حاضرات بحرمت بحق یا التواب بحرمت لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ**

حاضرات اسم الٰہی "المنعم"

آپ اس حاضرات کا اپنے نام معہ والدہ کے اعداد کے مطابق روزانہ ایک ہی جگہ اور ایک وقت پر پڑھیں بعد عمل نقش پر دم کر لیا کریں۔ یہ حاضرات ۴۰ یوم کی ہے۔ یعنی آپ ۴۰ یوم تک اس حاضرات کے عمل کو روزانہ ایک جگہ پر وقتِ مقررہ پر پڑھیں بعد عمل کسی بھی بچے یا بچی کو بٹھا کے نقش اس کے ہاتھ میں دیں آپ عمل پڑھیں چند لمحوں میں حاضرات کو نزول شروع ہو جائیگا۔



حاضرات کا عمل ذیل میں ہے۔ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم احب یا رائیل حاضر کرو حاضرات ۔ حاضر کرو حاضرات بحرمت بحق یا المنعم بحرمت لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ**

موکل حاضرات "دلشغائیل"

موکل دلشغائیل کی حاضری کے لئے عروج ماہ میں پیر کے دن سے روزانہ بعد نماز تہجد اپنے نام کے اعداد کے مطابق سورۃ پڑھیں۔ ہر مرتبہ بعد سورۃ ۷ مرتبہ عمل حاضرات پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد موکل ھذا کی حاضری ہوگی ڈرنے کی کوئی ضرورت نہیں آپ کو کچھ نہیں کہے گا۔ یہ موکل ان لوگوں کو نقصان پہنچاتا ہے جن کے دلوں میں کھوٹ ہو۔ بعد چلہ حاضرات کریں حاضرات کا نزول ہوگا حاضری ہونے کے شرائط طے کریں اور ہمیشہ اس کی پابندی کریں۔



عمل حاضرات:۔ عزمت علیکم بحرمت بحق یا دلشغائیل حاضر کرو حاضرات بحق سورت العادیات بحق سلیمان بن دائود علیہ السلام الوحا (۳ بار) العجل (۳ بار) الساعۃ (۳) بار

یہ موکل صرف اور صرف وہی خواتین و حضرات حاضر کر سکتے ہیں۔ جو طلب، صبر اور محنت سے کام لیں۔ اگر دوسرے افراد سے حاضر کرنا چاہیں گے تو انہیں بہت مشکل پیش ہوگی۔ لہٰذا طلب، محنت اور صبر کا دامن ہرگز ہرگز نہ چھوڑیں۔ ان اعمال کو کرنے سے قبل قواعد اعمال حاضرات کا مکمل خیال رکھیں، بابا صدف انبالوی نے عرصہ قبل مضمون تحریر فرمایا تھا یہ کیسی حاضرات ہے جس میں بتایا گیا تھا کہ جس کو حاضرات دیکھانا ہو اس کو کسی طرح بھی ہپناٹائز نہ کیا جائے۔ اس قسم کی حاضرات ناقص ہوتی ہے یعنی کہ یہ حاضرات نہیں ہوتی

لہسن Garlic

سبزیوں کی افادیت

تحریر:۔ عرفان ہاشمی (ایبٹ آباد)

آلو کا تعلق ان سبزیوں کے گروہ سے ہے جس کی جڑیں بطور غذا استعمال میں لائی جاتی ہیں اکثر لوگ یہ خیال کر کے آلو کا زیادہ استعمال کرتے ہیں کہ سستی ترکاری ہے۔ اس میں نشاستہ زیادہ ہوتا ہے اسے ضرور کھانا چاہئے۔ جب کہ اکثر لوگوں کو یہ علم نہیں ہے کہ آلو میں وٹامن اور معدنی نمکیات کا اچھا خاصا ذخیرہ بھی ہوتا ہے۔ کچھ لوگ یہ سوچ کر آلو نہیں کھاتے کہ آلو کھاتے رہنے سے وہ موٹے ہو جائیں گے۔ ان کا یہ خیال بھی درست نہیں ہے کیونکہ آلو میں چربی یا چکنائی نام کو بھی نہیں ہوتی البتہ ان میں لوہا اور کیلشیم بہت زیادہ ہوتا ہے۔ لہٰذا ضروری ہے کہ یہ دونوں چیزیں حاصل کرنے کے لئے آلو کھایا جائے۔ آلو میں پائی جانے والے پروٹین اس کی غذائی قدر و قیمت بڑھا دیتی ہے۔ آلو ہمیشہ چھلکوں سمیت استعمال کرنے چاہئیں کیونکہ اس کے چھلکے میں بھی معدنی اجزاء کثرت سے پائے جاتے ہیں۔ جو چھیل کر پکانے سے ضائع چلے جاتے ہیں آلو پانی کی بجائے بھاپ یا تنور کے اندر رکھ کر پکانے چاہئیں۔ ابلے ہوئے آلوؤں کا اوپر کا باریک چھلکا اگر اتر دیا جائے تو ان کی غذائیت میں چنداں فرق نہیں پڑتا۔ اگر آلو پانی میں ابالنا مقصود ہوں تو دیگچی میں پہلے ٹھنڈا پانی ڈال کر اسمیں آلو ڈال دیں پھر تیز آگ پر کچھ دیر ابلنے دیں۔ پھر آگ کم کر دیں تا کہ آلو بھاپ میں ابلتے رہیں۔ پانی یا بھاپ پر پکانے سے بہتر طریقہ نتائج کرنے کا ہے۔ آلو کو دم پخت کرنے میں اس کے قیمتی غذائی اجزاء ضائع نہیں ہوتے۔ آلو ایسی مقبول سبزی ہے جو دنیا بھر میں سب سے زیادہ استعمال کی جاتی ہے۔ اس بات کا اس طرح اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ امریکہ جیسے بڑے ملک میں آلو کی پیداوار 32 کروڑ من سالانہ ہے یعنی ہر امریکی سال بھر میں 96 سیر (تقریباً اڑھائی من) آلو کھاتا ہے۔ آلو کا اصلی وطن جنوبی امریکہ ہے جہاں یہ نامعلوم زمانے سے کاشت کیا جا رہا ہے۔ براعظم یورپ میں آلو کو سولہویں صدی میں متعارف کرایا گیا ہے۔ تقریباً سو سال تک یورپ میں اسے مضر صحت چیز پر خیال کیا جاتا رہا ہے۔ اس کی غذائی صلاحیت کا علم 1771ء میں ہوا اسی سال اسے تحفے کے طور پر فرانس بھجوایا گیا تا کہ اسے قحط کے دنوں میں گندم کی بجائے استعمال کیا جا سکے۔ آئر لینڈ کے تارکین وطن 1719ء میں اپنے ساتھ ریاست ہائے متحدہ امریکہ لے گئے۔ آلو کی کاشت برصغیر میں سترہویں صدی عیسوی میں شروع کی گئی۔ جبکہ مشینریوں کے ذریعے انیسویں صدی میں آلو مشرقی افریقہ میں متعارف کرایا۔ آج یہ عالم ہے کہ دنیا بھر میں پیدا ہونے والی فصلات میں آلو سرفہرست ہے۔

آلو غذائی اہمیت: ۔ آلو کی غذائی اہمیت دیگر تمام سبزیوں کے مقابلے میں بہت زیادہ ہے۔ آلو میں پایا جانے والا سب سے بڑا اجزو سٹارچ ہے۔ اس اعلیٰ درجہ کی صلاحیت رکھنے والی پروٹین کی مقدار کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ یہ سوڈا، پوٹاش، وٹامن اے اور وٹامن بی کا اچھا ذریعہ ہے۔ آلو کی غذائی اہمیت کا اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ: ڈاکٹر ہنڈیڈ جو ڈنمارک کے چیف ہیلتھ آفیسر ہیں، زندگی بھر آلو پر تجربے ہی کرتے رہے ہیں۔ آخر وہ یہ ثابت کرنے میں کامیاب ہو ہی گئے کہ آلو میں نہایت مقوی اجزاء پائے جاتے ہیں کہ انسان صرف آلو کھا کر تندرست و توانا رہ سکتا ہے۔ آلو کھانے والے انسان میں ہر وہ خوبی موجود ہوتی ہے جو دوسری اچھی سے اچھی غذا استعمال کرنے والے شخص میں ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پہلی جنگ عظیم میں ڈنمارک کے چیف ہیلتھ آفیسر کے مشورے سے حکومت نے اپنے استعمال کا سارا گوشت حکومت جرمنی کو فروخت کر دیا اور اپنی عوام کو بطور غذا استعمال کرنے کے لئے آلو پر لگا لیا۔ اس انوکھے تجربہ سے ڈنمارک کے عوام کے طاقت، صحت، عقل و دانش پر کوئی برا اثر مرتب نہ ہوا۔ اس کامیاب تجربے کے بعد ڈنمارک کے عوام نے ڈاکٹر ہنڈیڈ کو ڈاکٹر پوٹیٹو کہنا شروع کر دیا۔ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ 1912ء سے پہلے کسی سائنس دان یا ڈاکٹر نے پتہ نہیں لگایا تھا کہ آلو بھی بہترین غذا کا کام دے سکتے ہیں۔ یہ کام ڈاکٹر ہنڈیڈ اور ان کے ایک دوست نے جنوری 1912ء میں تجربہ کر کے ثابت کر دیا کہ آلو کھانے سے انسان کی صحت طاقت پر کوئی برا اثر مرتب نہیں ہوتا۔ آلو صرف عمدہ غذا ہی نہیں بلکہ بہترین دوا بھی ہے۔ اس کے استعمال سے یورک ایسڈ کی تیزی میں کمی آ جاتی ہے۔ بطور غذا استعمال کرنے کے جس پانی میں آلو ابالے جائیں تو وہ پانی ضائع نہیں کرنا چاہئے۔ کیونکہ اس پانی میں زیادہ مقدار میں وٹامن اور کھار ہوتے ہیں۔ دوسری بار بھی اسی پانی میں آلو ابالیں۔ اگر آلو دھو کر صاف کر کے ابالے جائیں تو اس پانی کو بطور سوپ استعمال کر لینا چاہئے آلو کو چھلکے سمیت ابال کر چھلکے سمیت کھا لینا چاہئے۔ اس طرح کرنے سے آپ نہ صرف آلو کے تمام غذائی فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔ بلکہ ایسا کرنے سے یہ آنتوں سے چمٹے ہوئے فضلے کو بھی خارج کرنے میں مدد کرتا ہے۔ کچھ لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ آلو دیر سے ہضم ہونے اور ریاح پیدا کرنے والی سبزی ہے لیکن ماہرین کا کہنا ہے کہ ان لوگوں کا خیال غلط ہے کیونکہ آلو جلد ہضم ہونے والی شے ہے۔ یہ ریاح پیدا نہیں کرتا بلکہ ریاح کو دور کرتا ہے۔ ریاح خواہ کسی قسم کی ہو وہ ختم ہو جاتی ہے۔ آلو کے ساتھ چاول استعمال نہیں کرنے چاہئیں۔ ایسا کرنے سے غذا میں تیزابیت بڑھ جاتی ہے اور ایسے اجزاء پیدا ہو جاتے ہیں جو صحت مند بنانے کی بجائے بیماری پیدا کرنے کا سبب بن جاتے ہیں۔ بازار کا دودھ پینے والے بچوں کے جب

سنگترہ کا رس میسر نہ ہو رہا ہو تو انہیں آلو کا سوپ دیا جا سکتا ہے۔ ذرا بڑے بچوں کو بھوبھل میں بھون کر آلو کھلاتے رہنے سے ان کی نشوونما خوب ہوتی ہے۔

قدرتی فائدے اور شفا بخش اجزاء :۔ آلو میں بہت زیادہ طبی خاصیتیں پائی جاتی ہیں۔ یہ ایسی غذا ہے جس میں دوسرے غذاؤں کے مقابلے میں زیادہ الکلی (کھار) کے اثرات پائے جاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جسم میں الکلی (کھار) کو جمع کئے رکھتی ہے۔ تیزابیت کو بڑھنے نہیں دیتی۔ چونے اور یورک ایسڈ کو حل کر کے خارج کرتی ہے۔ آلو ایسی مفید غذا ہے جو انتڑیوں میں غذائی مراحل تخمیر میں مدد کرنے کے ساتھ ساتھ اعضائے ہضم میں دوست بیکٹیریا کی نشوونما میں معاونت کرتی ہے۔ فربہ اندام لوگوں کو آلو کم استعمال کرنا چاہئے کیونکہ آلو کے استعمال سے موٹاپا بڑھ جاتا ہے۔ جو لوگ جنسی امراض کا شکار ہوں، ان کو بھی آلو سے پرہیز کرنا چاہئے۔ آلو میں پایا جانے والا الکلائیڈ ناکسن سولانین کا اثر جنسی اعضاء کے اعصاب پر اچھا مرتب نہیں ہوتا۔ سبز رنگ کے آلو میں سولانین زہر ہوتا ہے۔ اگر سبز آلو کو گوشت کے ساتھ پکایا جائے تو سولانین زہر کی شدت بڑھ جاتی ہے۔ گوشت ہضم نہ ہونے اور یورک ایسڈ کی موجودگی میں جنسی اعضاء میں خراش پیدا کرنے کا باعث بن جاتا ہے۔ آلو ایسی غذائی چیز ہے جو کئی بیماریوں کا کامیاب علاج خیال کی جاتی ہے۔ جیسے گردے کی پتھری، انتڑیوں میں زہریلا پن، مرض استسقاء، پرانی قبض اور یورک ایسڈ سے پیدا ہونے والی بیماریوں وغیرہ اگر آلو پر مشتمل غذا کو لمبے عرصہ تک استعمال کیا جاتا رہے تو بہتر نتیجہ نکلتا ہے۔ آلو سکروی کے مرض کا عمدہ علاج بالغذا ہے۔ ماہرین کے مطابق یورپ میں سکروی کے مرض میں کمی کا سبب آلو کا زیادہ استعمال ہے جن دنوں آلو کو فصل اچھی نہ ہو یا تباہ ہو جائے۔ ان دنوں سکروی کا مرض بڑھ جاتا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آلو میں ایسے اجزاء موجود ہیں جو سکروی کے مرض کا خاتمہ کرتے ہیں۔ یورپ کے معالج آلو کی کریم سکروی کے علاج کیلئے استعمال کرنے کا مشورہ دیتے ہیں۔ تازہ آلو کو کدوش کرنے نچوڑ کر جوس نکالیں۔ اس جوس کے دو چمچے کھانا کھانے سے بیشتر پی لینے سے جسم میں موجود یورک ایسڈ ختم ہو جاتا ہے۔ جو گنٹھیا کے مرض کی شدت کم کرتا ہے۔ انگلینڈ کے دیہات میں رہنے والے باشندے اس دور جدید میں بھی آلو اپنی جیب میں رکھتے ہیں ان دیہاتیوں کا یہ خیال ہے کہ جیب میں موجود آلو از خود جسم میں تیزابیت خذب کر لیتا ہے۔ کچھ دنوں کے بعد پرانے آلو کو نئے آلو سے بدل لیتے ہیں۔ آلو کے چھلکے میں اہم معدنی نمک پائے جاتے ہیں۔ اگر چھلکے کو ابال کر پانی چھان کر گنٹھیا کا مریض پیتا رہے تو اس کے جسم کی تیزابیت کم ہونے سے گنٹھیا کا مرض ختم ہو جاتا ہے۔ سرخ آلو کو جوس معدے کے السر کا عمدہ علاج ہے اور کچے آلو کا جوس معدے اور انتڑیوں کی باقاعدگیوں میں استعمال کرتے رہنا مفید ثابت ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ آلو کا جوس معدے کے ورم کو بھی ٹھیک کر دیتا ہے۔ اس مقصد کیلئے آدھا کپ جوس دن میں تین بار کھانا کھانے سے تقریباً آدھا گھنٹہ پہلے پینا فائدہ پہنچاتا ہے آلو کا نشاستہ غذائی نالیوں کے امراض اور زہریلے پن کی وجہ سے ہونے والے سوجن کو ختم کرتا ہے۔ کچے آلو کا جوس جلد کے داغ دھبے دور کرنے کی آزمودہ دوا ہے۔ اس کی تاثیر مصفی ہے جس کی وجہ پوٹاشیم، سلفر فاسفورس اور کلورین ہے۔ جو آلو کے جوس میں پائی جاتی ہے۔ جوس کی یہ تاثیر اسی وقت تک قائم رہتی ہے جب تک یہ کچی حالت میں رہتا ہے جونہی اسے آگ پر پکایا جاتا ہے اس کی تاثیر ختم ہو جاتی ہے کیونکہ اس کے نامیاتی جوہر آگ پر گرم ہونے غیر نامیاتی جوہروں میں بدل جاتے ہیں۔ عمر زیادہ ہو جانے کے باعث چہرے اور جسم پر داغ دھبے پڑ جاتے ہیں اور جھریاں پڑ جاتی ہیں۔ اگر کچے آلو کو کچل کر رس دار گودے کو پلٹس بنا کر جلد پر لگائیں تو جھریاں اور داغ دھبے صاف ہو جاتے ہیں۔ جسم کے جھریوں اور داغ دھبے والے حصوں پر آلو کو رات سونے سے پہلے رگڑ سے بھی جھریاں ختم ہو جاتی ہیں۔ جلد نکھراتی ہے۔ دھبے صاف ہو جاتے ہیں یورپ کے ایک نومور ڈاکٹر کا کہنا ہے کہ آلو کو بطور غذا مسلسل کئی ماہ تک جاری رکھا جائے تو گردے کی پتھری خود بخود ٹوٹ کر نکل جاتی ہے۔ آلو ایسی عمدہ غذا ہے جو دائمہ قبض، جگر کے نقائص، درد رخ، جلودھر، انتڑیوں کی سڑ اند اور درد گردہ کے امراض میں بہت ہی مفید ہے۔ بشرطیکہ صرف آلو کو غذا کے طور پر کئی ماہ تک استعمال کیا جائے۔ اسی طرح صرف آلو کی خوراک پتھری کو بہت جلد کم کر دیتی ہے۔ بشرطیکہ اس کے تین چار لیٹر پانی روزانہ پیا جائے۔ کچے آلو کے گودے میں انزائمز وٹامن سی اور قدرتی نشاستے کے ساتھ مل کر جلد کو ایسی غذا مہیا کرتے ہیں جو جلد کے تمام خلیوں کو تندرست بنا دیتی ہے۔ اس کے علاوہ آلو کو الکلائین والی رطوبتیں جراثیم کش فعل سرانجام دیتے ہوئے انسانی جلد کو جواں سال بنانے میں مدد دیتی ہے۔ اگر جلد انحطاط کا شکار ہو رہی ہو تو آلو کے تیزابی مادے سے سنبھل جاتی ہے۔ کچے آلو کا جوس اتنا ابالیں کہ اس کا پانچواں حصہ بخارات بن کر اڑ جائے باقی ماندہ جوس میں تھوڑی سی گلیسرین ملا کر بیرونی طور پر لگانے سوجن جوڑوں اور پٹھوں کی بے قاعدگی کی حالت میں سدھار آ جاتا ہے۔ زیادہ بہتر نتیجہ حاصل کرنے کیلئے متاثر حصے کو سینگ کر کے جوس کو مالش کی دوا کے طور پر لگائیں ہر تین گھنٹے بعد مالش کرتے رہنے سے درد اور سوجن سے نجات حاصل ہو جاتی ہے۔ جوس میں گلیسرین وجہ سے شامل کی جاتی ہے۔

برج حمل

برج حمل 21 مارچ تا 20 اپریل، سیارہ مریخ
حروف۔ ا، ل، ع، ی۔ پتھر، مرجان۔ مبارک دن، منگل
مبارک رنگ، سرخ۔ موافق دھات، لوہا، تانبہ
لکی عدد 9۔ اسم اعظم، یا محیط 140 بار
سعد تاریخیں 27,23,19,15,14,9
نحس تاریخیں 25,12,4
لکی نمبرز 77,09,63,71

(یکم تا 8) یہ ہفتہ آپ کیلئے اہم ثابت ہوسکتا ہے کیونکہ سیارہ مریخ جو کہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ ہے 04 جون کو خانہ ہبوط میں داخل ہورہا ہے بہت احتیاط سے وقت گزارنا ہوگا۔ اس برج میں اس کا قیام 20 جولائی تک ہے۔ نقصان کا اندیشہ ہے صدقات مسلسل دیتے رہیں۔ اونچائی سے گر کر جسمانی نقصان ہوسکتا ہے۔ پانی والی جگہ سے بھی پھسل سکتے ہیں بہتر ہوگا کہ اس دوران ندی دریا سمندر تالاب پانی کے نزدیک جانے سے گریز کریں۔

(9 تا 16) خواہشمند افراد کو حسب خواہش ملازمت ملنے کا امکان ہے۔ شریک حیات اور بچوں کی صحت کا خاص خیال رکھیں۔ تعلیمی مقاصد میں بھی ترقی کرسکیں گے۔ سفر کرنا بہتر رہے گا۔ عزیز و اقارب سے مراسم خوشگوار ہونے کی توقع ہے۔ آپ زندگی میں نئی راہیں تلاش کرنے میں سرگرم عمل رہیں گے کوئی خوشخبری سن سکیں گے اس ماہ کی چھٹیوں میں کسی تاریخی مقامات کی سیر کرسکیں گے۔ کوئی دیرینہ خواہش پوری ہوسکے گی۔

(17 تا 25) گھریلو آرائش و تزئین کرسکیں گے خواہشمند افراد کی شادی خانہ آبادی طے پائے گی اور بعض افراد کی بات چیت نکلے گی اور بے روزگار افراد کی کوششیں بر آئیں گی۔ کسی سماجی تقریبات سے لفظ اندوز ہوسکیں گے دوست واحباب کا تعاون حاصل رہے گا۔ گھریلو امور میں مصروفیت کے بڑھنے کا امکان ہے۔ گھریلو خواتین ملازمین کو نظر میں رکھیں اور زیادہ بھروسہ نہ کریں۔ اس ہفتہ گھر کو خوبصورت بنانے کا پروگرام پر عمل کرسکیں گے۔

(26 تا 31) ان ایام میں عطارد قران مریخ قائم ہورہا ہے جس کے قوی اثرات 28 تا 31 جون ظاہر ہونگے یہ نظر آپ کے لئے فائدہ مند ہو سکتی ہے۔ اپنے رکے ہوئے کاموں کو نکال سکتے ہیں۔ مقصد کی تکمیل ہوسکتی ہے اعتبار کرنا اچھی عادت ہے لیکن یاد رکھیں سیاروں کی نظر بتا رہی ہے کہ اس وقت اعتبار نہ کرنا سب سے اچھی عادت ہے۔ سیر و تفریح کا پروگرام بنا لیں طالب علم اس ماہ خاص توجہ دیں ورنہ اچھی خبر سننے کو نہ ملے گی۔

برج ثور

برج ثور 21 اپریل تا 20 مئی، سیارہ زہرہ
حروف۔ ب، و۔ پتھر، الماس۔ مبارک دن، جمعہ
مبارک رنگ، نیلا۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 6۔ اسم اعظم، یا وھاب 101 بار
سعد تاریخیں 28,19,14,9,3
نحس تاریخیں 31,17
لکی نمبرز 87,43,51,92

(یکم تا 8) زائچہ کے دیگر سیارگان سعد حالت میں ہیں لہذا آپ کا ہفتہ بہتر ہی بسر ہوگا اس 8 تاریخ کے بعد صحت کے بگڑنے کا احتمال ہے لہذا نقل و حرکت کی زیادتی سے گریز کریں۔ اور خوراک کے استعمال میں پرہیز لازم ہے۔ ان ایام میں شریک حیات کی صحت کی حفاظت لازمی ہے۔ کاروباری امور کی انجام دہی احتیاط کی طالب ہے نئے کاروبار میں ہاتھ ڈالنے سے گریز کریں ورنہ سوائے نقصان کے کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ صدقہ دینے کا اہتمام کریں۔

(9 تا 16) دوست احباب میں اضافہ ہوگا نئے چہروں سے شناسائی پیدا ہو گی۔ اس ہفتہ سیارگان کچھ سعد حالت میں ہیں لہذا آپ کا یہ ہفتہ ملے جلے حالات میں بہتر ہوگا۔ گھریلو مسائل میں غیر ضروری دخل اندازی سے گریز کریں اور نہ ہی دوسروں کو اس کا موقعہ دیں ورنہ پریشانیوں کے سوا کچھ ہاتھ نہ آئے گا۔ مالی فوائد بھی ملیں گے لیکن نیا کاروبار کرنا فائدہ مند ہوگا۔ ملازمتی امور کی انجام دہی کے سلسلے میں ماتحتوں پر اعتبار کرلینا نقصان دہ رہیگا۔

(17 تا 25) اس ہفتہ خانگی امور احتیاط کے طالب ہیں اندرون خانہ ہر طرح سے خیر و عافیت رہے گی قرضدار کا قرض صالح نیت کے باوجود ادا نہ ہوسکے گا۔ اس ہفتہ کی 17 اور 21 تاریخیں نحس ہیں۔ آپ کی اپنی صحت جسمانی ناقص رہنے کا احتمال ہے۔ ایک تعلق کسی خفیہ کمزوری کو منظر عام پر لائے گا یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ برج سے متعلق تمام سیارے چاہئے وہ موافق ہوں یا غیر موافق آپ کی اپنی قوت ارادی ہمیشہ رد بدل رہے گی۔ اس ہفتہ کا لکی عدد 82 ہے۔ صدقہ کا اہتمام لازمی کریں۔

(26 تا 31) اس ہفتہ اپنی ذہنی صلاحیتوں کو استعمال کر کے اپنے خوش قسمت یا بدقسمت دونوں قسم کے اثرات کا بخوبی مقابلہ کرسکیں گے۔ ذاتی تعلقات میں اہم تبدیلیاں آئے گی۔ پرانی دوستیاں شراکتیں یا قریبی تعلقات جن میں انتشار چلا آرہا ہے ختم ہوجائے گا جس سے نئے تعلقات کا آغاز کیا جاسکے گا لیکن یہ یاد رکھیں اس بیچ اپنے اہل خانہ کو لازمی وقت دیں۔

ملک ٹریڈرز اینڈ جنرل اسپلائر، جنوبی گیٹ لاری اڈا میانوالی ادارہ روحانیات

برج جوزا 21 مئی تا 20 جون، سیارہ عطارد
حروف۔ک، ق۔ پتھر، زمرد۔ مبارک دن، بدھ
مبارک رنگ، زرد، سرخی مائل۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 5۔ اسم اعظم، یا رزاق 308 بار
سعد تاریخیں 31,29,27,19,14,93
نحس تاریخیں 23,20,16
لکی نمبرز 11,43,51,24

جوزا

(یکم تا 8) یہ وقت طویل المعیاد مالی معاملات اور ٹھوس بنیادوں پر قائم معاملات مثلاً سرمایہ کاری، بچت کی اسکیموں قرضہ جات اور رہن وغیرہ کیلئے موافق ثابت ہوگا چنانچہ اگر آپ قرض یا امداد کے لئے درخواست دینا چاہتے ہیں تو اس وقت معلومات حاصل کرلیں۔ یورانس کا کام اصول میں تبدیلی لانا ہے۔ رسوم کو ختم کرنا اور حقیقت پسندانہ تبدیلی لانا ہے صلاحیتوں کے ظہور کیلئے نئے اور غیر معمولی طریقے اختیار کرنا ہے۔ یا سوچ کے نئے انداز لاتا ہے۔

(9 تا 16) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر عطارد تثلیث مشتری قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات 11 تا 16 جون رہیں گے یہ نظر اس ہفتہ ایک بڑے فائدہ کی جانب اشارہ دے رہی ہے لیکن اس کے نتیجہ میں آنے والی رقم ضائع نہ کریں یہ بھی ممکن ہے کہ ان دنوں میں کہیں سے مفت کی دولت ہاتھ آجائے۔ غصہ کو قابو میں رکھیں۔ چرب زبانی سے گریز کریں۔ یہ ہفتہ لمبے سفر زیارات اور حج وعمرہ اور بیرون اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کیلئے بہتر ہے۔

(17 تا 25) اس ہفتہ عطارد مقابلہ زحل کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ اخراجات میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ چوری کا بھی اندیشہ ہے۔ نقدی اور سونے کی اشیاء سنبھال کر رکھیں۔ دل کے راز کسی سے بیان نہ کریں بدنامی کا اندیشہ ہے اہم معاہدے تکمیل پاسکتے ہیں۔ ملازمین پر بھروسہ نہ کریں۔ اپنے کاروبار پر جتنا ہوسکے توجہ دیں اگر ذرا سی لاپرواہی کی تو نقصان کا اندیشہ ہے۔

(26 تا 31) ان ایام میں 28 تا 31 جون غیر موافق نظر عطارد قران مریخ کے تحت مشترکہ مالیات، انشورنس، ٹیکس اور ترکہ وغیرہ کی وجہ سے اختلافات یا مقدمہ بازی لاسکتا ہے۔ مذکورہ ایام نحس ہیں اس دوران تحریری معاہدے مثبت انجام کو نہ پہنچ سکیں گے۔ ان ایام میں سوچنے سمجھنے کی صلاحیتوں میں کمی واقع ہوسکتی ہے۔ بیرون ملک سفر اور کاروبار کے مواقع سودمند ثابت نہ ہونگے۔ تسلی بخش نتائج سامنے نہ آئیں گے۔ کام کا دباؤ بڑھ جائے گا۔ ملازمین پر زیادہ اعتماد نقصان کا باعث ہوسکتا ہے۔

برج سرطان 21 جون تا 20 جولائی، سیارہ قمر
حروف۔ح، ہ، ھ۔ پتھر، موتی۔ مبارک دن، سوموار
مبارک رنگ، سفید، ہلکا نیلا۔ موافق دھات، ٹین
لکی عدد 2۔ اسم اعظم، یا جبار 21 بار
سعد تاریخیں 30,27,17,5,1
نحس تاریخ 28,19,14,6
لکی نمبرز 58,19,31,35

سرطان

(یکم تا 8) اس ماہ ایسے افراد جن کا تعلق تجارت سے ہے محتاط رہنا ہوگا جائیداد کی خرید فروخت کیلئے یہ ہفتہ موافق نہ ہے شراکتی کاروبار سے گریز کریں بڑی عمر کے لوگوں سے فائدہ ہوسکتا ہے۔ ماروا ں کی 05 تا 08 تاریخ کسی نقصان کی جانب اشارہ دیتی ہے۔ لہذا محتاط رہ کر حالات کا مقابلہ کریں آپ اپنے آپ کو وقت اور حالات کے مطابق با آسانی تبدیل کرلیتے ہیں آپکی یہی عادت آپکی کامیابی کی دلیل ہے۔ اپنی خواہشات کو فی الوقت ادھورا چھوڑ دیں کیونکہ قمر درعقرب ہے۔

(9 تا 16) اس ہفتہ جسمانی صحت کچھ اچھی نہ ہوگی۔ اپنے بلڈ پریشر کو کنٹرول میں رکھیں کوئی مسئلہ کھڑا ہوسکتا ہے۔ ایسی غذا جن کی تاثیر گرم ہے ان کے استعمال سے گریز کریں۔ کاروباری پوزیشن پہلے کی طرح رہے گی ایک ملازم ہیرا پھیری کی وجہ آپ کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔ اپنا وقار لوگوں پر قائم رکھیں بے مقصد اور بلاوجہ فضول گفتگو سے اس ماہ پرہیز کریں۔ روپے پیسے کے ضائع ہونے کا خدشہ ہے۔ تیز دھار آلات سے احتیاط برتیں چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے۔ کوئی بھی نیا کاروبار اس ماہ شروع نہ کریں۔

(17 تا 25) اس ہفتہ کا آغاز بہتر ہوگا لیکن آخری ایام میں کچھ پریشانیاں آسکتی ہیں کوئی شے گم ہوجانے کا خدشہ ہے جسمانی صحت خراب رہیگی۔ وہ افراد جو کہ طویل سفر کے خواہشمند ہے غیر ممالک میں قیام کرنے کے ارادے سے کوشش کررہے ہیں ان کے کاغذات میں رکاوٹ آسکتی ہے۔

(26 تا 31) ان ایام میں محبت کے معاملات میں اس قدر جذباتی ہونا آپ کیلئے نقصان کا باعث بن سکتا ہے۔ اس ماہ اپنے غصہ کو قابو میں رکھیں تیز دھار آلات اور آگ سے متعلق اشیاء کے استعمال میں نہایت احتیاط برتنا ہوگی۔ ان دنوں اپنی صحت کا خیال رکھیں۔ جذبات کو قابو میں رکھے ورنہ نیک نامی بدنامی میں تبدیل ہوسکتی ہے۔ اپنے برج کے اسم اعظم کا ورد رکھیں اور دفع نحوست سیارگان کو بھی لازمی پڑھا کریں۔ اس ماہ کا لکی عدد 44 ہے۔

برج اسد 24 جولائی تا 22 اگست، سیارہ شمس
حروف۔م۔پتھر، ہیرا، لہسینا۔مبارک دن، اتوار
مبارک رنگ، زرد۔موافق دھات، سونا
لکی عدد 1 اسم اعظم، یا مُھَیمِنُ 115 بار۔یا متکبرُ 108 بار
سعد تاریخیں 30,17,1
نحس تاریخ 28,14,6
لکی نمبرز 21,57,49,61

اسد

(یکم تا 8) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر شمس تسدیس مشتری قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات یکم تا 05 جون رہیں گے اس نظر کے تحت قریبی عزیز آپ کے لئے پریشانیاں کھڑی کر رہے ہیں خصوصاً وہ افراد جن سے آپ کا خوشی رشتہ ہے آپ کو خوشحال نہیں دیکھنا چاہتے ہیں اس ماہ خلاف توقع کوئی رقم ملنے کی امید ہے۔کاروباری حالات بہتر ہونگے۔سرمایہ کاری میں لگے ہوئے روپے سے فائدہ ہوگا۔کاروباری امور کی بہتری کیلئے ان ایام میں قائم ہونے والی شمس مشتری تسدیس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔انعامی اسکیموں سے فائدہ ہوگا۔اس نایاب قوت میں اپنے لئے خاص لوح تیار کروا سکتے ہیں۔

